typological, a. علم انواع سے متعلق ؛ صنفیاتی ۔
typologically, adv. صنفیاتی طور پر ۔
typologist, n. تمثیلیات کا مطالعہ کرنے والا یا ماہر صنفیات ۔
typothetae, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) چھاپنے والوں کی تنظیم ، جیسے چھاپہ کاروں کی انجمن ؛ انجمن طابعین ۔
tyrannical, tyrannic, a. کسی جابر شخص کا ، اس سے متعلق یا اس کے مناسب حال ؛ مطلق العنان ؛ غاصب ؛ مستبد ؛ ظالم ؛ ستمی ؛ قہری ؛ پُرستم ؛ پُر جور ۔
tyrannical, adv. ظلم و جور سے ؛ جوروستم سے ؛ جبرواستبداد کے ساتھ ۔
tyrannicalness, n. استبدادیت ؛ مطلق العنانی ؛ قہرمانیت ۔
tyrannicide, n. قتل جابر ؛ جابر کُش ؛ ظالم کُش ؛ مطلق العنان یا مستبد شخص کا قاتل ۔
tyrannize, v.i. جابرانہ یا مستبدانہ طریقے سے اختیارات استعمال کرنا یا حکم چلانا ؛ ظالم بن کر حکومت کرنا (اکثر over کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (فعل متعدی) ظلم و جور سے حکومت کرنا یا تشدد کا سلوک روا رکھنا ۔
tyrannizer, n. ظالم ؛ جابر ؛ مستبد ۔
tyrannosaur, tyrannosaurus, n. جبری سوسمار ؛ شمالی امریکا کے کھریا دور کا مہیب الجثہ رینگنے والا گوشت خور جانور جو اپنی پچھلی ٹانگوں پر سیدھا چلا کرتا تھا ۔
tyrannous, a. دیکھیے : Tyrannical ۔
tyrannously, adv. جبرسے ، استبداد سے ۔
tyrannousness, n. جبر ؛ استبداد ؛ جوروتعدی ؛ ظلم و ستم ۔
tyranny, n. جور ؛ جبر ؛ استبداد ؛ ظلم ؛ جابرانہ حکومت ؛ کسی ظالم یا غاصب کی حکومت یا عہد جیسا کہ قدیم یونان میں ؛ ریاست جس کا حکمران ظالم ہو ؛ کسی حاکم کی ظالم اور نامنصف حکومت ؛ مطلق العنانی یا اختیارات کا ناجائز استعمال ؛ جوروتشدد کے تحت ظالمانہ عمل یا کارروائی ۔
tyrant, n. جابر ؛ ظالم ؛ مطلق العنان حاکم جیسا کہ قدیم یونان میں دستور تھا کہ غصب کردہ حکومت کا حاکم ظالم و جابر بن جاتا تھا ؛ بادشاہ یا فرماں روا جو اپنے اختیارات کو ظلم و جور یا غیرٗ منصفانہ طور پر استعمال کرے ؛ غاصب ؛ کوئی بھی شخص جو اپنے اختیارات کو مطلق العنانی یا ظلم و جور سے استعمال میں لائے ۔
tyrant fly catcher, n. طیر الجبّار ؛ نیوگنی کی ایک مکھی مار چڑیا ۔
tyre, n. (برطانوی) ٹائر ۔
Tyrian purple, Tyrian dye, n. ارغوانی رنگ ، غالباً گہرا سرخ (قرمزی) جسے قدیم یونانی اور رومی استعمال کیا کرتے تھے ، یہ رنگ شروع شروع میں ٹائر (شہر) کے مقام پر گھونگوں سے تیار کیا گیا تھا ، اب یہ سرخی مائل ارغوانی رنگ کی صورت میں کیمیاوی طریقے سے تیار کیا جاتا ہے ۔
tyro tiro, n. مبتدی ؛ نوآموز ؛ اناڑی ؛ نوسکھ ؛ نو سکھیا ؛ ناتجربہ کار ؛ خام ؛ کچا ۔
tyrocidine, tyrocidin, n. (علم ادویہ) ٹروسیڈین ؛ پیچیدہ قلمی ضدنامیہ (اینٹی بائیوٹک) جسے جرثومہ پیدا کرتا ہے اور جو دوا کے طور پر بکٹیریا سے لگنے والی چھوت کی بیماریوں کے علاج معالجہ میں استعمال کی جاتی ہے ۔
tyrosinase, n. (حیاتی کیمیا) تانبا ملا ہوا ایک عمل انگیز خامرہ جو پودوں اور جانوروں کے خلیوں میں پایا جاتا ہے ، جو مادہ ملونہ (میلانن) کی قدرتی پیدایش میں ٹیروسین کی تکسید کے طور پر کام کرتا ہے ۔
tyrosine, n. (حیاتی کیمیا) عام امینو (amino) تیزاب جو لحمی آب پاشیدگی (پروٹین ہائیڈرولائی سس) سے جدا کیا گیا ہو۔
tzar, tzarina, n. دیکھیے : tzarina – Czar ۔
Tzigane, Tzigany, n. جپسی ؛ ہنگری کا خانہ بدوش ۔ (صفت) (اکثر چھوٹے t سے) ہنگری کے خانہ بدوشوں کا یا ان سے متعلق (جیسے : Tzigane songs) ۔
Tzigany, n. دیکھیے : Tzigane ۔

U

U,u, n. انگریزی حروفِ تہجی کا اکیسواں حرف اور پانچواں حرفِ علّت ؛ اس حرف کی آواز جو بول چال میں استعمال ہوتی ہے ؛ لکھائی چھپائی میں اِس حرف کے نقوش ؛ طباعت کے لیے حرف U یا u کی شکل کا کوئی ترسیمی آلہ ۔ (ضمیر) (بول چال) you کے لیے (جیسے : All U can eat) ۔
U, (کیمیا) یورینیم کی علامت ۔ (ریاضی) علامتِ اتحاد ؛ یونین (union) کا مخفف ۔
Ubangi, n. یوبنگی ؛ وسطی جمہوریۂ افریقہ کی عورت ، جس کا امتیازی نشان چھدے ہوئے لب ہیں ، جن میں پلیٹ نُما لکڑی کے قُرص پرو کر پُھلا دیا جاتا ہے ۔
ubiquitous, ubiquitary, a. حاضر ؛ ایک ہی وقت میں ہر جگہ موجود ؛ سب جگہ پھیلا ہُوا ؛ سارے میں رہنے والا ؛ موجود ؛ ہر جگہ جاری و ساری ؛ سارے میں چھایا ہوا ؛ ہرجائی ؛ جگ حاضر ؛ جگ موجود ؛ ہر جگہ حاضر ؛ ایسا شخص جس کا عقیدہ ہو کہ حضرت عیسیٰ جسمانی طور پر ہر جگہ موجود ہیں ، معتقد حاضریت ؛ حاضریت پسند ۔
ubiquitously, adv. حاضریت کی شان سے ۔
ubiquitousness, n. حاضریت ؛ ہر جگہ موجود ہونے کی حالت/کیفیت ۔
ubiquity, n. ہرجائیت ؛ حاضریت ؛ ہر جگہ موجود ہونے کی استعداد یا حالت ؛ ایک ہی وقت میں بہت سی جگہوں یا ہر جگہ پر موجود ہونے کی کیفیت ۔
ubisupra, adv. [لاطینی] مذکورہ بالا مقام پر ۔ مخفف : u.s ۔
U-boat, n. یُوبَوٹ ؛ ایک جرمن آبدوز ۔
udder, n. حوانہ ؛ کھیری ؛ پستان ؛ تھن ؛ پستانی غدود ، خصوصاً جب کہ وہ بڑا اور پھولا ہُوا ہو اور اُس کے ایک سے زیادہ تھن ہوں جیسا کہ گائے کے ؛ صرع ۔

Ugaritic, a. مُلک شام میں اوگرتی یا اوگرت کے قدیم شہر ، قوم یا زبان کی خصوصیات کا حامل یا اُن کے متعلق ۔ (اسم) اوگرت کے لوگوں کی بولی یا لکھی جانے والی سامی زبان جو عبرانی اور فونیقیہ کی سامی زبان سے ملتی جلتی ہے اور اس سے تعلّق رکھتی ہے ۔

ugh, interj. اوہ ؛ خوف ، جھجک ، کراہت یا نفرت یا اس سے ملتی جلتی کیفیت کا اظہار ؛ اکثر جھرجھری کے ساتھ ۔ (اسم) غراہٹ ؛ کھانسی کی آواز کا اظہار ؛ آخ ۔

uglify, v.t. شکل بگاڑ دینا ؛ بدصورت یا بدنُما کر دینا ؛ بدزیب کرنا ۔

uglification, n. شکل بگاڑنے کا عمل ؛ بدصورت کرنے کا عمل ؛ بد زیب کاری ۔

ugly, a. بھدّا ؛ کریہہ المنظر یا وضع قطع سے ناخوش کرنے والا ؛ احساس جمال کو ناگوار ؛ مکروہ شکل ؛ ناپسندیدہ ، ناخوش گوار یا قابلِ اعتراض (جیسے: ugly duties to perform) ؛ اخلاقًا گھناؤنا ؛ سفلہ ؛ کمینہ ؛ شرمناک یا باعث بدنامی (جیسے: an ugly tale of treachery) ؛ تکلیف دہ (جیسے: an ugly wound) ؛ خطرے یا ضرر کے آثار (جیسے an ugly omen) ؛ کریہہ ؛ بدشکل ؛ بدنما ؛ عیب دار ؛ بھونڈا ؛ بدصورت ؛ بدقوارہ ؛ بدہیئت ؛ بدرنگ ؛ بدقطع؛ کریہہ المنظر ؛ ناگوار ؛ قابلِ نفرت ؛ خطرناک ؛ گندا ؛ بُرا ۔ (بول چال) بدطینت ، جھگڑالو ، بد خو یا بُرا (جیسے: an ugly dispostion) ؛ خراب یا ابتر یا گندا (جیسے : ugly weather) ۔

uglily, adv. بدصورتی سے ؛ بدنمایا معیوب طریقے سے ۔

ugliness, n. بدصورتی ؛ بھونڈا پن ؛ بدنمائی ؛بدہیئتی ؛ مکروہیت ۔

ugly duckling, n. ایک معمولی شکل و صورت یا معمولی ذہانت والا بچّہ جو بڑا ہو کر خوبصورت یا بہت ہر دلعزیز ثابت ہو ؛ یہ تلمیح اینڈرسن کی اسی نام کی کہانی سے لی گئی ہے جو مختصّراً یوں ہے کہ بطخ کے ایک جھول میں جس بچّے کو بدصورت سمجھا جاتا ہے وہی بڑا ہو کر ہنس جیسا خوبصورت نکلتا ہے ۔

Ugrian, Ugric, a. یورانی : کوہستان یورال سے متعلق ؛ ایک نسل یا نسلی گروہ کے بارے میں یا اس سے متعلق جس میں مگیار قوم اور ان کے قرابتی مغربی سائبیریا اور ہنگری کے فینو یورانی باشندے شامل ہیں ؛ ان لوگوں کی زبان کے متعلق ۔ (اسم) یورانی قوموں میں سے کسی ایک قوم کا فرد ۔

uhlan, ulan, n. اوہلن ؛ گُھڑ سوار نیزہ باز ، عموماً سواروں کے ہلکے اسلحہ سے لیس رسالے میں ، جو پہلے پولینڈ کی فوجوں میں نمایاں ہوتے تھے ؛ جرمن افواج کے گُھڑ سوار ۔

unitahite, unitaite, gilsonite, n. سیاہ اسفالٹ کی نہایت خالص قسم جو امریکی ریاست یوتاہ میں پائی جاتی ہے ۔

uitlander, n. اجنبی ؛ غیرمُلکی ، خصوصاً وہ برطانوی جو جنوبی افریقہ کی سابق بوئر ریاستوں میں بس گیا ہو ۔

ukase, n. (سابقًا) رُوسی فرمانِ حکومت خصوصاً روس کے زاروں کے عہد میں جسے قانون کی حیثیت حاصل ہوتی تھی ؛ کوئی حکم یا فرمان جو کوئی حاکم یا عہدہ دار جاری کرے ؛ فرمان شاہی ؛ فرمان ۔

Ukrainian, Little Russian, a. جنوب مغربی یورپی روس کی ریاست یوکرین ، اِس کے باشندوں یا زبان سے متعلق ۔ (اسم) ریاست یوکرین کا مقامی باشندہ یا وہاں بسنے والا ؛ اُس کے باشندوں کی سلاوی زبان ۔

ukulele, uke, n. اوکولیلی ؛ چوتارہ ؛ موسیقی کا ساز جو عموماً چار تاروں کا ہوتا ہے اور گٹار سے مشابہ لیکن جسامت میں اُس سے چھوٹا ۔ نیز (بول چال) اُوکے ۔

ulcer, n. (امراضیات) قرحہ ؛ السر ؛ پھوڑا ؛ ناسور ؛ ایسا ناسور جس کا منہ باہر جلد پر یا جسم کے اندر کسی قدرتی جوف میں ہوتا ہے اور جس کے ساتھ رگیں گل سڑ جاتی ہیں اور عموماً پیپ بھر جاتی ہے ۔ (مجازاً) خراب حالت یا اثر (کھلے ناسور کی طرح) ؛ وبال جان ۔

ulcerate, v.t., v.i. السر زدہ ہونا یا بنانا ۔

ulceration, n. قرحت ؛ تقرُّح ؛ اَلسر زدگی کا عمل یا افزایش یا اَلسر زدگی ؛ اَلسر یا اَلسروں کا مجموعہ ؛ ناسُور زدگی ۔

ulcerative, a. قرحی ؛ السری ؛ السر بننے والا ؛ ناسور زا ؛ قرح خیز ؛ قرح زا ۔

ulcerous, a. مقرح ؛ ناسور یا السر کی خاصیت سے متعلق یا اس بارے میں ؛ السر کی خاصیت والا ؛ السرزدہ ؛ قرح دار ؛ ناسور زدہ ۔

ulcerously, adv. ناسُور کی طرح ؛ السر کی طرح ؛ پھوڑے کی طرح ۔

ulcerousness, n. ناسُور پن ؛ اَلسرپن ؛ قرحیت ۔

ulema, ulama, n. [عربی ، اُردو] علما (عالم کی جمع) ؛ اسلامی عُلوم کے فاضل ، خصوصاً ترکی میں فقہ اسلامی یا علوم دین کے عالم ؛ کسی اسلامی ملک میں ایسے علماء کی مجلس ۔

ullage, n. سیّال کی وہ مقدار جو کسی پیپے یا ڈرم کے پورا بھرنے میں باقی ہو جبکہ یہ کمی سیال کے بہ جانے یا بخارات بن کر اُڑ جانے یا استعمال سے پیدا ہوئی ہو ؛ کسرہ ؛ کمی ؛ چھیج ؛ بھروَت ۔

ulna, n. (تشریح الاعضا) زند ؛ زند اسفل ؛ انسانی بازو کی کُہنی تک کی دو ہڈیوں میں سے وہ ہڈی جو چھنگلیا کی طرف ہوتی ہے ؛ فقاری جانوروں کے اگلے اعضا کی نچلی ہڈی ۔

ulnar, a. زندی ؛ زند اسفل کا ۔

ulotrichous, a. صوف مُو ؛ بھر بھرے یا اون نما گھنگھریالے بالوں والے لوگوں کے متعلق ؛ ایسے بالوں والے (لوگ) ۔

ulotrichy, n. بالوں کا گھونگریالا پن ۔

ulster, n. السٹر ؛ بھاری ، لمبا اور ڈھیلا ڈھالا اورکوٹ ، جس میں پیٹی لگی ہوتی ہے ، اصلاً آئرلینڈ کے علاقے السٹر کے کھردرے اونی کپڑے (فریز) سے بنا ہُوا ۔

ulterior, a. درپردہ ؛ ظاہر میں اور اصل میں اور ؛ جیسے جان بوجھ کر چھپایا گیا ہو ؛ دانستہ چھپایا ہوا (جیسے: ulterior motives) ؛ بعید کا ؛ کچھ اور ہی ؛ پرے یا دور (جیسے: what ulterior action will be taken is uncertain) ؛ آگے کی طرف کا ؛ چُھپا ہوا ۔

ulteriorly, adv. آگے چل کر ؛ بعد میں ؛ آخر میں ۔

ultima, n. کسی لفظ کا آخری رُکن ۔ (صفت) بہت دور کا ؛ آخری ۔

ultimate, a. قطعی ؛ حتمی ؛ مطلق ؛ مختتم ؛ اصلی ؛ آخری ؛ بہت دور کا ؛ انتہائی ؛ کسی سلسلے کا آخری ؛ اختتام پر آنے

والا ، جیسے کسی عمل کے سلسلے میں یا طریقے میں ؛ آخری نتیجے کا ؛ فیصلہ کن (جیسے: an ultimate check to progress) ؛ آخری (مقصد یا نصب العین)(جیسے: his ultimate goal or purpose) ؛ جہاں سے آگے بڑھنا ناممکن ہو مثلاً تفتیش یا تجزیے میں (جیسے: ultimate principles) ؛ بنیادی ؛ اساسی ۔ (اسم) آخری نقطہ ؛ آخری نتیجہ ؛ بنیادی حقیقت یا اصول ۔

ultimately, adv. قطعی طور پر ؛ بُنیادی طور پر ؛ آخری ۔

ultimateness, n. قطعیت ؛ بُنیادیت ؛ آخریت ۔

ultimatum, n. اتمامِ حُجت ؛ حرفِ آخر ؛ آخری انتباہ ؛ الٹی میٹم ؛ کسی جھگڑے میں صلح کے لیے آخری شرائط یا تجاویز جو فریقین میں سے کوئی پیش کرے ؛ سفارتی گفت و شنید میں درمیانی فریق کی آخری تجاویز یا مطالبات جنھیں منظور نہ کرنے سے فریقین میں گفت و شنید منقطع ہو جاتی ہے اور اُس سے سنگین نتائج برآمد ہو سکتے ہیں ۔

ultimo, adv. درماہِ گزشتہ ؛ گزشتہ ماہ کا ؛ پچھلے مہینے سے متعلق ؛ جاری ماہ کے علی الرغم ۔ مخفّف : ult, ulto ۔

ultimogeniture, n. وراثتِ فرزند اصغر ؛ وہ رسم یا رواج یا اُصول جس کی رو سے سب سے چھوٹا لڑکا وارث ہوتا ہے ؛ وراثتِ اصغر ؛ حقِ خُردی ۔

ultra, a. بالا ؛ مروجہ یا معمول کی حد سے آگے ؛ غیر معقول ؛ زیادہ ؛ انتہائی ؛ ماورا ؛ بہت زیادہ ؛ بہت اونچا ؛ بڑا ؛ ازحد ؛ حد سے زیادہ ؛ پرلے درجے کا ؛ خوب ؛ کافی سے زیادہ ؛ ورا ۔ (اسم) وہ شخص جو فیشن ، میل جول یا سیاست وغیرہ میں انتہا کو پہنچ جائے ؛ انتہا پسند ۔

ultracentrifuge, n. تیز مرکز گریزہ ؛ انتہائی تیز رفتار مرکز گریزہ جو لسونتی اور دوسرے محلولوں کے ذرات کو تدریجی کثافت کے ذریعے ان کے سالماتی وزن کے لحاظ سے الگ الگ کرتا ہے ۔ (فعل متعدی) تیز مرکزگریزہ کے ذریعے کثافت بندی کرنا ۔

ultracentrifugal, a. تیز مرکز گریز ؛ انتہائی مرکز گریزی پر مائل ۔

ultracentrifugation, n. تیز یا انتہائی مرکز گریزی ۔

ultraconservative, a. بہت زیادہ قدامت پسند ؛ انتہائی قدامت پسند ۔ (اسم) وہ شخص جو انتہائی قدامت پسند ہو ۔

ultrafiche n. (بصریات) مہین ترین پٹی ؛ دستاویزات کی خُرد فلم جسے معمولی سائز کے ۱/۹۰ تک یا اِس سے بھی کم کر دیا گیا ہو ۔

ultra high frequency, n. (ریڈیو) انتہائی بالا تعدُّد ؛ وہ برقی لہر جس کا دائرہ/وُسعت ۳۰۰ سے ۳۰۰۰ میگا سائیکل فی سیکنڈ ہو ۔ مخفف : UHF ۔

ultrarism, n. انتہا پسندی ؛ اُن لوگوں کے نظریات یا اُصول جو انتہائی اقدام کے حامی ہوں ؛ ایسے نظریات کا اقدام یا اُس کی مثال ۔

ultraist, a., n. انتہا پسند ؛ متشدد ؛ انتہا پسندانہ عقائد رکھنے والا ۔

ultraistic, a. انتہا پسندانہ ؛ متشددانہ ۔

ultramarine, a. ورائے بحر ؛ سمندر کے پار واقع ؛ گہرے نیلے رنگ کا ۔ (اسم) نیلا رنگ جو لاجورد کے سفوف کا ہو ؛ اسی قسم کا نیلا رنگ جو مصنوعی طور پر تیار کیا گیا ہو ؛ بہت سے دوسرے متعلقہ رنگوں میں سے کوئی ؛ گہرا نیلا رنگ ؛ لاجوردی رنگ ۔

ultramicrochemistry, n. انتہائی خُرد کیمیا ؛ علم کیمیا کی وہ شاخ جو اُن مادوں سے متعلق ہو جن کی مقدار ایک مائیکرو گرام یا اُس سے کم ہو ۔

ultramicroscope, n. انتہائی خردبین ؛ ایک ایسا آلہ جو ایسی انتہائی چھوٹی اشیاء کو ، جو عام خردبین سے نہیں دیکھی جا سکتیں ، انکساری اثر کے ذریعے دیکھنے کے قابل کا بنا دیتا ہے ؛ کاسر شعاعی خردبین ۔

ultramicroscopic, ultramicroscopical, a. انتہائی قلیل مقدار میں ؛ عام خرد بین سے نہ دکھائی دینے والا ؛ وراخرد بینی ؛ کاسر شعاعی ؛ خردبین سے متعلق ۔

ultramicroscopy, n. انتہائی خردبینی ؛ کاسر شعاعی ۔ خرد بین کا استعمال یا عمل ۔

ultramicrotome, n. (برقیات) مہین ترین ریشہ ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے نسیج کو باریک حصوں میں کاٹا جاتا ہے تاکہ اُنھیں برقیاتی خُردبین میں استعمال کیا جا سکے ۔

ultramodern, a. جدید تر ؛ انتہائی جدید خیال ؛ دور حاضر کی جدت سے بھی آگے بڑھا ہُوا ؛ انتہائی جدید یا انتہائی ترقی یافتہ ، جیسے طریقوں ، اسالیب اور خیالات میں الٹراموڈرن ۔

ultramodernism, n. انتہائی جدید خیالی ؛ انتہائی جدّت پسندی ۔

ultramodernist, n. دورِ حاضر کی جدت سے بھی آگے نکلا ہوا شخص ؛ (مذہبی عقائد میں) جدّت پسندوں سے بھی آگے بڑھا ہُوا شخص ۔

ultramontane, a. ورائے الپ ؛ ورائے کوہ ، خصوصاً اٹلی یا کوہ آلپس کے جنوب میں ۔ (رُومی کیتھولک کلیسا) اُس جماعت سے متعلق یا اُس جماعت کا جو پاپائے روم کی برتری کی حامی ہو ۔ (اسم) پاپائے اعظم کی مطلق العنانی کے اصولوں یا پالیسی کا حامی شخص ؛ پاپائیت پسند ۔

ultramontanism, n. (رومی کیتھولک کلیسا) (اکثر بڑے u سے) عقیدہ عظمتِ پوپ ؛ کلیسا میں اُن کی پالیسی یا اصول جو رِیاست کے معاملے میں پاپائے اعظم کی مطلق العنانی یا کلی اختیارات کی حمایت میں ہوں ، گیلی کینزم (Gallicanism) کے نظریے کے برعکس جو ریاست سے متعلق پاپائے اعظم اور کلیسا کے اختیارات کو محدود کرتا ہے ۔

ultramundane, a. عاقبتی ؛ ورائے دنیا ؛ ہمارے نظام شمسی کی حدود سے وراء ؛ حالیہ زندگی سے ورا یا باہر ؛ ورائے عالم ؛ ورائے کونین ؛ دنیا سے پرے ؛ ماورائے حیات دنیوی ؛ وراء الدنیا ۔

ultranationalism, n. شدید قوم پرستی ؛ قوم اور اس کے مقاصد سے غیر معمولی لگاؤ بالخصوص اس سے بے نیاز کہ دوسری قوموں پر اس کے اثرات کیا ہوں گے ۔

ultranational, a. شدید قومی ؛ شدید مِلی ۔

ultranationalist a., n. شدید قوم پرست ؛ شدید قوم پرور ۔

ultranationalistic, a. انتہائی قوم پرستانہ ؛ شدید قوم پرورانہ ۔

ultrared, a. ورائے سُرخ ؛ بالائے سُرخ ؛ بالائے احمریں ۔ دیکھیے : infrared

ultrasonic, a. (طبیعیات) بالاصوتی ؛ انسانی سماعت سے بالا

(یعنی بیس ہزار ارتعاشات فی سیکنڈ سے زیادہ) تعدّد ارتعاشات کا یا اُن سے متعلق ۔

ultrasonics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) بالاصوتیات ؛ طبیعیات کی وہ شاخ جو انسانی سماعت کے دائرے سے بالا صوتی تعدّد سے متعلق ہو۔

ultrasonograph, n. بالاصوت نگار ؛ تشخیصی آلہ جو نسیج میں بالاصوتی امواج کے نفوذ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

ultrasound, n. بالاصوت ؛ بالاصوتی آواز جو برقی استحرار ، طِبّی تشخیص اور صفائی وغیرہ کے لیے بڑے پیمانے پر استعمال کی جاتی ہے ؛ الٹرا ساؤنڈ۔

ultrastructure, n. (حیاتیات) نخزمایہ کی زیر ـ خرد بینی اساسی ترتیب۔

ultrasuede, n. الٹرا سویڈ ؛ سویڈ جیسے دُھلنے والے کپڑے کا تجارتی نشان ۔

ultraviolet, a. (طبیعیات) بالائے بنفشی ؛ مرئی طیف کے بنفشی سرے سے ماورا ، زیر خُرد طول موج کی نوری شعاعیں ؛ زیر احمریں شعاعوں کے مخالف ؛ اِن شعاعوں کا یا ان سے متعلق ـ (اسم) اشعاع جو بالائے بنفشی ہو۔

ultra vires, a., adv. (قانون) خارج از اختیار ؛ قانونی اختیارات سے باہر یا تجاوز کرتا ہوا ، جیسے کسی کارپوریشن وغیرہ کا ؛ ورائے اختیارات ؛ دائرۂ اختیار سے بالاتر یا باہر۔

ultravirus, n. خُرد وائرس ؛ کوئی قابل تقطیر زیر خرد بینی وائرس یا سمّی مادہ ۔

ululate, v.i. بھونکنا ، کتّے یا بھیڑیے کی سی آواز نکالنا ؛ اُلو کی سی آواز نکالنا ؛ بلند آواز سے چیخ و پکار کرنا ، تیز و تند آواز سے آہ و بکا کرنا۔

ululant, a. بھونکتا ہوا ؛ چیختا ہُوا ؛ کتے یا بھیڑیے کی سی آواز نکالتا ہُوا۔

ululation, n. آہ و بکا ؛ چیخ و پکار ؛ کتے یا بھیڑیے کی سی آواز۔

umbel, n. (نباتیات) چھتر ؛ پھولوں کا گچھا جس میں ڈنٹھل مساوی طول کے ہوں اور ایک ہی مرکز سے پھیلے ہوئے ہوں ، کسی حد تک چھتری کی کمانیوں کی طرح جیسے گاجر کے پودوں میں ۔

umbellar, umbellate, umbellated, a. چھتر کا ؛ چھتر نما ؛ چھتر کا سا ؛ چھتر دار۔

umbellately, adv. چھتر کی طرح سے ۔

umbelliferous, a. (نباتیات) چھتردار ، جس میں ایک یا زیادہ چھتر ہوں ، گاجر ، دھنیا اور اجوائن وغیرہ کھائے جانے والے پودے اور دُوسری بہت سی زہریلی بُوٹیوں ، جیسے شیکران سے متعلق ۔

umbellule, umbellet, n. (نباتیات) چھتری دار پھولوں کے بڑے سے گچھے میں شامل چھوٹے چھوٹے ذیلی چھتروں میں سے کوئی ایک پھول یا چھتر ۔

umbellulate, a. چھتر نما ؛ چھتری دار پُھولوں سے متعلق ۔

umber, n. اُخری مٹّی ؛ امبر ؛ ایک قسم کی مٹی جس میں زیادہ تر آئرن آکسائڈ اور کچھ مینگنیز آکسائڈ ملا ہوتا ہے ، جسے اپنی قدرتی حالت میں بطور بھورے رنگ کے یا گرم کرکے بطور سرخی مائل بھورے رنگ کے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایسے رنگ دار مادے کا رنگ ۔ (سمکیات) گرے لنگ مچھلی۔ (طیوریات) خاکی ہنس ؛ خاکی تیتر ؛ یورپ کا ایک تیموسیہ۔ ابو شکوش ؛ امبری رنگ کے بگلے کی قسم کا پرندہ جو براعظم افریقہ میں پایا جاتا ہے ـ نیز: umber bird ـ

umbrette, a. امبری رنگ کا ـ (فعل متعدی) امبر سے رنگنا یا امبری رنگ کرنا۔

umbilical, a. نافی ؛ ناف کا یا ناف سے متعلق ؛ مرکز یا درمیان میں واقع ، جیسے ناف ؛ مرکزی خصوصاً پیٹ سے متعلق ۔

umbilical cord, n. (تشریح الاعضا) حبلِ سُرّی ؛ ناڑ ؛ نال ، جوجنین کو رحم مادر سے آنول کے ذریعے غذا مہیا کرتی اور اُس کے فضلات کو خارج کرتی ہے ـ (فضائیات) راکٹ کے چھوڑے جانے سے پہلے ، زمین یا ٹاور سے بجلی یا سیال مادہ پہنچانے والے تار اور نالیاں ؛ خلا میں خلا نورد سے کسی قسم کا رابطہ قائم رکھنے والی اور اُسے ہوا پہنچانے والی حیاتیاتی لائن ۔

umbilicate, umbilicated, a. ناف نما ؛ ناف کی شکل کا ؛ ناف دار۔

umbilication, n. ناف کی شکل کا گڑھا ؛ تُنڈی یا ٹونڈی ؛

umbilicus, n. (تشریح الاعضا) ناف ـ (حیاتیات) ناف نُما یا گول گڑھا ، جیسے نافِ تخم ؛ گھونگھوں یا یک صمامی صدفیہ کے نچلے گھیر وغیرہ میں ناف کی شکل کا گڑھا ؛ نافہ دار ؛ نافہ۔

umbles, n. بعض حیوانوں کی انتڑیاں خصوصاً ہرن کی جو خصوصاً بطور غذا مستعمل ہیں ـ دیکھیے: humble pie ـ

umbo, n. ڈھال کا پُھول ؛ قُبّہ سپر ؛ ڈھال کا ابھرا ہوا حصّہ یا اُس کا پھول ؛ ڈھال کا وہ حصہ جو وسط میں اُبھرا ہوا ہو ؛ موٹھ یا اس سے ملتی جلتی شے ـ (حیوانیات) مسّا ؛ گندمہ ؛ گومڑی یا اُبھری ہوئی سطح ، جیسے وہ بڑھاؤ جو دو صمامی گھونگھے یا سیپ کے جوڑ کے بالکل ساتھ واقع ہو ـ (تشریح الاعضا) حیدہ ؛ گومڑی ؛ طبلی جھلی اور مطروقی ہڈی کے مقام اتصال پر بیرونی گڑھا۔

umbonal, umbonic, a. گومڑی کا ، گانٹھ کا۔

umbonate, a. گومڑ دار ، گانٹھ دار ؛ حیدہ دار ؛ مسّا دار ؛ گومڑی دار۔

umbra, n. ظِلّ تام ؛ ظِلّ محض ؛ سایہ ؛ وہ جگہ جس پر پورا سایہ ہو ـ (فلکیات) کسی ایسے سیّارے سے پڑتے ہوئے سائے کا مخروطی حصہ جس نے کسی خاص مآخذ سے آتی ہوئی روشنی کا سلسلہ منقطع کر دیا ہو ، جیسے گرہن کی صورت میں زمین یا چاند کا مکمل سایہ ؛ سورج کے دھبے کا مرکزی تاریک حصہ ؛ آفتاب کا دُاغ ؛ کسوفِ کامل ؛ سرب گرہن ؛ اندھیرا ؛ اندھکار ؛ چھایا ؛ چھاؤں ـ دیکھیے : penumbra ـ

umbrage, n. برہمی ؛ رنجش ؛ خفگی ؛ جارحیت ؛ شک و شبہ ؛ پتوں کی چھاؤں ـ (شاعری) سایہ یا پرچھائیں ـ (قدیم) کوئی مشابہت یا وضع قطع جو سایہ دار ہو ـ

umbrageous, a. دُھندلا ؛ سایہ دار ؛ جو سایہ میں ہو ؛ دل برداشتہ ؛ رنجیدہ خاطر؛ آزردہ ؛ خفا ـ

umbrageously, adv. خفگی سے ؛ شک و شبہ سے ـ

umbrageousness, n. آزردگی ؛ خفگی ؛ سایہ داری ـ

umbrella, n. جھتر ؛ چتر ؛ چھتری ؛ چھاتا ؛ لوہے یا

لکڑی کی چھڑی پر لگے ایسے نقل پذیر فریم پر منڈھا ہوا کپڑا ، جسے کھولا اور بند کیا جا سکے اور جو دھوپ اور بارش سے بچنے کے لیے ہو ۔ (حیوانیات) لیسدار طشتری نما پھولنے والی گھنٹی جس سے جیلی مچھلی کا جسم بنا ہوتا ہے ۔ (عسکری) ہوائی جہازوں کا چھتر جو بری فوج یا اُن کی نقل و حرکت کی حفاظت کے لیے ہو ۔ (صفت) چھتری کی خصوصیت اور شکل و مشابہت لیے ہوئے ؛ کل پر محیط متعلقہ چیزوں یا عناصر کے گروہ کے ضمن میں ۔

umbrella like, a. چھتر دار ؛ چھتری نما ۔

umbrella bird, n. چھتر پرند ؛ جنوبی امریکا کا ایک پرندہ جس کی کلغی چھتری کی طرح پھیلی ہوتی ہے ؛ کوئی ایسا دوسرا پرندہ جو اسی نسل سے ہو ۔

umbrella leaf, n. چھتری پتّا ، ایک امریکی سدا بہار بُوٹی جس کا ایک بڑا ڈھال دار ، چھتری نما ، لو دار پتّا ہو یا پھول دار ڈنٹھل پر دو چھوٹے پتّے ہوں ۔

umbrella plant, n. سعادہ (sedge) خاندان کی ایک افریقی بُوٹی جس کے چھتری نما لمبے پتے ہوتے ہیں ۔

umbrella tree, n. چھتری درخت ؛ امریکی چمپا ؛ امریکی مگنولیا ؛ ایک درخت جس کے لمبے چھتری نما پتوں کے گچھے ہوں ؛ دوسرے بہت سے درختوں میں سے ایسا درخت جس کے پتے چھتری نما ہوں یا جو چھتری کی وضع کا ہو ۔

Umbrian, a. امبریائی ؛ مرکزی اٹلی کے علاقے امبریا کا یا اس کے باشندوں کا یا ان سے متعلق ۔ (اسم) امبریا کا باشندہ ، دور قدیم یا جدید میں ؛ امبریا کی قدیم زبان جو اب مٹ چکی ہے ۔

umiak, oomiac, oomiak, n. اومیک ؛ ایک کُھلی اسکیمو کشتی جسے لکڑی کے فریم پرکھالیں منڈھ کر بنایا جاتا ہے اور جو خصوصاً عورتیں چپوؤں سے چلاتی ہیں ۔

umlaut, n. (گرامر) اماله ؛ متعدد جرمن بولیوں میں ایک مشترکہ خصوصیت جس میں ایک رُکن کے حرف علت کی صوتی تبدیلی بعد میں آنے والے رکن کے حرفِ علت کے زیر اثر کی جاتی ہے ؛ ایسا تبدیل شدہ حرفِ علّت ؛ حرف علت پر امتیازی نشان (٠٠) جیسے ä, ö, ü جو جرمن زبان میں حرف علّت کی صوتی تبدیلی کی علامت ہے ۔ (فعل متعدی) اماله سے بدلنا ؛ اماله کا نشان لگانا ۔

umpire, n. امپائر ؛ حَکم ؛ ثالث ؛ ایک ایسا شخص جو بَیس بال اور دوسرے کھیلوں کے قواعد و ضوابط نافذ کرتا ہے ؛ وہ شخص جس سے متنازع معاملات میں فیصلے کے لیے رجوع کیا جائے ۔ (فعل لازم و متعدی) فیصلہ کرنا یا دینا ؛ قواعد نافذ کرنا ۔

umpirage, n. ثالثی ؛ امپائری ؛ ثالثی یا امپائری کا عُہدہ ؛ امپائر کا فیصلہ ؛ ثالثی فیصلہ ۔

umpteen, umpsteen, umpteenth, a. (بول چال) متعدد ؛ ان گنت ؛ کئی ؛ بہت سے ؛ غیرمعین تعداد میں ۔

unabashed, a. ڈھیٹ ؛ بے حجاب ؛ نڈر ، غیر پریشان ، مطمئن ؛ بے شرم ۔

unabashedly, adv. ڈھٹائی سے ؛ بے شرمی سے ؛ بے حجابی سے ؛ نڈر پن سے ۔

unabated, a. طاقت ، قوت اور زور میں کم نہ ہونے والا/ جس کا زور کم ہونے میں نہ آ رہا ہو ۔

unabatedly, adv. طاقت ، قوت اور زور میں کمی نہ ہونے سے ؛ بے تکان ۔

unable, a. ناقابل ؛ معذور ؛ قاصر ؛ کسی کام کے کرنے کی اہلیت ، قابلیت نہ رکھنے والا ۔

unabridged, a. غیراختصار شدہ ، جیسے کوئی لُغت ؛ غیر مختصر ؛ بے اختصار ؛ مکمل ؛ جامع ؛ محیط ؛ بلا تصرف ؛ پورا ؛ جوں کا توں ؛ پورا پورا ۔

unacademic, a. غیر علمی ؛ غیر عالمانہ ؛ غیر رسمی یا روایت سے ہٹا ہوا ، جیسے ادب یا فن میں ۔

unacceptable, a. ناقابل قبول ؛ ناخوشگوار یا ناکافی ؛ ناپسندیدہ ؛ ناقابل پذیرائی ؛ نامنظور ؛ ناقابلِ منظوری ۔

unaccepted, a. غیر تسلیم شدہ ، جسے منظور یا قبول نہ کیا گیا ہو ۔

unaccommodated, a. جسے رہنے کے لیے جگہ نہ دی گئی ہو ؛ جس کے پاس رہنے کی جگہ نہ ہو ؛ غیر موزوں یا غیر موافق ؛ بے خانماں ؛ جسے ضروری سہولتیں ، کھانے پینے اور رہائش کی سہولتیں مہیّا نہ کی گئی ہوں ۔

unaccommodating, a. بے مروت ؛ نامدد گار ۔

unaccompanied, a. اہالی موالی کے بغیر ؛ اکیلا ؛ تنہا ۔ (موسیقی) بے سنگت یا بے ساز ادا کیا ہوا یا لکھا ہوا ۔

unaccomplished, a. ادھورا ؛ مکمل طور پر پیش نہ کیا گیا ؛ نو آموز ؛ بے کمال ؛ ناتمام ؛ بے ہنر ؛ نامکمل ؛ غیرواقع شُدہ ؛ بے سلیقہ ؛ اَن ہوا ؛اپورن ۔

unaccountable, a. بلا دلیل ؛ ناقابل توجیہ ؛ غیر جواب دہ ؛ عجیب ؛ جس کی کوئی وجہ یا کوئی وضاحت نہ کی جا سکے؛ جس کا کوئی حساب نہ دیا جا سکے؛ ناجواب دہ ۔

unaccountableness, n. ناقابلِ توجیہہ کیفیت ؛ غیر جوابدہی ۔

unaccountably, adv. ناقابلِ توجیہہ طریقے سے ؛ عجیب طور سے ۔

unaccounted-for, a. جس کی کوئی وضاحت نہ کی گئی ہو؛ جو کسی کھاتے میں نہ ہو؛ جو کسی حساب میں نہ لایا گیا ہو؛ جو سمجھا نہ گیا ہو ؛ غیر محسوب۔

unaccredited, a. غیر معتبر؛ غیر مجاز یا غیر مصدقه ؛ غیر منسوب یا ناقابل یقین ۔

unaccustomed, a. غیر مانوس ؛ غیر معمولی ؛ خلافِ معمول یا خلافِ عادت ؛ غیر عادی ؛ عادت نہ رکھنے والا ؛ ناواقف ؛ اجنبی ؛ اَنجان ؛ انوکھا ؛ عجیب ۔

unacknowledged, a. بے رسید یا غیر تسلیم شُدہ ؛ غیر اعتراف شُدہ ؛ جس کا اعتراف نہ کیا گیا ہو ؛ غیر مقبولہ ۔

una corda, a., adv. (موسیقی) نرم کلید کے دبانے کے ساتھ ، خصوصاً پیانو کے بجانے میں ہدایت کے لیے مستعمل ؛ نرم پیڈل کا ۔

una corda pedal, n. نرم پیڈل ، جیسے پیانو کا ۔

unacquainted, a. ناآشنا ؛ ناواقف ؛ غیر مانوس ؛ علم نہ رکھنے والا ، عموماً اس کے بعد with لگایا جاتا ہے ۔

unadaptable, a. غیر تصرُف پذیر ؛ ہم آہنگی یا تطبیق کی صلاحیت نہ رکھنے والا ؛ ماحول کے مطابق خود کو نہ ڈھالنے والا ۔

unadapted, a. جس میں مطابقت پیدا نہ کی گئی ہو ؛ جو

تصرف میں نہ لایا گیا ۔

unadorned, a. غیرآراستہ ؛ بے آرایش ؛ سادہ ؛ بے زینت ؛ نا آراستہ ۔

unadulterated, a. بے ملاوٹ ؛ بلا ملاوٹ ؛ اصلی ؛ خالص ؛ بے میل ؛ بے آمیزش ؛ بے لوٹ ؛ نِرا ؛ کورا ۔

unadulteratedly, adv. بلا ملاوٹ کے ؛ بلا آمیزش کے ؛ خالص شکل میں ۔

unadvisable, a. نامناسب ؛ مصلحت اندیشی کے خلاف ؛ غیر معقول ؛ غیرواجب ؛ خلاف مصلحت ۔

unadvisably, adv. نامناسب طور پر ؛ غیرمعقول طریق سے ۔

unadvised, a. بلا مشورہ ؛ مشورے سے محروم یا بے سوچے سمجھے ؛ عاقبت نا اندیشانہ ؛ بے دھڑک ؛ بے موقع ؛ بنا صلاح لیے ؛ جلدی کا ؛ جسے کوئی صلاح نہ مل سکی ہو ۔

unadvisedly, adv. بلا سوچے سمجھے ؛ بغیر معقول مشورے کے ؛ عاقبت نا اندیشی سے ؛ بے جا جرأت سے ۔

unadvisedness, n. عاقبت نا اندیشی ؛ غیر معقولیت ۔

unaffected, a. شفقت و محبت کا اظہار نہ کرنے والا ؛ غیر متاثّر ؛ سیدھا سادا ؛ غیر مصنوعی ؛ مخلص ؛ فطری ؛ جوں کا توں ؛ غیرمتغیّر ؛ بلا تصنّع ۔

unaffectedly, adv. سادگی سے ؛ بناوٹ کے بغیر ؛ خلوص سے ؛ بلا تصنع ۔

unaffectedness, n. بے ساختہ پن ؛ سادگی ؛ خلوص ۔

unafraid. a. بے خوف ؛ نڈر ؛ بے جھجک ۔

unallied. a. بلا رشتہ و پیوند ؛ بے تعلق و بے رشتہ ، جیسے شادی یا معاہدے وغیرہ سے ؛ غیر متعلق ۔

unalloyed, a. بے آمیزش ؛ بے میل ؛ خالص ؛ خلل ڈالنے والے عناصر سے پاک (جیسے unalloyed happiness) ۔

unalterable. a. ناقابل تغیّر ؛ ناقابلِ تبدیل ؛ اٹل ؛ امِٹ ؛ تغیر سے بری ؛ نہ بدلنے والا ۔

unalterableness, n. غیرتغیر پذیری ۔

unalterably, adv. غیر تغیرپذیری سے ؛ نہ بدلنے سے ۔

unaltered, a. نہ بدلا ہُوا ؛ غیرمتغیر۔

unambitious, a. غیر اولوالعزم ؛ غیر حوصلہ مند ؛ بلا اُمنگ ؛ بلا عالی نصبُ العین ، بلا حُبِ جاہ ؛ بے خواہش ؛ کسی حصول مقصد کی شدید خواہش سے عاری ۔

un-American, a. غیر امریکی ؛ اُن خصوصیات سے مبرا جو ریاست ہائے متحدہ امریکا کی ہیں یا اُس سے متعلق ہیں ؛ امریکی رسم و رواج ، نصبُ العین اور روایات وغیرہ کے خلاف یا ان کا دُشمن ؛ غیر مُحبِ وطن ؛ غدّار ۔

unamiable, a. غیر دلکش یا غیر دوستانہ ؛ غیر خلیق ؛ اکھڑ ؛ بد مزاج ؛ اکل کُھرا ؛ بے اُنس ۔

unaneled, a (قدیم) مالش نہ کیا گیا ؛ (کیتھولک عیسائیوں میں) وہ مرنے والا جس کے سر پر پاک تیل نہ ڈالا گیا ہو ؛ بلا تدھین ؛ وہ شخص جسے بطور علاج مالش نہ کی گئی ہو ۔

unanimous, a. متفقّ الرائے ؛ بالاتفاق ؛ با اتفاق کُلی ؛ یک رائے ؛ اتفاق رائے یا باہمی رضا مندی سے منظور شدہ ۔

unanimity, n. اتفاق کلی ؛ باہمی رضا مندی ؛ اتحاد ؛ اتحادِ رائے ؛ اتفاقِ رائے ؛ اِجماع ؛ ہم آہنگی ؛ یک زبانی ؛ ایکا ۔

unanimously, adv. اتفاق کُلی سے ؛ ایک رائے سے ؛ کامل رضامندی سے ۔

unanimousness, n. کامل رضامندی ؛ اتفاق کُلی ؛ اتفاق رائے ۔

unanswerable, a. ناقابل جواب ؛ بے جواب ؛ مسکت ؛ ناقابل تردید ؛ اکاٹ ؛ جس کا کوئی تسلی بخش جواب نہ دیا جا سکے ؛ جس کا کوئی جواب معلوم نہ ہو ؛ ناقابلِ تردید ۔

unanswerably, adv. ناقابل تردید طریقے سے ۔

unanswered, a. بلا جواب ؛ جواب کے بغیر ۔

unappealable, a. ناقابلِ اپیل ؛ ناقابل مرافعہ ؛ جس کی اعلیٰ عدالت میں اپیل نہ کی جا سکے ، جیسے کسی عدالتی فیصلے کی ۔

unappeasable, a. غیر تسکین پذیر ؛ جس کی تشفی یا تسکین نہ ہو سکے ؛ بلا تشفی ؛ بلا تسکین ۔

unappeasably, adv. غیر تسکین پذیری سے ؛ غیر تشفّی پذیری سے ۔

unappeased, a. غیرتسکین شدہ ؛ غیرتشفّی شُدہ ۔

unappetizing, a. غیر مشتہی ؛ جس سے بُھوک نہ لگے ؛ نامرغوب ۔

unappreciated, a. بے قدر؛ جس کی قدر و قیمت کا دِرست اندازہ نہ لگایا گیا ہو ۔

unappreciative, a. ناقدری کا ؛ ناقدر افزا ۔

unapproachable, n. ناقابل رسائی ؛ جس سے میل ملاقات اور دوستی مشکل ہو ؛ کم آمیز یا جس کا کوئی مدمقابل نہ ہو ؛ بے مثل ۔

unapproachableness, n. نارسائی ؛ بُعد ؛ ناآشنائی ؛ ناآمیزی ؛ بے مثالی پن ۔

unapproachably, adv. ناقابلِ رسائی یا ناقابلِ حصُول طریقے سے ؛ ناآشنائی کے انداز سے ؛ خود کو الگ رکھے ہوئے ؛ کم آمیزی کے انداز سے ۔

unapproached, a. جس تک رسائی نہ کی گئی ہو ؛ جس سے آشنائی نہ کی گئی ہو ؛ نارسائی یافتہ ۔

unappropriated, a. غیر مختص ؛ جو کسی خاص مصرف و مقصد کے لیے مخصوص نہ کی گئی ہو ، جیسے کوئی رقم جو کسی شخص ، کمپنی یا ادارے کے لیے منظور نہ کی گئی یا تحویل میں نہ لی گئی ہو (جیسے : unappropriated land) ۔

unapproved, a. نامنظور کردہ ؛ جس کی منظوری نہ لی گئی ہو یا منظوری نہ دی گئی ہو ؛ ناپسند ؛ نامنظور شدہ ؛ ناپسندیدہ ؛ رد کردہ ؛ بے منظوری ؛ بلا منظوری کے ؛ پسند نہ کیا ہوا ؛ منظور نہ کیا ہُوا ۔

unapt, a. ناموزوں یا نامناسب ؛ بے تُکا ؛ سست ؛ بے محل ؛ غیر مستعد ؛ بے موقع ؛ ناقابل ؛ نکما ۔

unaptly, adv. ناموزوں طریقے سے؛ بے تُکے پن سے ۔

unaptness, n. بے تکا پن ؛ بے محلی ؛ ناموزونیت ؛ نکما پن ۔

unarmed, a. غیر مُسلّح ؛ بے ہتھیار ؛ نہتّا ؛ وہ حیوان یا پودے جن کے تیز پنجے اور نکیلے کانٹے وغیرہ نہ ہوں ۔

unarm, v.t. ہتھیار چھین لینا ؛ ہتھیار گرا دینا ؛

سامان حرب سے خالی کر دینا ؛ ہتھیار لے لینا؛ ہتھیار رکھوا لینا ؛ غیر مسلح کر دینا ؛ نہتّا کر دینا ۔

unashamed, a. بے شرم ؛ بے غیرت ؛ بے حیا ؛ شرمندہ نہ ہونے والا ۔

unasked, a. مدعو نہ کیا گیا ؛ پوچھا نہ گیا ؛ بے استفسار ۔

unaspiring, a. ترقی کی آرزو نہ رکھنے والا ؛ قناعت پسند ؛ غیر حوصلہ مند ؛ بلا امنگ ۔

unassailable, a. جس پر حملہ نہ ہو سکے ؛ حملے سے محفوظ ؛ ناقابل تردید ؛ جس کے متعلق سوال نہ کیا جا سکے؛ نا قابلِ حملہ ؛ ناقابلِ تسخیر ؛ بہت مضبوط یا قوی ۔

unassailableness, n. حملے سے محفوظ ہونے کی حالت ؛ ناقابلِ تردید ہونے کی کیفیت ۔

unassailably, adv. حملے سے محفوظ ہوتے ہوئے ؛ سوال نہ کیے جانے سے ۔

unassailed, a. جس پر حملہ نہ کیا گیا ہو ؛ جس پر سوال نہ کیا گیا ہو ؛ جس کی تردید نہ کی گئی ہو ۔

unassertive, a. دعویٰ نہ کرنے والا ؛ حتمی طور پر نہ کہنے والا ؛ شرمیلا ؛ جھینپو ؛ غیر موثر ۔

unassisted, a. بغیرکسی کی مدد کے ؛ بے اعانت ؛ بے امداد یا بے مدد ؛ بے ساتھی ۔

unassuming, a. جس میں رعونت نہ ہو ؛ سیدھا سادا ؛ بے تکلف ؛ سادا مزاج ؛ منکسر المزاج ؛ بے ریا ؛ بے رعونت ؛ نرم مزاج ۔

unassumingly, adv. سیدھے سادے طریقے سے ؛ بے تکلفانہ ؛ انکسار سے ؛ سادا مزاجی سے ؛ دکھاوے کے بغیر ۔

unassumingness, n. منکسر المزاجی ؛ سادہ مزاجی ؛ سادگی ۔

unattached, a. غیر منسلک ؛ غیر شادی شدہ یا غیرمنسوب ؛ بے تعلق ؛ الگ ؛ بے لگاؤ ؛ جو کسی فرد ، ادارے یا کام سے متعلق نہ ہو ۔ (قانون) وہ جائیدادجو کسی عدالتی فیصلے کی بنا پر قُرق نہ کی جا سکے ۔

unattainable, a. رسائی ناپذیر ؛ ناقابلِ حصُول ؛ جسے حاصل نہ کیا جا سکے یا جس تک پہنچا نہ جا سکے ۔

unattained, a. نارسا ؛ ناحاصل شدہ ۔

unattempted, a. بے سعی ؛ بِلا کوشش ؛ ناآزمودہ ؛ بے قصد ؛ تسخیر نہ کیا گیا ؛ جس کے لیے کوشش نہ کی گئی ہو ؛ جسے تسخیر نہ کیا جاسکے یا تسخیر کے لیے کُھلا ہُوا نہ ہو ؛ جس کی سعی نہ کی گئی ہو ؛ جو سعی کے قابل نہ ہو ۔

unattended, a. جس کا دیکھنے والا کوئی نہ ہو (جیسے : unattended performance) ؛ بے ملازم ؛ ساتھی کے بغیر ؛ بلا پیش خدمت ؛ اکیلا ؛ تنہا ؛ بے پُرسش (جیسے : an unattended child) ؛ جس سے غفلت برتی گئی ہو ؛ جس کا دیکھنے بھالنے والا کوئی نہ ہو ۔

unauthorized, a. بلا اجازت ؛ بے سند ؛ بے ثبوت ؛ جس کی باقاعدہ اجازت نہ دی گئی ہو یا جسے جائز قرار نہ دیا گیا ہو ؛ ناجائز ؛ غیر مجازی ؛ بلااستناد ۔

unavailable, adv. غیردستیاب ؛ پہنچ سے باہر ؛استعمال کے لیے غیر مناسب یا موزوں ؛ نایاب ۔

unavailably, adv. غیر کارآمد طور پر ؛ غیر حصولی طور پر ؛ نایابی کی صورت میں ۔

unavailing, a. غیر کار آمد ؛ غیرمفید ؛ غیر معاون ؛ بے کار ؛ بے فائدہ ؛ لاحاصل ؛ بے اثر ؛ غیر موثر ؛ اکارت ؛ فضول ۔

unavoidable, a. اٹل ؛ ناگزیر ؛ کالعدم قرار نہ دیا جا سکنے والا ؛ جس سے مفر نہ ہو ؛ جسے ٹالا نہ جا سکے ۔

unavoidability, n. ناگزیری ؛ اٹل ہونے کی حالت ۔

unavoidableness, n. ناگزیریت ۔

unavoidably, adv. ناگزیر طور پر؛ اٹل طور پر۔

unaware, a. بے خبر ؛ لاعلم ؛ غیر متوجہ ؛ ناواقف ؛ انجان ؛ بے اندیشہ ؛ بے پتہ ۔

unawareness, n. لاعلمی ؛ بے خبری ؛ عدم توجہی ۔

unawares, adv. بے خبری میں ؛ بے جانے ؛ بے ارادہ طور پر ؛ ناگہاں ؛ اچانک ۔

unbacked, a. بے سہارا ؛ بے حامی و مدد گار ؛ بے پشت و پناہ ؛ جس پر کبھی سواری نہ کی گئی ہو ، جیسے گھوڑا ؛ بے پُشت یا بغیر پشت کے ، جیسے اسٹول وغیرہ ۔

unbalance, v.t. توازن سے گر جانا یا گرا دینا ؛ غیر متوازن کرنا ، جیسے دماغی طور پر ۔ (اسم) غیر متوازن حالت یا حالات ۔

unbalanced, a. غیر متوازن یا صحیح طور پر متوازن نہ کیا ہوا ؛ دماغی طور پر غیر متوازن یا غیر مستحکم یا غیر صحت مند ؛ مختل ؛ پاگل یا ذہنی طور پر ابتر ؛ غیر درست شدہ ، جیسے وصولی اور خرچ کی غیر برابری یاعدم توازن ، حساب میں ؛ غیر میزانی ۔

unballasted, a. ڈانوا ڈول ؛ جسے بوجھ سے متوازن نہ کیا گیا ہو ، جیسے بحری جہاز ؛ مناسب طور پر مستحکم یا منضبط نہ کیا ہوا ؛ متزلزل ؛ ڈگمگ ڈگمگ کرتا ہوا ۔

unbar, v.t. رکاوٹ دُور کرنا ؛ سلاخ یا سلاخیں ہٹانا ؛ تالا کھولنا ؛ روک ہٹانا ۔

unbated, a. جو کم نہ ہوا ہو یا دھیمانہ پڑا ہو ۔ (قدیم) کُند نہ کیا ہُوا ؛ جس پر ڈھکن نہ لگا ہو ؛ بے نیام ، جیسے تلوار یا نیزہ ۔

unbearable, a. ناقابل برداشت ؛ جِسے اٹھایا نہ جا سکے ؛ غیر متحمل ؛ برداشت سے باہر ؛ نہ سہنے کے لائق ۔

unbearableness, n. ناقابلِ برداشت ہونے کی حالت ؛ نہ اٹھائے جانے کی کیفیت ۔

unbearably, adv. ناقابلِ برداشت طور پر ، غیر متحمل طور پر ۔

unbeaten, a. غیر پامال شُدہ ؛ جسے کُوٹا پیٹا نہ گیا ہو ؛ جسے کُوٹ کر مخلوط نہ کیا گیا ہو ؛ وہ راستہ جس پر کوئی نہ چلا ہو ؛ جسے شکست نہ ہوئی ہو ؛ جس پر کسی کو سبقت حاصل نہ ہو ؛ جس سے کوئی بازی نہ لے گیا ہو (جیسے : unbeaten competitor) ؛ غیرمغلوب ۔

unbeatable, a. ناقابل شکست ؛ ناقابلِ سبقت ؛ ناقابلِ غلبہ ۔

unbecoming, a. نازیبا ؛ غیردلکش ؛ غیر جاذب ؛ بدزیب ؛ غیر موزوں ، خصوصاً کسی شخص یا جگہ کے لیے ؛ نامناسب ؛ غلط ؛ معیوب ؛ بُرا ؛ بھدّا ۔

unbecomingly, adv. نامناسب انداز ؛ غیر موزونیت سے ؛ بدزیبی سے ۔

unbecomingness, n. ناموزونیت ؛ نامناسبت ۔

unbefitting, a. ناموزوں ؛ نامناسب ؛ نازیبا ۔

unbeknown, unbeknownst, a. نامعلوم ؛ ناقابل فہم ؛ ناقابل ادراک ؛ کسی شخص کی لاعلمی میں (عموماً اِس کے بعد to لگاتے ہیں) ۔

unbelief, n. بے اعتقادی ؛ عدم اعتماد ؛ تشکّک ؛ عقیدے یا ایمان کا فقدان ، خصوصاً مذہبی عقائد یا اُصولوں پر ؛ اِلحاد ؛کفر۔

unbelievable, a. جس پر ایمان نہ لایا جا سکے یا یقین نہ کیا جا سکے ؛ ناقابلِ یقین ؛ حیرت انگیز۔

unbelievably, adv. ناقابلِ یقین طور سے ؛ حیرت انگیز طور سے ۔

unbeliever, n. مُنکر ؛ کافر ؛ وہ جو خدا پر ایمان نہ رکھتا ہو ؛ مُتشکّک ؛ مذبذب ؛ وہ جو کسی خاص مذہب یا عقیدے پر ایمان نہ رکھتا ہو ؛ دہریہ ؛ بے دین ؛ ملحد ؛ زندیق ۔

unbelieving, a. غیر معتقد ؛ ایمان نہ رکھنے والا ۔

unbelievingly, adv. بداعتقادی سے ؛ منکرانہ طور پر ؛ بے دینی سے؛ مُلحدانہ طور پر ۔

unbelievingness, n. بداعتقادی ، بے دینی ، الحاد ۔

unbend, v.t. آرام کرنا ؛ سستانا ؛ آزاد کر دینا ، جیسے دباؤ ، تھکن یا رسوم وغیرہ سے (جیسے : to unbend the mind) ؛ خمیدہ حالت سے سیدھا کرنا ؛ دباؤ یا تناؤ سے آزاد کرنا ، جیسے کمان کا ۔ (جہاز رانی) کھولنا مستولوں سے یا رسیّوں سے ، جیسے مختلف بادبانوں کا ؛ ڈھیلا کرنا ؛ کھولنا ، جیسے کسی رسی کا ۔ (فعل لازم) دباؤ ، جبر اور بندش وغیرہ سے آزاد ہونا ؛ آزادی سے عمل پیرا ہونا ؛ ادب آداب کی سختی و تکلّف کو چھوڑ دینا ؛ کُھلنا ۔

unbending, a. خم ناپذیر ؛ بے لچک ؛ سخت ؛ نہ جھکنے والا ؛ مستقل مزاج یا ثابت قدم ، جیسے کردار میں ؛ بے لوچ ؛ اٹل ؛ ضدی ؛ اڑیل ؛ ضد کا پکا ؛ مضبوط ۔ (اسم) آسانی ؛ آرام ۔

unbendingly, adv. سُختی سے ؛ مستقل مزاجی سے ؛ مضبوطی سے ؛ استقلال سے ۔

unbendingness, n. بے لوچ پن ؛ مستقل مزاجی ؛ سختی ۔

unbeseeming, a. نامناسب ؛ نازیبا ؛ بدزیب ؛ جو نامناسب ہو یا زیب نہ دیتا ہو ۔

unbiased,(Brit.)unbiassed, a. بے تعصب ؛ بے لوث ؛ بے لاگ ؛ غیر جانب دارانہ ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ سچا سچا ؛ انصاف کا ؛ غیر متعصبانہ ؛ نا طرفدار ؛ ناطرفدارانہ ؛ بلالحاظ ؛ غیر جانبدار ۔

unbiasedly, adv. بے تعصبی سے ؛ غیر جانب دارانہ طور پر ۔

unbiden, unbid, a. بے حکم ؛ بلا تحریکِ غیر ؛ بِن بلایا ؛ بے طلب ؛ بے دعوت ۔

unbind, v.t. رہا کرنا ، زنجیروں ، ہتھکڑی ، بیڑی وغیرہ سے ؛ کھولنا ؛ قید و بند سے آزاد کرنا ؛ ڈھیلا کر دینا ۔

unbitted, a. بے قابو یا بے لگام ۔

unbleached, a. جس کا رنگ نہ کاٹا گیا ہو ؛ جسے سفید نہ کیا گیا ہو ، جیسے رنگ کاٹ کر ۔

unblemished, a. بے عیب یا بے داغ ؛ بے نقص ؛ خالص ؛ بے داغ (جیسے: unblemished reputation) ۔

unblenched, a. (قدیم) جسے ڈرایا یا دھمکایا نہ گیا ہو ؛ جسے بگاڑا یا باطل نہ کیا گیا ہو ؛ نڈر ؛ بے خوف ۔

unblessed, unblest, a. غیر متبرّک ؛ غیر مقدّس یا خبیث ؛ نامبارک ؛ افسردہ یا بدبخت ؛ منحوس ؛ سبز قدم ۔

unblushing, a. نہ شرمانے والا؛ بے شرم ؛ بدتمیز ؛ ڈھیٹ ؛ بے حیا ؛ شوخ چشم یا فُحش اور گندا ۔

unblushingly, adv. ڈھٹائی سے ؛ بے شرمی سے ؛ بدتمیزی سے ؛ شوخ چشمی سے ۔

unbodied, a. غیر ذی جسم ؛ بے جسم ؛ جسمانیت یا مادیت سے دُور ؛ بے ڈھبا ؛ بے شکل ؛ بے صورت ۔

unbolt, v.t. چٹخنی کھول دینا ، جیسے دروازے یا کھڑکی کی ؛ کھول دینا ؛ کھٹکا یا تالا کھول دینا ۔

unbolted, a. کُھلا ہوا ؛ چٹخنی وغیرہ کی بندش سے آزاد ؛ بغیر چھنا ہُوا ، جیسے آٹا وغیرہ ۔

unbonnet, v.i. بونیٹ اُتارنا ؛ ٹوپی اتارنا ؛ کسی کے احترام میں سر ننگا کرنا ۔ (فعل متعدی) سر سے ٹوپی کو اتارنا ۔

unbonneted, a. ننگے سر ۔

unborn, a. جو ابھی پیدا نہ ہوا ہو ؛ نا زائیدہ ؛ مستقبل ؛ آئندہ آنے والا ؛ جو ابھی وجود یا زندگی میں نہ آیا ہو ؛ جو بنا آغاز یا پیدائش کے ہو ۔

unbosom, v.t. سینہ کھول کر رکھ دینا ؛ دل کی گُھنڈی کھولنا ؛ بھید کہنا ؛ بتانا ، ظاہر کرنا ؛ اعتماد میں لے کر راز کہنا ؛ دل کھول کر رکھ دینا ؛ ذاتی رائے یا احساسات کا ظاہر کرنا ، اسے عموماً معکوس ضمائر (raflexive pronouns) کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے (جیسے: to unbosom himself) ۔ (فعل لازم) اعتماد میں لے کر ذاتی رائے یا احساسات کا ظاہر ہونا ۔

unbosomer, n. راز ، خواہشات یا احساسات کا ظاہر کرنے والا ؛ بھید کھولنے والا ؛ دل کی بات کہنے والا ۔

unbound, a. غیر مجلد جیسے کتاب کے ورق ؛ نہ بندھے ہوئے ؛ زنجیروں ، ہتھکڑیوں ، بیڑیوں وغیرہ سے آزاد ؛ غیر مقید ؛ غیر منسلک ، جیسے کیمیاوی طور پر ؛ غیر جفتہ ؛ غیر گرفتہ ۔

unbounded, a. لا محدود ؛ وسعت میں بے پایاں ؛ عظیم ؛ جس پر کوئی پابندی یا قابو نہ ہو ؛ بے انت ؛ بے پایان ؛ غیر محدود ۔

unboundedly, adv. لامحدود طریقے سے ؛ بے حسابی سے ؛ بے انتہائی سے ۔

unboundedness, n. لامحدودیت ؛ بے حسابیت ۔

unbowed, a. غیر خمیدہ ؛ نہ جھکا ہوا (جیسے : with unbowed head) ۔ (مجازاً) جس پر اطاعت یا فرمان برداری قبول کرنے کے لیے دباؤ نہ ڈالا گیا ہو ، خصوصاً شکست ؛ غیر مغلوب ۔

unbrace, v.t., v.i. بند وغیرہ سے آزاد کر دینا ؛ کشا کش ، تناؤ یا بے چینی سے آزاد کر دینا ؛ ڈھیلا کر دینا ؛ کمزور کر دینا ؛ سُستانا ۔

unbraid, v.t. الگ الگ کرنا ؛جیسےِ گُندھے ہوئے بالوں

یا چوٹی وغیرہ کا ؛ گرہ ، پیچ یا گانٹھ وغیرہ کا کھولنا ۔

unbranched, a. شاخوں کے بغیر ؛ جسے شاخوں میں تقسیم نہ کیا گیا ہو ۔

unbreakable, a. نہ ٹوٹنے پھوٹنے والا ؛ غیر شکستگی پذیر ۔

unbred, a. ان پڑھ ؛ غیر تربیت یافتہ ؛ جو ابھی گابھن نہ ہوئی ہو جیسے گائے بکری ؛ ناپروردہ ؛ بدتمیز ، بد تہذیب ۔

unbridled, a. بگ ٹٹ ؛ بے لگام ؛ جسے لگام نہ ڈالی گئی ہو (جیسے : unbridled mule) ۔ (مجازاً) جس پر حکومت نہ کی گئی ہو ؛ سرکش ؛ غیر مطیع (جیسے : an unbridled imagination) ۔

unbridle, v.t. گھوڑے کی لگام اتارنا ؛ رکاوٹ دور کرنا ؛ سر کش بنانا ۔

unbroken, a. غیر شکستہ ؛ نہ توڑا ہوا جیسے وعدہ ؛ سالم ؛ غیر منقطع ؛ مسلسل ؛ غیر مغلوب ؛ ان سدھا جیسے گھوڑے کا بچھیرا وغیرہ ؛ نہ بگاڑا ہوا یا درہم برہم نہ کیا ہوا ؛ صحیح و سالم ؛ ثابت ؛ متواتر ۔

unbrokenly, adv. مسلسل ؛ غیر منقطع طور پر ؛ سالمیّت سے ؛ تسلسل سے ۔

unbuckle, v.t. بکسوا کھولنا یا کسی کے بکسوے کھولنا ۔

unbuild, v.t. ڈھانا یا مسمار کرنا ، جیسے کسی تعمیر شدہ چیز کا ؛ تباہ و برباد کرنا ؛ ڈھا دینا ۔

unburden, v.t. جی ہلکا کرنا ؛ دل کا بوجھ اتارنا ؛ بوجھ یا بار وغیرہ سے خلاصی حاصل کرنا ؛ دل و دماغ وغیرہ کو آزاد یا ہلکا کرنا ، جیسے کسی افشائے راز یا اعتراف گناہ سے ۔

unbutton, v.t. کسی چیز کے ایک یا زیادہ بٹن (بوتام) کھول دینا ؛ بٹن کھول کر اتار دینا ۔ (فعل لازم) ایک یا زیادہ بٹنوں کا کُھلنا ۔

unbuttoned, a. بغیر بٹن کے ؛ کُھلا ہُوا ۔

uncalled-for, a. نہ طلب کیا گیا ؛ فرمایش نہ کیا گیا ؛ غیر ضروری اور غیر متعلقہ ؛ بے سند ؛ ناجائز (جیسے: uncalled for remark) ؛ بنا مانگے کا ؛ بلا ضرورت ؛ بے تُکا ؛ بے محل ؛ بے موقع ؛ نامناسب ؛ بالکل غیر متوقع ؛ بے طلب ؛ بے ضرورت ؛ خواہ مخواہ کا ۔

uncanny, a. انہونی ؛ بھید بھرا ؛ بھیانک ؛ پُر اسرار ؛ غیر طبعی ؛ ناقابل توجیہہ یا پُر اسرار اثرات کا (جیسے: his uncanny fore sight) ؛ اوہام پرست ؛ مافوق الفطرت ؛ نامعقول طور سے عجیب و غریب ؛ معمول سے ہٹا ہوا یا غیر معمولی ، جیسے کہ درستی میں ؛ ناقابلِ فہم ؛ پُراسرار ۔

uncannily, adv. انہونے پن سے ؛ پُر اسرار طریقے سے ؛ اوہام پرستی سے ؛ غیر طبعی طور سے ۔

uncanniness, n. انہونا پن ؛ پر اسراریت ۔

uncap, v t. ٹوپی یا ایسی ہی سر ڈھانپنے والی کسی چیز کو سر سے اتارنا ؛ کسی بوتل یا مرتبان وغیرہ کا ڈھکن اتارنا ۔ (فعل لازم) احتراماً سر سے ٹوپی ہٹانا ۔

uncarpeted, a. قالین یا دری کے بغیر ؛ ننگا جیسے فرش ۔

uncaused, a. بے علّت ؛ غیر معلول ؛ جس کی کوئی علّت نہ ہو ؛ موجود بالذات یا واجبُ الوجود ۔

unceasing, a. لگا تار ؛ بے انت ؛ جاری و ساری ؛ سدا جاری ؛ نہ ختم ہونے والا ؛ غیر منقطع ؛ مُسلسل ؛ دائمی ۔

unceasingly, adv. دائمی طور پر ؛ مسلسل طور پر ؛ غیر منقطع طور پر ۔

unceasingness, n. دائم پن ؛ استقلال ۔

unceremonious, a. ادب و آداب کے بغیر ؛ رسم و تکلف کے بغیر ۔ بے تکلفانہ ؛ ناگہانی ؛ ایکا ایکی ؛ رُوکھا ؛ غیر مہذّب ۔

unceremoniously, adv. رُوکھے پن سے ؛ ادب آداب کے بغیر ؛ غیر رسمی طور پر ؛ بے تکلفی سے ؛ غیر مہذب طریقے سے ۔

unceremoniousness, n. رُوکھا پن ؛ بے تکلفی ؛ اکھڑ پن ؛ ادب آداب سے بے نیازی ؛ غیر مہذب پن ۔

uncertain, a. غیریقینی ؛غیر معین ؛ مشتبہ ؛ یقینی طور پر نامعلوم ؛ مشکوک ؛ مبہم ؛ جسے یقینی علم نہ ہو ؛ غیر معتبر ؛ جس پر بھروسا نہ کیا جا سکے ؛ مذبذب ؛ ڈانوا ڈول ؛ ڈھلمل یقین ؛ غیر واضح ؛ پراگندہ دماغ ؛ متلون ؛ غیر مستقل مزاج ۔

uncertainly, adv. تذبذب کے ساتھ ؛ غیر یقینی طور پر ؛ ناقابل اعتبار طرز پر ؛ مبہم طور پر ؛ غیرواضح طور پر ؛ پراگندہ دماغی سے ۔

uncertainness, n. مذبذب ہونے کی حالت ؛ غیر واضح کیفیت ؛ ناقابل اعتباری ؛ ابہام ۔

uncertainty, n. عدمِ یقین ؛ غیر یقینی کیفیت یا حالت ؛ تذبذب ؛ تلوُّن ؛ اتفاقی واقعہ ۔

uncertainty principle, indeterminacy principle, n. اصولِ لا تیقن ۔ (طبیعیات) قدری میکانیات سے متعلق اُصول جو ایک معیّن وقت پر ایک سے زیادہ قابل مشاہدہ مقدار (جیسے ایک برقیے کا مقام یا اس کی سمتی رفتار) کی تجرباتی صحت و درستی کے ناممکنات کو بیان کرتا ہے ۔

uncertified, a. غیر مصدقہ ؛ بغیر تصدیق کے ۔

unchain, v.t. زنجیروں ، ہتھکڑیوں یا بیڑیوں وغیرہ سے آزاد کر دینا ؛ کھول دینا ؛ آزاد کر دینا ؛ کھلی چھٹی دے دینا ؛ کھلا چھوڑنا ۔

unchainable, a. جسے زنجیریں نہ پہنائی جا سکیں ؛ جسے باندھ کر نہ رکھا جا سکے ۔

unchained, a. بندۂ آزاد ؛ کُھلا ہوا ؛ زنجیروں سے آزاد کیا ہُوا ۔

unchallenged, a. جسے چیلنج نہ کیا گیا ہو ؛ جس پر انگلی نہ اُٹھی ہو ؛ بے روک ٹوک ؛ بلا حجت ؛ جسے مقابلے کے لیے للکارا نہ گیا ہو ؛ جس پر اعتراض نہ کیا گیا ہو ؛ شکست و شبہ سے بالا ؛ بلا مزاحمت ، مانا ہوا ؛ مُسلّمہ ؛ بے مقابلہ ۔

unchangeable, a. تغیّر ناپذیر ؛ غیر مُبدّل ؛ ناقابل تبدیل ؛ غیر متغیّر ؛ تغیّر سے بری ۔

unchangeably, adv. غیر متبدل طریقے پر ؛ غیر متغیّر طریقے پر ۔

unchanged, a. ترمیم کے بغیر ؛ جُوں کا توں ؛ نہ بدلا ہُوا ؛ غیر تبدیل شدہ ۔

unchanging, a. نہ بدلنے والا ؛ تبدیل نہ ہونے والا ؛ غیر متغیّر ۔

unchaperoned, a. نگرانی کے بغیر ؛ اتالیقہ کے بغیر ۔

uncharged, a. بے بار ؛ اَن برقایا ؛ جسے چارج نہ کیا گیا ہو یا برقی توانائی سے نہ بھرا گیا ہو (جیسے: an uncharged automobile battery) ۔

uncharitable, a. تنگ دلانہ ؛ تنگ دل ؛ غیر خیراتی ؛ غیر فیاضانہ ؛

معاف نہ کرنے والا ؛ سخت گیر ؛ فیصلے میں سختی سے کام لینے والا بے رحمی کا ؛ بے رحم ۔

uncharitableness, n. سخت گیری ؛ تنگ دلی ؛ غیر فیّاضی ۔

uncharitably, adv. تنگ دلی سے ؛ سخت گیری سے ؛ غیر فیاضانہ طور سے ۔

uncharted, a. جس کی نشان دہی نہ کی گئی ہو ، جیسے نقشے یا چارٹ وغیرہ میں ؛ نامعلوم (جیسے : uncharted island) ۔

unchaste, a. بد چلن ؛ بدکار ؛ جو پاک دامن نہ ہو ؛ غیر پاکیزہ ؛ ناخالص ؛ غیر شایستہ ۔

unchastely, adv. بدچلنی سے ؛ غیر شستگی سے ؛ غیر شایستگی سے ۔

unchasteness, unchastity, n. بدچلنی ؛ گناہ آلودگی ؛ غیرشایستگی ؛ بدکاری ؛ بے عصمتی ۔

unchristian, a. غیرعیسائی ؛ عیسائیت کے قوانین کے خلاف ؛ عیسائیوں کے طور طریقوں کے خلاف ؛ غیر فیاضانہ ۔

unchurch, v.t. کسی شخص کو کلیسا کی رکنیت سے خارج کردینا ؛ کلیسا کے منشور و حقوق وغیرہ سے محروم کر دینا ؛ ذات باہر کر دینا ؛ حُقّہ پانی بند کر دینا ۔

unchurched, a. باہر کیا ہوا ؛ کلیسا سے غیر وابستہ ۔

uncial, a. قدیم کتبوں وغیرہ میں بڑے حروف میں لکھا ہوا ؛ جدید بڑے حروف سے مختلف ، قدیم بڑے بڑے حروف سے متعلق جو زیادہ گولائی میں لکھے جاتے تھے ، خصوصاً جو چوتھی سے آٹھویں صدی عیسوی کے لاطینی اور یونانی مسودات میں لکھے ہوئے پائے جاتے ہیں ۔ (اسم) ایسی لکھی ہوئی تحریر ؛ مسودات جو بڑے بڑے قدیم گولائی والے حروف میں لکھے ہوئے ہوں ۔

uncially, adv. بڑے بڑے قدیم گولائی والے حروف میں لکھے ہوئے مسودات سے متعلق ۔

unciform, a. ہلب شکل ؛ ہُک نما ؛ ہک کی طرح خم دار ؛ آنکڑے کی شکل کا ۔ (اسم) (تشریح الاعضا) کلائی کی خم دار ہڈی ؛ فانہ شکل کا نوکدار اُبھار ۔

uncinariasis, n. (امراضیات) پیٹ میں خم دار کیڑوں کی بیماری ؛ خم دار کیڑوں کی جنس ؛ ملقوات ۔

uncinate, uncinal, uncinated, a. (حیاتیات) آنکڑے دار ؛ ہُک دار ؛ خم دار ؛ سرے پرہک کی طرح خمیدہ ؛ قُلّابی ؛ ہُک نما ؛ ہلبی ۔

uncinus, n. خمدار ابریّہ ؛ وہ جو ہُک کی طرح خم دار ہو یا ایسا بنایا گیا ہو ؛ ہلب ؛ آنکڑا ؛ ہُک ۔

uncircumcised, a. نامختون ؛ غیر مختون ؛ جس کی ختنہ نہ کی گئی ہو ؛ غیر مُسلم ؛ غیر یہودی ۔

uncircumcision, n. ختنہ نہ ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

uncivil, a. غیر مہذّب ؛ اکھڑ ؛ بدتمیز ؛ گستاخ ؛ کج خلق ؛ گنوار ۔

uncivilly, adv. بدتمیزی سے ؛ گستاخی سے ؛ کج خُلقی سے ۔

uncivilized, a. غیر متمدن ؛ غیر مہذّب ؛ جنگلی ؛ وحشی ؛ نامہذّب ؛ تعلیم و تمدن سے ناآشنا ۔

unclad, a. بے لباس ؛ ننگا ؛ بغیر لباس کے ۔

unclasp, v.t. کسی چیز کا بکسوا ڈھیلا کرنا یا کھول دینا ؛ بند ، بندھن یا گرفت کو ڈھیلا کرنا ۔ (فعل لازم) کسی بندھن ، چنگل یا گرفت سے آزاد ہونا ؛ گرفت کا ڈھیلا ہونا ۔

unclassifiable, a. ناقابل درجہ بندی ؛ جس کی درجہ بندی نہ کی جا سکے ۔

unclassified, a. غیر درجہ بند ؛ جس کی درجہ بندی نہ کی گئی ہو ؛ غیر قسم بند ۔

uncle, n. عم ؛ چچا ؛ ماموں ؛ خالُو ؛ معمر آدمی ؛ اپنے سے عمر میں بڑے کے لیے کلمۂ تخاطُب ۔ (عوامی) چیزیں رہن رکھنے والا ۔

say uncle, (عوامی) شکست کا اعتراف کرنا ؛ اطاعت اختیار کرنا ۔

unclean, a. ناپاک ؛ گندا ۔ (شرعاً) نجس ؛ روحانی یا اخلاقی طور پر ناپاک ؛ مکّار ؛ بدمعاش ؛ بُرا ؛ رسمیاتی طور پر ناپاک خصوصاً شریعت کے مطابق ۔

uncleaned, a. ناپاک ؛ گندا ؛ نجس ۔

uncleanly, adv. ناپاکی سے ، گندگی سے ؛ بُرائی سے ؛ نجاست سے ۔

uncleanness, n. ناپاکی ؛ گندگی ؛ نجاست ؛ غلاظت ۔

uncleanly, a. ناپاک طور پر؛ غیر صاف یا گندے انداز سے ؛ غیر صفائی پسندانہ طریقے سے ۔

uncleanliness, n. غیر نفاست پسندی ؛ غیر صفائی پسندی ؛ ناپاکی ۔

unclear, a. دُھندلا ؛ ابرآلود ؛ غیریقینی ؛ غیر واضح ؛ مبہم ؛ ملگجا ۔

uncleared, a. غیر صاف شدہ ؛ غیر خلاصی شدہ ؛ دھندلا ؛ ابر آلود ؛ غیر روشن ؛ غیر نمایاں ؛ غیر صریح ؛ نہ کُھلا ہوا ؛ داغ دار ۔

unclench, unclinch, v.t., v.i. بندھی یا بھینچی ہوئی حالت سے آزاد کرنا یا آزاد ہونا ؛ پکڑ ، بندش یا گرفت سے آزاد ہونا یا آزاد کرنا ؛ ڈھیلا کرنا یا ہونا ۔

Uncle Sam, n. چچا سام ؛ امریکی عوام یا امریکی حکومت کی تجسیم : ایسے لمبے، دبلے آدمی کی شکل میں جس کی مونچھیں اور پتلی ڈاڑھی سفید ہے اور جس نے سرخ و سفید دھاریوں والی پتلون اور نیلا لمبا ، دم دار کوٹ اور اونچی باڑ کا ستاروں سے سجا ہیٹ پہن رکھا ہے ۔

Uncle Tomism, n. کچھ حبشی النسل لوگوں کی طرف سے شہری حقوق حاصل کرنے کے لیے ، مُربّیانہ یا سر پرستانہ انداز رکھنے والے سفید فاموں کی طرف ، تدریجی مصالحانہ رویہ ، اس اصطلاح کی ابتداہیرٹ بیچراسٹو کے ناول ''انکل ٹام کا کیبن'' کے کردار انکل ٹام سے ہوئی ۔

uncloak, v.t. لبادہ ، چوغہ ، فرغل وغیرہ اُتارنا ؛ بے نقاب کرنا ؛ راز کو افشا کرنا ۔ (فعل لازم) چوغہ یا اِسی قسم کے اُوپری لباس سے اپنے آپ کو الگ کرنا ۔

unclose, v.t., v.i. کھولنا ؛ افشا کرنا ؛ ظاہر کرنا ۔

unclothe, v.t. کپڑے اتارنا ؛ ننگا کرنا ، کپڑوں سے محروم کرنا ۔

unclothed, a. ننگا ؛ برہنہ ۔

uncluttered, a. صاف ستھرا ؛ آراستہ ؛ باترتیب ؛ بغیر

کسی کُوڑا کرکٹ کے ۔

uncoil, v.t. رسّے وغیرہ کے لچّھے کے چکّر کھولنا ؛ لچّھا کھولنا ۔ (فعل لازم) کنڈلی کُھلنا ، جیسے سانپ کی ۔

uncoined, a. سِکّہ جو ڈھالا نہ گیا ہو یا جسے ٹکسال میں بنایا نہ گیا ہو ؛ جو ایجاد یا اختراع یا وضع نہ کیا گیا ہو ؛ فطری حالت میں ؛ نہ گھڑا ہوا ؛ اَن گھڑ۔

uncomfortable, a. غیر آرام دہ ؛ تکلیف دہ ؛ بے آرام ؛ بے چین ؛ جسمانی طور پر تکلیف دہ ؛ پریشان کُن۔

uncomfortableness, n. بے چینی ؛ بے آرامی ؛ پریشانی ۔

uncomfortably, adv. بے چینی سے ؛ بے آرامی سے ؛ پریشانی سے ۔

uncommitted, a. پابندی سے آزاد ؛ کسی طرح کی وابستگی سے بے تعلق ؛ جس نے کوئی پیمان نہ کیا ہو ؛ کسی بھی طرح کے عقائد ، وفاداریوں یا لائحۂ عمل کے پابند رہنے کے پیمان سے بے نیاز ؛ ناوابستہ ۔

uncommon, a. شاذ ؛ نادر ؛ غیر معمولی ؛ عجیب و غریب ؛ نادرالوجود ؛ بہت کم واقع ہونے والا ؛ انوکھا ؛اچنبھے کا ؛ خاص ؛ کم ؛ نرالا ؛ بہت خاص ۔

uncommonly, adv. غیر معمولی پن سے ؛ غیر معمولی طور پر ؛ شاذ و نادر۔

uncommonness, n. غیر معمولی پن ؛ شاذو نادر ہونے کی حالت ؛ عجیب و غریب ہونے کی کیفیت ۔

uncommunicative, a. کم گو ؛ دوسروں پر اپنے خیالات ، رائے ، احساسات وغیرہ ظاہر نہ کرنے والا ؛ دیرآشنا ۔

uncommunicatively, adv. کم گوئی سے ؛ اپنے خیالات ، احساسات وغیرہ نہ ظاہر کرتے ہوئے ۔

uncommunicativeness, n. خاموشی ؛ کم گوئی ؛ احتیاط ؛ دیرآشنائی ۔

uncompleted, a. نامکمل ؛ غیرسالم ؛ ادھورا ؛ کام یا چیز جو تکمیل کو نہ پہنچی ہو ؛ عیب دار۔

uncomplimentary, a. غیر تعریفی ؛ خلاف تواضُع ؛ خلاف اخلاق ؛ توہین آمیز ؛ ہتک آمیز ؛ اہانت آمیز ؛ بدتعریفی۔

uncomprehending, a. غیرتفہیمی ؛ غیر ادارک پذیر ؛ ناقابل شمول ؛ ناقابل تصوُّر۔

uncomprehended, a. جس کا ادراک نہ ہو سکا ہو ؛ سمجھ میں نہ آنے والا ؛ شامل نہ کیا ہوا ۔

uncomprehensible, a. ناقابل فہم ؛ غیر ادراک پذیر ؛ غیر قابل شمول ۔

uncompromising, a. غیر مصالحانہ ؛ غیرمصالحت پسندانہ ؛ بے لوچ ؛ بے لچک ؛ سخت ؛ جس میں مصالحت کی گنجایش نہ ہو ؛ ضِدی ؛ کٹّر ؛ سخت مزاج ؛ ہٹ دھرم ؛ کٹھ حجت ۔

uncompromisingly, adv. غیر مصالحت پسندانہ طور پر ؛ بے لچک طریقے سے ۔

uncompromisingness, n. غیرمصالحت پسندی ؛ بے لچک ہونے کی حالت ، سختی ؛ سخت مزاجی ؛ ضدی پن ؛ ہٹ دھرمی ۔

unconcern, n. لاتعلقی یا عدم دلچسپی ؛ بے توجہی ؛ ٹھنڈے دل و دماغ کی کیفیت ؛ یکسُوئی ؛ بے نیازی ؛ فکر سے آزادی ؛ بے نیاز۔

unconcerned, a. لاتعلق یا بے فکر ؛ ذہنی طور پر پر سکون ؛ دلچسپی یا توجہ سے عاری ؛ اثر نا پذیر۔

unconcernedly, adv. لاتعلقی سے ، بے فکری سے ؛ اطمینان سے ۔

unconcernedness, n. لاتعلقی ؛ بے فکری ؛ اطمینان ۔

unconditional, a. بلا شرائط ؛ غیر مشروط ؛ قطعی ؛ بنا شرط ۔

unconditionally, adv. غیر مشروط طور پر ؛ قطعی طور پر ؛ شرائط کے بغیر۔

unconditioned, a. بغیرکسی قسم کی شرائط کے ؛ غیر مشروط ۔ (فلسفہ) تعیّنات سے بری ، مطلق ۔ (نفسیات) غیر مشروط ؛ غیر اکتسابی ؛ جبلی یا خلقی ؛ طبعی ؛ غیرتشریطی ۔

unconfined, a. غیر محدود ؛ دباؤ یا جبر سے آزاد ؛ حدود کے بغیر ؛ جامع و وسیع ۔

unconfirmed, a. غیر مستحکم ؛ غیرمصدقہ ؛ بے توثیق ؛ غیر تصدیق شدہ ؛ بے سند ؛ بے ثبوت ؛ بلا منظوری ؛ مزید تصدیق اور شہادت سے توثیق نہ کیا ہوا ؛ جس کی مذہبی رسوم ادا کرکے توثیق نہ کی گئی ہو۔

unconformable, a. ناموافق ؛ غیر یکساں ؛ غیر مطابق ۔ (ارضیات) عدم مطابقت یا غیر سلسلہ وار اور بے قاعدہ طبقاتی تواتر کا مظہر۔

unconformability, n. ناموافقت ؛ عدم مطابقت ؛ مخالفت ۔

unconformably, adv. غیر مطابق طور پر ؛ مخالفانہ طور پر۔

unconformity, n. غیر مشابہت ؛ غیر موافقت ؛ عدم مطابقت ۔ (ارضیات) چٹانوں کی نچلی تہوں میں عدم تسلسل ، اکثر کٹاؤ کے ساتھ ۔

unconnected, a. بے میل ؛ انمل ؛ بے جوڑ ؛ الگ ؛ بے تعلق ؛ منطقی طور پر بے ربط ؛ غیر مربوط ۔

unconnectedly, adv. بے جوڑ پن سے ؛ بے تعلّقی سے ؛ بے ربطی سے ۔

unconnectedness, n. بے جوڑ پن ؛ بے تعلقی ؛ بے ربطی ۔

unconquerable, a. اجیت ؛ جو سر نہ ہو سکے ؛ ناقابل تسخیر ؛ ناقابل فتح ؛ مقابلے میں مغلوب نہ ہونے والا ؛ جسے مسخّر یا مغلوب نہ کیا جا سکے ؛ ناقابلِ عُبور۔

unconquered, a. غیر مغلوب ؛ غیر مفتوح ۔

unconscionable, a. خلافِ ضمیر ؛ بے ضمیر ؛ بے ایمان یا بے اصول ؛ مناسب و رواجی حدود سے بڑھا ہوا ؛ غیرمعتدل ؛ اخلاقی احساس سے محروم ؛ ناواجبی ؛ ناقابل جواز۔

unconscionableness, n. بددیانتی ؛ بے اصولی ؛ بے ایمانی ؛ بے ضمیری ؛ بے اصولاپن ۔

unconscionably, adv. بے ایمانی سے ؛ ناواجبی طور پر۔

unconscious, a. بے ہوش ؛ بے خبر (اس لفظ کا استعمال اکثر of کے ساتھ ہوتا ہے)؛ غافل ؛ بے حس ؛ عارضی طور پر بے ہوش یا عارضی طور پر ذہنی صلاحیتوں کے بغیر؛ اپنی ہستی ، حالت اور مقام سے بیہوش یا بے خبر ؛ جس کا احساس یا شعورنہ ہو (جیسے: -uncon scious mistake) ؛ بلا ارادہ (جیسے: unconscious slight) ۔ (نفسیات) دماغی اعمال کی اُس حالت کا عمومی نام جو شعوری نہ ہوں ؛ لاشعور۔

unconsciously, adv. نادانستہ ؛ غیرشعوری طور پر ؛ بے خبری

میں ؛ بے ہوشی کی حالت میں ۔

unconsciousness, n. لاشعوری ؛ بے خبری ؛ بے ہوشی ۔

unconsidered, a. غیر ملحوظ ؛ جس کا خیال نہ کیا گیا ہو یا جس پر غور نہ کیا گیا ہو ؛ جسے ملحوظ نہ رکھا گیا ہو ؛ جس کی عزت نہ ہو یا جس کے متعلق زیادہ اچھی رائے نہ ہو ۔

unconstitutional, a. خلاف قاعدہ ؛ خلافِ قانون ؛ غیر آئینی ؛ خلاف دستورِ اساسی یا خلاف آئین ، خصوصاً کسی قوم کا ؛ خلاف ضابطہ ؛ غیردستوری ۔

unconstitutionality, n. غیر آئینی پن ؛ بے ضابطگی ؛ غیر دستوریت ۔

unconstitutionally, adv. غیرائینی طور پر ؛ بے ضابطگی سے ؛ دستوراساسی کے خلاف ۔

unconstrained, a. بے باک ؛ آزادانہ ؛ اپنی مرضی سے ؛ بے روک ٹوک ؛ الفاظ و اعمال پر روک ٹوک کے احساس سے عاری ؛ غیر پابند ؛ بے مزاحمت ؛ بے روک ؛ طبعی ؛ فطری ۔

uncontested, a. بلامقابلہ ؛ بغیر جھگڑے یا مقابلے کے ؛ جسے چیلنج نہ کیا گیا ہو ؛ باتفاق کُلّی ؛ باتفاق آرا ۔

uncontrollable, a. جس پر تسلّط یا حکومت نہ کی جا سکے ؛ بے روک ؛ بے قید ؛ روک ٹوک سے آزاد ؛ جس پر قابو نہ پایا جا سکے ؛ سرکش ؛ ناقابل ضبط ؛ بس سے باہر ؛ آپے سے باہر ۔

uncontrollably, adv. ناقابل ضبط طریقے سے ؛ بلاروک ٹوک ؛ سرکشی سے ۔

uncontrolled, a. غیر منضبط ؛ بے قابُو ؛ بے ضبط ؛ مطلق العنان ؛ بے لگام ۔

unconventional, a. غیر روایتی ؛ غیر رواجی ؛ آزاد ؛ خلاف رواج یا دستور ؛ چلن کے خلاف ، جو کسی رواج ، رسم ضابطے یا نظیر کے مطابق نہ ہو یا اس کے خلاف ہو ؛ غیر رسمی ؛ رسم و رواج کی قید سے آزاد ؛ بے تکلفانہ ؛ آزادانہ ؛ آزاد روی کا ؛ نرالا ؛ نیا ؛ تجدد پسندانہ ؛ غیر معمولی ؛ نئے ڈھنگ کا ؛ جو کلیسائے انگلستان یا دوسرے کلیسا کا پیرو نہ ہو ؛ غیر مقلّد ۔

unconventionality, n. بدعت ؛ بے ضابطگی ؛ جدّت پذیری ؛ غیرمقلدی ۔

unconventionally, adv. رسم و رواج یا دستور کے خلاف ؛ غیر رسمی یا آزادانہ طور پر ؛ غیر مقلدانہ ۔

unconvinced, a. جس کا یقین نہ آیا ہو یا جسے یقین نہ دلایا جا سکا ہو ؛ جس کی ثبوت سے تسلّی نہ کی جا سکی ہو یا جسے ثابت نہ کیا جا سکا ہو ؛ قائل نا پذیر ؛ لاقائل ۔

unconvincing, a. مانا نہ جا سکنے والا ؛ ناقابلِ یقین ؛ بے اعتبار ۔

uncork, v.t. بوتل ، شیشی وغیرہ کا کارک کھولنا ؛ ڈاٹ کھولنا ۔ (بول چال) چھوڑ دینا یا رہا کر دینا خصوصاً غیر متوقع طور پر ۔

uncorked, a. جس کی ڈاٹ کُھلی ہو ؛ ڈھکن یا کارک کُھلا ہُوا ؛ چھوڑا یا رہا کیا ہُوا ۔

uncorrected, a. غلیر تصحیح شدہ ؛ غیر نظرثانی شدہ ؛ غیر اصلاح شدہ ؛ غیر اصلاح یافتہ ؛ تعزیر ، تادیب ، تنبیہہ نایافتہ ۔

uncounted, a. نہ گنا ہُوا ؛ اَن گنت ؛ بے شُمار ؛ اَن گنا ۔

uncouple, v.t. کھول دینا ؛ چھوڑ دینا ، جیسے کسی بندھی ہوئی چیز کو مثلاً کتا وغیرہ ؛ جفتہ چیز کو الگ کر دینا ۔ (فعل لازم) ڈھیلا ہو جانا یا کُھل جانا ۔

uncourteous, a. اکھڑ ؛ کج خُلق ؛ بے مروت ؛ بے ادب ؛ ناشایستہ ؛ غیر مہذب ؛ غیر خلیق ۔

uncouth, a. ادب آداب سے ناآشنا ؛ گنوار ؛ بونگا ؛ بے سلیقہ ؛ بے ڈول ؛ بھدّا ؛ بھونڈا ؛ عجیب اور انوکھا خصوصاً چہرے مہرے سے ؛ غیرمعمولی ؛ناتراشیدہ ؛ کڈھب ؛ بدنما ؛ بے ہنگم ؛ بے ڈھب ؛ بے تمیز ۔ (قدیم) اجنبی یا غیرمانوس ۔

uncouthly, adv. بے ڈھنگے طریقے سے؛ بے ہنگم پن سے؛ ناآشنائی سے ؛ بغیر ادب آداب کے ؛ بھدے پن سے ۔

uncouthness, n. بھدّا پن ؛ بے ڈھنگا پن ؛ بے ہنگم پن ؛ ادب ناآشنائی ۔

uncover, v.t. ننگا کرنا ؛ پردہ اُٹھا دینا یا ظاہر کر دینا ؛ طشت ازبام کرنا ؛ بھانڈا پھوڑنا ؛ ٹوپی وغیرہ اتارنا ، جیسے سر پر سے ہیٹ کو اٹھا لینا بطور عزت ۔ (فعل لازم) غلاف یا پردہ اُٹھا دینا ؛ کسی کا بطور عزت سر سے ٹوپی اتارنا ۔

uncovered, a. برہنہ ؛ بے پردہ ؛ ننگا ؛ کھلے سر ؛ سربرہنہ ؛ بیمہ یا متوازی محافظت کے بغیر ۔

uncreated, a. جسے کسی مخلوق نے پیدا نہ کیا ہو یا نہ بنایا ہو ؛ قائم بالذات یا جو ازل سے موجود ہو ؛ جو ابھی وجود میں نہ لایا گیا ہو ۔

uncritical, a. غیر نقادانہ ؛ غیر ناقدانہ ؛ جس میں نقادانہ صلاحیتیں نہ ہوں ؛ جو تنقید یا تجزیے کے اُصولوں کے مطابق نہ ہو ؛ غیرمعترضانہ ۔

uncritically, adv. غیرناقدانہ طور پر ؛ غیر تنقیدی طور پر ؛ اُصول تنقید کے خلاف ۔

unction, n. انضماد ؛ تدہین ؛ مالش وغیرہ کا عمل خصوصاً طبی ضرورت کے تحت یا مذہبی رسم کے طور پر ؛ مرہم یا تیل وغیرہ جو اس کام کے لیے استعمال کیا جائے ؛ مالش ؛ لیپ ؛ ابٹن ؛ غازہ ۔ (کلیسیات) وہ تیل جو بطور مذہبی رسم کے کسی بیمار یا قریب المرگ آدمی کو لگایا جائے ۔ دیکھیے: extreme unction ۔ وہ چیز جو سُکھ اور آرام پہنچائے ، جیسے کوئی تسکین دہ خیال ؛ گفتگو میں تسکین بخش ، ہمدردانہ اور دل لبھانے والا طرز انداز خصوصاً مذہبی موضوعات میں ؛ جلسوں میں ایسا طرز تقریر جو دل پر اثر کرنے والا اور ہلا دینے والا ہو ؛ تقریر میں پیشہ وارانہ ، رسمی یا اثرپذیر سنجیدہ پن یا جوش ۔

unctuous, a. چکنا ؛ تدہینی ؛ مرہم ، تیل یا گریس وغیرہ سے مشابہ یا اس کی خصوصیات والا ؛ چربی دار ؛ تیل یا صابن جیسا محسوس ہونے والا ، جیسے بعض معدنیات ؛ فراواں خصوصاً نامیاتی مادّے میں اور ڈھالنے کے قابل جیسے مٹی ؛ نرم چکنی مٹی کی طرح ؛ جس میں مذہبی ہمدردی اور نرمی ہو (جیسے: unctuous preacher) ؛ بہت زیادہ نرم ، خوش خلق ، نرم خُو ، شیریں زبان ۔

unctuosity, unctuousness, n. نرم خُوئی ؛ شیریں زبانی ؛ نرمی اور ملائمت ؛ چکناہٹ ؛ چکنی چکنی باتیں ؛ چکنی چپڑی باتیں ۔

unctuously, adv. نرم خوئی سے؛ شیریں زبانی سے ؛ نرمی اورملائمت سے ؛ تسیکن دہ یا ہمدردانہ گفتگو سے ۔

uncultivated, a. غیر آباد ؛ غیر مزروعہ ؛ زمین جس پر کاشت نہ کی گئی ہو ؛ اُفتادہ ؛ پڑتی ؛ جسے کاشت کے ذریعے پیدا نہ کیا گیا ہو یا ترقی نہ دی گئی ہو ؛ غیرشایستہ ، غیر مہذب و متمدن ؛ وحشی ؛ بے تربیت ؛ ترتیت نایافتہ ؛ ان گھڑا ؛ ناشایستہ ؛ ناتراشیدہ ؛ کندۂ ناتراش۔

uncultivable, uncultivatable, a. ناقابل کاشت ؛ جس زمین پر کاشت نہ کی جا سکے ؛ بنجر۔

uncurl, v.t. بل نکالنا ؛ خم نکالنا ؛ کسی خم دار شے کو سیدھا کرنا ۔ (فعل لازم) کسی ٹیڑھی یا پیچیدہ حالت سے سیدھا ہونا ۔

uncut, a. ناتراشیدہ ؛ جسے کاٹا نہ گیا ہو ؛ کتاب جس کی تلخیص نہ کی گئی ہو یا جسے مختصر نہ کیا گیا ہو ؛ جس کے کنارے کٹے ہوئے نہ ہوں جیسے کتاب ؛ وہ چیز جسے ترا شانہ کیا گیا ہو (جیسے:uncut gem) ۔

undaunted, a. بیباک ؛ نڈر ؛ دلیر ؛ بہادر ؛ بے خوف ؛ ہمّت نہ ہارنے والا ؛ مایوس نہ ہونے و الا ۔

undauntedly, adv. بے جھجک ؛ بے محابا ؛ بے خوفی سے ؛ دلیری سے ؛ بہادری سے ۔

undauntedness, n. بے خوفی یا دلیری ؛ بہادری ۔

undeceive, v.t. دھوکا ، وہم یا غلط فہمی دُور کرنا ؛ کان کھولنا ؛ سمجھانا۔

undeceivable, n. چوکس آدمی ؛ فریب میں نہ آنے والا شخص ؛ دھوکا نہ کھانے والا شخص ۔

undecided, a. غیر طے شدہ ؛ غیر فیصلہ شدہ ؛ مذبذب ؛ ڈانواں ڈول؛ متلّون ؛ قُوّتِ فیصلہ سے محروم ؛ بے فیصلہ ؛ زیر غور : زیر تصفیہ ؛ تصفیہ طلب ۔

undecidedly, adv. مذبذب طریقے سے ؛ متلّون حالت میں ۔

undecidedness, n. مذبذب حالت ؛ فیصلہ نہ کر سکنے کی کیفیت ؛ متلّون مزاجی ۔

undecillion, n. برطانیہ اور جرمنی میں ملین کا گیارہ گنا عدد جو ایک کے بعد چھیاسٹھ (٦٦) صفر لگانے سے بنتا ہے جب کہ امریکا اور فرانس میں ایک کے ساتھ چھتیس (٣٦) صفر لگانے سے بنتا ہے ۔

undefined, a. غیر واضح ؛ مقرر حدود کے بغیر ؛ غیر معین ؛ غیر تشریح شدہ ۔

undefinable, a. ناقابل وضاحت ؛ جس کی وضاحت نہ کی جا سکے ۔

undemonstrative, a. غیرمظہر ؛ اپنے احساسات ظاہر نہ کرنے والا ؛ الگ تھلگ ۔

undemonstratively, adv. خاموشی سے ؛ الگ تھلگ طور پر۔

undemonstrativeness, n. خاموشی ؛ سکوت ۔

undeniable, a. ناقابل تردید ؛ صحیح ؛ جس سے انکار نہ کیا جا سکے ؛ جس کے متعلق کوئی شک نہ ہو ؛ بظاہر ٹھیک ؛ بلاخوفِ تردید اچھا ۔

undeniableness, n. تردید نہ کر سکنے کی حالت ۔

undeniably, adv. یقیناً ؛ بلا تردید طور پر۔

undenied, a. جس کا انکار نہ ہو سکے ؛ متصدقہ ۔

undependable, a. ناقابل اعتبار ؛ غیر معتبر ؛ جس کا بھروسا نہ ہو۔

undependability, undependableness, n. بے اعتباری ۔

under, prep. تلے ؛ کسی کی حفاظت میں ؛ نیچے اور ڈھکا ہوا (جیسے : under the ground) ؛ کسی ماتحت حالت یا کم رتبے پر ؛ نیچے دبا ہوا (جیسے: under heavy expense) ؛ کسی درجہ بندی کے تحت ؛ کسی نئے نام کے تحت ظاہر کیا ہوا (جیسے: under a new name) ؛ کسی درجے ، رقم یا قیمت میں کم ؛ رتبے ، مرتبے وغیرہ میں کم ؛ کسی قانون ، ہدایت ، حُکم یا رہنمائی کے تحت (جیسے: under orders) ؛ کسی خیال یا تصور کے تحت (جیسے: under an impression) ؛ منظُور شدہ ، اجازت یافتہ یا تصدیق شُدہ (جیسے: under one's seal) ؛ کسی مطابقت سے ؛ کسی کے عہد ، نظام حکومت اور سیاسی نظام کے تحت ۔ (متعلق فعل) کسی چیز سے کم یا اُس کے نیچے ؛ سطح زمین کے نیچے ؛ نچلی جگہ پر ؛ کم درجے یا کم قیمت پر خصوصاً جتنا کہ ہونا چاہیے ؛ ماتحت درجے یا حالت میں ۔(صفت) تابع ؛ نیچے واقع ؛ ادنیٰ حالت میں ؛ مقدار یا درجے میں کم ، خصوصاً جتنا کہ ہونا چاہیے ؛ عہدے یا حالت میں کم تر؛ ماتحت ؛ ادنیٰ ؛ دباؤ میں یا قابو میں ، جیسے کسی قوت یا شخص کے ۔

go under, ڈوبنا ؛ مغلوب ہونا ، جیسے جدوجہد میں ؛ ناکام ہونا ، جیسے کاروبار میں ۔

underachiever, n. جس کی کارکردگی اپنی علمی قابلیت ، لیاقت یا سطح سے کم ہو خصوصاً اسکول کے کام میں ؛ زیرِ تحصیل کار ۔

underachievement, n. قابلیت کے مطابق کام نہ کر سکنے کی حالت ؛ زیرِ تحصیل ۔

underact, v.t., v.i. زیر کرداری کرنا ؛ اپنا کام یا کردار ناکافی طور پر ادا کرنا ؛ کردار کو پوری محنت و لگن کے بغیر ادا کرنا ؛ ادھورا کام کرنا ؛ بے دلی سے کام انجام دینا ۔

underage, a. کم سِن ؛ نابالغ ؛ قانونی یا مطلوبہ عمر کو نہ پہنچا ہُوا ؛ نابالغ خصوصاً قانوناً ۔ (اسم) کمی ۔

underarm, a. بازو کے نیچے (جیسے : an underarm seam of a garment) ۔ (متعلق فعل) (کھیل) گیند وغیرہ کندھے کے نیچے سے پھینکتے ہوئے ۔ (اسم) بغل ۔

underbelly, n. پیٹ کا نچلا حصہ ۔ (مجازاً) وہ علاقہ جو حملے سے غیرمحفوظ ہو۔

underbid, v.t. کم بولی دنیا جیسے کسی ٹھیکے یا مقابلے وغیرہ میں ۔ (برج) بازی کے لحاظ سے کم ہاتھ بولنا ۔

underbidder, n. کم قیمت لگانے والا ؛ کم بولی دینے والا ۔

underbody, n. زیر جسم حصہ ؛ کسی حیوان ، مشین یا گاڑی کا نچلا حصہ ۔

underbred, a. ناشایستہ ؛ کمینہ ؛ وہ جس کی تعلیم و تربیت درست طریقے پر نہ کی گئی ہو ؛ جو خالص نسل کا نہ ہو (جیسے:an underbred dog) ۔

underbrush, underbush, n. زیر گیاہ ؛ جھاڑیاں اور پودے جو جنگل میں بڑے درختوں کے نیچے اُگ آتے ہیں ۔

under carriage, n. گاڑیوں وغیرہ کا نچلا ڈھانچا ، جو اُوپر

کے حصے کو سہارا دیے ہوتا ہے ؛ ہوائی جہاز کا وہ نچلا حِصّہ جو اُس کے زمین پر اُترنے میں مدد دیتا ہے ۔

undercharge, v.t. معمول سے کم کرایہ یا کم قیمت لینا ؛ بہت کم قیمت وصول کرنا ؛ پورا بارود نہ بھرنا خُصوصاً بندوق وغیرہ میں ۔ (اسم) بہت کم کرایہ یا قیمت ؛ کوئی بوجھ جو کم یا ناکافی ہو ۔

underclassman, n. وہ طالب علم جو کسی ثانوی اسکول یا کالج میں نیا داخل ہوا ہو ۔

underclothes, underclothing, n. زیر جامہ ؛ پتلون ؛ قمیص وغیرہ کے نیچے پہننے کے کپڑے جیسے بنیان اور زیر جامہ ؛ چھوٹا کپڑا یا کپڑے ۔

undercoat, undercoating, n. وہ کوٹ جو کسی دوسرے کوٹ کے نیچے پہنا جائے جیسے فر کے کوٹ کے نیچے ؛ وارنش وغیرہ کی وہ تہ جو لکڑی،لوہے وغیرہ کی سطح پر سب سے پہلے لگاتے ہیں ؛ زیر تہ ؛ جس پر رنگ و روغن کی اصل یعنی چمکنے والی تہ لگائی جاتی ہے ۔ (فعل متعدی) نیچے کی تہ لگانا جیسے فرنیچر وغیرہ پر ۔

undercolored, Brit. undercoloured, a. ضرورت سے کم رنگ کا ؛ ناکافی رنگ کا جس پر ضرورت سے کم رنگ و روغن لگایا گیا ہو جب کہ اس پرزیادہ کی ضرورت ہو ۔

undercool, v.t. ٹھنڈا یخ کرنا ؛ بہت ہی زیادہ ٹھنڈا کرنا ۔

undercover, a. بھیدی ؛ خفیہ کام کرنے والا ، خصوصاً بطور جاسوس یا تفتیش کنندہ ؛ خُفیہ ؛ بصیغۂ راز ۔

undercroft, n. تہ خانہ یا زیر زمین کمرہ،خصوصاً کسی گرجے کا پوشیدہ تہ خانہ ۔

undercurrent, n. زیر رَو ؛ زیر آب رَو یا دھارا ؛ وہ رَو یا دھارا جو سطح آب کی رو کے نیچے ہو جیسے ہوا یا پانی کا ۔ (مجازاً) وہ خیالات ، رجحان یا میلان جو نظر آنے والے خیالات یا میلان و رجحان سے مختلف ہوں ؛ اندرونی کارروائی ؛ زیریں دھارا ؛ خُفیہ چال ۔

undercut, v.t., v.i. نیچے سے کاٹنا ؛ اِس طرح کاٹنا کہ اُس کا اوپر کا حصہ لٹکتا رہے جیسے سنگ تراشی یا بُت تراشی میں ؛ کم قیمت پر کسی چیز کا فروخت کرنا یا مقررہ تنخواہ یا اُجرت سے کم پر کام کرنا (بعض مدمقابل کی نسبت) ۔ (کھیل) خاص طور پر ٹینس یا گالف میں گیند کو ترچھے انداز میں ضرب لگانا ؛ کسی چیز کو سستا فروخت کر دینا یا کسی شخص کو خفیف کرنا ۔ (اسم) نچلے حصّے کی کاٹ ؛ درخت کو معین سمت میں گرانے اور ٹوٹ پھوٹ سے بچانے کے لیے کلہاڑے سے لگایا گیا دندانہ ۔ (زیادہ تر برطانوی) گائے ، بچھڑے وغیرہ کی کُولھے یا پنڈلی کانرم گوشت ؛ پُٹھ کا گوشت ۔ (صفت) نیچے کی کاٹ والا یا ایسی کاٹ ، تراش کے نتیجے میں ۔

underdeveloped, a. ترقی پذیر ؛ پسماندہ ؛ ناکافی یا کم ترقی یافتہ ۔ (معاشیات) کم یا ناکافی طور پر صنعتی ۔ (عکاسی) مناسب تقابل سے عاری ، جیسے منفی تصویر جو مسالے سے ناکافی طور پر دھوئی گئی ہو ؛ کم آشکارا ؛ کم اُجاگر ۔

underdevelop, underdevelope, v.t. کم یا ناکافی طور پر ترقی کرنا ؛ مسالے سے ناکافی طور پر دھونا ؛ کم اُجاگر کرنا ۔

underdo, v.t., v.i. کچا رکھنا ؛ کم پکانا/پکنا؛ ناکافی طور پر پکانا یا گلانا/گلنا ؛ اَدھ گلا رکھنا ؛ معمول سے کم کرنا ۔

underdog, n. مغلوب ؛ کمزور شخص ؛ گرا پڑا شخص ؛ دبا ہوا ، شکست خوردہ شخص ؛ تھکا ماندہ یا پامال شخص ؛ روندا ہُوا شخص ؛ ماتحت شخص ؛ ہیچ ؛ ادنیٰ ؛ حقیر ؛ لڑائی یا مقابلے میں ایسا شریک جسے اپنے سے زیادہ طاقتور حریف سے پالا پڑ جائے ؛ وہ جس کے ہارنے کا امکان ہو ؛ بے توجہی یا ظلم و ستم کا شکار شخص ، خصوصاً معاشرے کا ۔

underdone, a. نیم پُخت ؛ ناکافی طور پر پکا ہُوا ؛ اَدھ پکا (جیسے : underdone meat) ۔

underdrawers, drawers, n., زیر جامہ ؛ جانگیہ ؛ وہ ملبوس جو کپڑوں کے نیچے عموماً ٹانگوں سے اوپر والے حصے پر پہنا جاتا ہے ۔

underestimate, v.t., v.i. ناکافی اندازہ یا کم اندازہ لگانا ؛ کسی چیز کی قیمت کا بہت کم اندازہ لگانا ؛ ہیچ سمجھنا ؛ کم آنکنا ؛ کم اہمیت دینا ؛ تھوڑا سمجھنا ۔

underestimation, n. ناکافی اندازہ ؛ بہت کم اندازہ ؛ اصل سے کم اندازہ ۔

underexpose, v.t. (عکّاسی) فلم کو ناکافی روشنی پہنچانا ؛ زیرِ تعریہ کرنا ۔

underexposure, n. زیر تعریہ ؛ ناکافی روشنی ۔

underfeed, v.t. کم غذا کھلانا یا دینا ؛ بھٹّی وغیرہ کو نیچے سے ایندھن دینا ؛ کم تغذیہ کرنا ۔

underfoot, adv., a. پاؤں تلے ؛ پاؤں کے نیچے ؛ زمین پر ؛ نیچے یا تلے ؛ راستے میں حائل ؛ رذیل ؛ ذلیل ؛ ادنیٰ ۔

underfur, undercoat, n. سمور ؛ سنجاب ؛ بعض جانوروں کے کھردرے اوربیرونی بالوں کے نیچے باریک اور نرم بالوں کی تہ جیسے سیل (دریائی بچھڑے) ،اودبلاؤ ، سنجاب وغیرہ کی ۔

undergarment, n. زیر جامہ ، خصوصاً وہ زیر جامہ جو باہر کے کپڑوں کے نیچے پہنا جائے ؛ زیر لباس ۔

undergird, v.t. تقویت پہنچانا ؛ مضبوط کرنا ؛ مستحکم کرنا ، جیسے رسّے کو نیچے سے گزار کر ؛ بنیاد پر سے مضبوط بنانا یا بنیادی تائید و حمایت مہیا کرنا ۔

underglaze, a. (ظروف سازی) صیقل کرنے سے پہلے لگائی جانے والی (جیسے کریم یا روغن کی تہ ، چینی کے برتنوں پر رنگ لگانے یا بیل بوٹے وغیرہ بنانے سے پہلے) ۔

undergo, v.t. جھیلنا ؛ کسی تجربے سے گزرنا ؛ تکلیف یا دکھ اٹھانا ؛ برداشت کرنا ؛ سہنا ؛ کاٹنا ؛ گزار دینا؛ بھوگنا ؛ بُھگتنا ؛ لینا ؛ پانا ؛ گزارنا ۔

undergraduate, n. انڈر گریجویٹ ؛ کالج یا یونیورسٹی کا ایسا طالب علم جس نے اپنی پہلی ڈگری حاصل نہ کی ہو ۔ (صفت) ایسی حیثیت یا درجے کا(طالب علم)یا ایسے طال ، علموں سے متعلق ۔

underground, adv. زمین دوز ؛ زیر زمین ۔ (مجازاً) خفیہ یا پوشیدہ طور پر ؛ راز میں ۔ (صفت) زیر زمین واقع یا زیر زمین عمل پیرا ۔ (مجازاً) خفیہ ؛ چھپا ہوا ؛ مخفی ۔ (اسم) زیر زمین جگہ یا علاقہ ؛ زیر زمین راستہ یا کمرہ ؛ کوئی خفیہ تنظیم و تحریک جو کسی مُسلّمہ حکومت کے خلاف سرگرم عمل ہو ، خصوصاً کسی مقبوضہ مُلک میں ۔ (برطانوی) زمین دوز راستہ یا ریلوے ۔

underground railroad, underground railway, n. زمین دوزریلوے ؛ ایسی ریلوے جو مسلسل سرنگ میں چلتی ہو ، جیسے شہر کے بازاروں کے نیچے ؛ زیر

رہن کے معاملے میں ۔

undermine, v.t., v.i. سُرنگ یا راستہ بنانا یا زیر زمین کھدائی کرنا ، جیسے فوجی مہمات میں ؛ بیخ کنی کرنا ؛ جڑ کاٹنا ؛ جڑ کھودنا ؛ جڑ سے اکھاڑ پھینکنا ؛ تباہ و برباد کر دینا ؛ نیست و نابود کر دینا ؛ استیصال کرنا ؛ کھوکھلا یا کمزور کر دینا ؛ گُھن لگا دینا ؛ سرنگ کھودنا ؛ طاقت کم کرنا ؛ نقصان پہنچانا ؛ سیندھ لگانا ؛ بنیاد کا کھوکھلا کرنا یا کمزور ہو جانا (جیسے: the river undermining its banks) ؛ خفیہ طور پر کمزور کرنا ؛ چپکے چپکے یا بتدریج کمزور یا برباد کرنا (جیسے: to undermine his health) ۔

underminer, n. نقب زن ؛ خفیہ طور پر کمزور یا برباد کرنے والا شخص ؛ جڑ کھودنے والا ۔

undermost, a., adv. کمترین ؛ عہدے ، حیثیت یا حالت میں سب سے نیچے یا کمزور ؛ فروتر ؛ زیریں ۔

underneath, prep. نیچے ؛ نچلی طرف ؛ نیچے کا ؛ زیر ؛ تلے ؛ ماتحت یا قابو میں ؛ کسی بہروپ شکل یا لباس میں ۔ (متعلق فعل) نیچے کی طرف ، نچلی سطح یا جگہ پر ۔ (صفت) نیچے یا نیچی جگہ رکھا ہوا ۔ (اسم) نچلا حصہ یا نچلی طرف ۔

undernourish, v.t. مناسب صحت اور بالیدگی کے لیے ضروری غذا سے کم غذا دینا ؛ زیر تغذیہ کرنا ۔

undernourishment, n. زیر تغذیہ ؛ ناکافی خوراک ؛ کم تغذیہ ؛ ضرورت سے کم غذا ؛ کمزور پرورش ۔

underpants, n. جسم کے نچلے حصے پر پہننے والا ملبوس ؛ زیر جامہ ؛ زیر پتلون ۔

underpart, n. حصّہ زیرین ؛ جسم کا نچلا یا اندرونی حِصّہ ؛ جسم کے نچلے حِصّے کا کوئی عضو ۔

underpass, n. زیر راستہ ؛ راستہ جو پل وغیرہ کے نیچے ہو جیسے کسی ریلوے یا سڑک کے نیچے پیدل چلنے والوں اور گاڑیوں وغیرہ کے لیے راستہ ۔

underpin, v.t. ٹیک لگانا ؛ سہارا دینا ؛ سہارے کے تھم ، تھونی وغیرہ لگانا ، خصوصاً جب کہ پہلا سہارا ہٹایا جا چکا ہو ؛ تائید کرنا ؛ تقویت دینا ؛ سہارا دینا ۔

underpinning, n. پائے ؛ سہارے ؛ کسی دیوار یا عمارت کو سہارا دینے کے لیے ٹھوس تعمیریا کوئی اور سہارا ، خصوصاً پہلے سے بنی ہوئی دیوار یا عمارت کا ؛ ٹیک ؛ تُھونیاں ۔ (بول چال) ٹانگیں ۔

underplay, v.t. دبے دبے انداز میں پیش کرنا ، جیسے اداکاری میں معمول سے کم جذباتی اظہار کے ساتھ ۔ (فعل لازم) کردار کو دب کر یا مدھم طور پر ادا کرنا ؛ تاش کھیلنے میں بھاری پتّا روک کر ہلکے پتّے کھیلنا ۔

underplot, n. زیریں پلاٹ ؛ ذیلی پلاٹ ؛ کسی ڈرامے یا ناول کے پلاٹ کے تحت ایک ذیلی پلاٹ ؛ ضمنی قصّہ ۔

underprivileged, a. کم مستفیض ؛ غیر مراعات یافتہ : اقتصادی یا سماجی حالات کی بنا پر اُن حقوق اور استحقاق کا معاشرے کے تمام افراد کو حاصل نہ ہونا جس کے وہ معاشرے کے رکن کی حیثیت سے مستحق ہیں ۔

underproduction, n. زیرِ پیداوار ؛ معمول ، طلب یا استعداد سے کم پیداوار ۔

زمین ریل ۔ (بڑے U سے) امریکا میں غلامی کے خاتمے سے پہلے کے زمانے میں امداد باہمی کی ایک تحریک جو مفرور غلاموں کو کینیڈا یا کسی اور ملک میں جانے کے معاملے میں مدد کرتی تھی ۔

undergrown, a. کم نمو ؛ جس کی بالیدگی پورے طور پر نہ ہوئی ہو ؛ چھوٹے قد کا ؛ ٹھنگنا ؛ درخت کے نیچے اُگی (جھاڑی گھاس) ۔

undergrowth, underbrush, n. زیر شجری ؛ بڑے درختوں کے نیچے یا درمیان اُگے ہوئے چھوٹے پودے ، جھاڑیاں یا گھاس وغیرہ ، جیسے جنگل میں ؛ چھوٹے قد یا جھاڑیوں وغیرہ کی حالت ؛ حیوانوں کے کھردرے بالوں کے نیچے گھنے یا باریک نرم بال ۔

underhand, a. پوشیدہ ؛ رازدارانہ ؛ عیارانہ ؛ چھپا ہوا ، خصوصاً عیارانہ ، مکارانہ یا شرم ناک طور پر ۔ (کھیل) کندھے کے نیچے سے پھینکے جانے والی (جیسے underhand pitching or bowling) ۔ (متعلق فعل) پوشیدہ طور پر ؛ چپکے چپکے ؛ چوری سے ؛ عیاری سے / کھلے بندوں نہیں ۔ (کھیل) ہاتھ کندھے کی سطح سے نیچے رکھتے ہوئے ، جیسے گیند پھینکنے میں ۔

underhanded, a. پوشیدہ ؛ رازدارانہ ؛ کم کاریگروں سے ۔

underhandedly, adv. رازداری سے ؛ عیّاری سے ۔

underhandedness, n. رازداری ؛ عیّاری ؛ خُفیہ پن ۔

underhung, a. (تشریح الاعضا) اوپر والے جبڑے سے آگے کو بڑھا ہُوا ، جیسے نچلا جبڑا ؛ آگے کو نکلا ہُوا(نچلا جبڑا) ؛ پٹڑی یا ریل پر قائم یا چلتا ہُوا اور جسے نیچے سے ٹیک دی گئی ہو جیسے پھسلواں دروازہ ۔ (میکانیات) نیچے کو لٹکا ہُوا ۔

underlaid, a. نیچے پڑی ہوئی یا رکھی ہوئی ؛ ٹیک دینے والی ؛ جس کے نیچے کچھ پڑا ہو یا رکھّا ہو ۔

underlay, v.t. کسی چیز کے نیچے دوسری چیز کا رکھنا ؛ تہ دینا ؛ کچھ نیچے رکھنے کے لیے مہیا کرنا ؛ کچھ نیچے رکھ کر ٹیک دینا یا اُوپر اُٹھانا ؛ کسی چیز کے پیندے کو ڈھانپنا ۔ (طباعت) ٹائپ کو چھپائی کے لیے مناسب اونچائی تک لانے کے لیے کاغذ یا استر نیچے رکھنا ۔ (اسم) نیچے رکھی گئی چیز ۔

underlet, v.t. کم کرائے یا مالیت پر ، کرائے یا پٹّے پر دینا ؛ اصلی کرایہ دار کا مکان یا دکان وغیرہ کو اپنی طرف سے دوسرے کرایہ دار کو کرایہ پر دینا ۔

underlie, v.t. کسی چیز کے نیچے ہونا ؛ کسی کے نیچے واقع ہونا ؛ کسی کی اساس ہونا ؛ کسی کا سہارا ہونا ؛ کسی کی بنیاد بننا ؛ کسی کا ماتحت یا مستوجب ہونا ۔ (مالیات) کسی کا پہلا قانونی حق ہونا یا ضمانت ہونا ۔

underline, v.t. خط کشیدہ کرنا ؛ زور دینا ؛ اہمیت ظاہر کرنا ؛ جتانا ۔ (اسم) خط کشیدہ ؛ کسی لفظ یا جملے کے نیچے کھینچا ہوا خط اس کی اہمیت ظاہر کرنے کی نیت سے ۔

underling, n. ماتحت ، خصوصاً جب اُسے تحقیر کے طور پر استعمال کیا جائے ؛ ملازم ؛ زیردست شخص ؛ ادنیٰ عہدے دار ۔

underlip, n. نچلا ہونٹ ۔

underlying, a. نیچے یا کسی چیز کے تلے رکھا ہُوا ؛ اساسی یا بنیادی ؛ وہ(چیز)جس کا صرف نزدیک سے معائنے پر پتا چل سکے ؛ جس کا دعویٰ دوسرے کے مقابلے میں مقدّم ہو یا پہلے کا ہو مثلاً

underproof, a. کم الکوحلی (شراب)جس میں معیار سے کم الکوحل ہو۔

underrate, v.t. کم قیمت لگانا؛ کم آنکنا ؛ اندازے سے کم شرح مقرر کرنا ؛ اصل قدروقیمت سے کم اندازہ کرنا ۔

underripe, a. ادھ کچرا ؛ ادھ پکّا ؛ نیم پُختہ ؛ پوری یا اچھی طرح نہ پکا ہوا جیسے پھل ۔

underrun, v.t. نیچے سے بہنا ، گزرنا یا جانا ۔ (جہازرانی) نیچے سے گزرنا جیسے تار کے نیچے سے (معائنے کے لیے) ۔ (اسم) وہ چیز جو نیچے بہے یا گزرے جیسے زیر رو ۔

underscore, v.t. الفاظ کے نیچے خط کھینچنا ؛ زور دینا ؛ نمایاں کرنا ؛ اُبھارنا ؛ اہمیت ظاہر کرنا ۔ (اسم) نیچے لگا ہوا خط ۔

undersea, underseas, a. زیر بحر ؛ جو چیز سمندر کی سطح تلے واقع ہو ، سمندر کی تہ میں واقع ہو یا زیر استعمال ہو ، جیسے آبدوز ۔ (متعلق فعل) سطح سمندر کے نیچے ۔

undersecretary, n. تحت معتمد ؛ انڈر سکریٹری ؛ سکریٹری کے ماتحت جیسے حکومت کے محکمے میں ۔

undersell, v.t. مد مقابل دکان دار سے کم قیمت پر فروخت کرنا ؛ اصل قیمت سے کم پر فروخت کرنا ؛ اونے پونے بیچنا ؛ کم داموں بیچنا ؛ سستا بیچنا ؛ اصل داموں سے کم قیمت پر بیچنا ؛ دوسرے سے کم قیمت پر بیچنا ۔

underseller, n. کم قیمت پر فروخت کرنے والا شخص ۔

undershirt, n. بنیان بازوؤں والی یا بغیر بازوؤں کے جو قمیص کے نیچے پہنی جائے ۔

undershoot, v.t. ہدف کے نیچے یا اُس سے کم فاصلے پر نشانہ لگانا ؛ ہدف پر نشانہ نہ لگا سکنا ؛ مقررہ ہدف کا نشانہ نہ لے سکنا ۔ (طیرانیات) مقررہ مقام پر بم نہ گرا سکنا یا ہوائی جہاز اتار نہ سکنا ۔ (فعل لازم) مقررہ نشانے یا ہدف پر نشانہ نہ لگنا ؛ نشانہ چوک جانا ؛ نشانے پر لگنے سے رہ جانا ۔

undershot, a. پاشار ؛ زیرشار ؛ اوپر کے دانت سے بڑھے ہوئے نچلے دانت والا جبکہ منھ بند ہو ، جیسے کتے کا ؛ بڑھے ہوئے نچلے جبڑے والا ؛ نیچے بہنے والے پانی کے زور سے چلنے والا جیسے رہٹ ۔

undershrub, n. بُوٹی ؛ بوٹا ؛ چھوٹی جھاڑی ؛ زیریں بوٹی ۔

underside, n. نچلا حِصّہ یا کسی چیز کی نچلی سطح ۔

undersign, v.t. زیر دستخط کرنا ؛ دستخط ثبت کرنا ؛ کسی دستاویز یا خط کے اخیر میں اپنا نام لکھنا یا دستخط کرنا ۔

undersigned, a. زیر دستخطی ؛ راقم الحروف ؛ راقم فی الذیل ؛ وہ جس نے کسی دستاویز یا خط کے اخیر میں اپنے دستخط کیے ہوں ۔

the undersigned, فرد یا افراد جنھوں نے کسی دستاویز پر دستخط کیے ہوں ۔

undersized, undersize, a. ٹھگنا ؛ میعاد یا طبعی قد و قامت یا حجم سے کم ؛ کوتاہ قامت ؛ معمول کے قد سے چھوٹا ؛ پست قد ۔

underskirt, n. ساری کے نیچے پہننے والا لہنگا ؛ لمبے گون کے نیچے پہنا ہوا لہنگا ؛ پیٹی کوٹ ۔

underslung, a. (میکانیات) گاڑی کے فریم سے متعلق جو دُھروں پر رکھے ہونے کی بجائے نیچے لٹکا ہوتا ہے ؛ نیچے لٹکا ہوا ؛ جس کا مرکز ثقل نیچے کی طرف ہو ؛ پست قد ۔

undersoil, n. دیکھیے : subsoil ۔

undersong, n. گانے کی سنگت میں سازوں کی آواز ؛ ایک ذیلی نغمہ ؛ بین السطور معانی ؛ پوشیدہ مطلب ۔

underspin, n. دیکھیے : Backspin ۔

understand, v.t. سمجھنا ؛ مطلب سمجھنا؛ مقصد سمجھنا ؛ منشا یا وجہ سمجھنا ؛ کسی موضوع کو پوری طرح سمجھنا ؛ کسی شخص کی طبعیت ، کردار وغیرہ سے خوب واقف ہونا ؛ الفاظ اور علامات سے مطلب جان لینا (جیسے: to understand French) ؛ معنی سمجھنا (جیسے: try to understand his remarks) ؛ کسی معاملے کو طے شدہ تصور کر لینا (جیسے: to understand payment is due immediately) ؛ جان لینا ؛ سماعت سے جان لینا (جیسے: I understand my neighbor is vacationing) ؛ سچ مان لینا یا یقین کر لینا ؛ کسی خاص طریقے کا مطلب سمجھنا (جیسے: to understand the phrase literally) ؛ معنی مکمل کرنے کے لیے ان کہے الفاظ ، محاورے یا خیال ذہنی طور پر مہیا کر لینا ؛ بوجھ لینا ۔ (فعل لازم) یہ جان لینا کہ اس سے کیا مطلب ہے ؛ کسی چیز سے متعلق معلومات یا علم حاصل ہونا (جیسے: to understand about a matter) ؛ معلومات کا حاصل ہو جانا ؛ بطور رواداری کے یا ہمدردی کے قبول کرلینا (جیسے: If you fail, she will understand) ؛ فرض کر لینا ؛ پالینا ۔

understandability, n. سمجھ ؛ وقوف ؛ فہم پذیری ؛ مطلب سمجھ لینے کی اہلیت ؛ مقصد سمجھ لینے کی حالت ؛ جان لینے کی کیفیت ۔

understandable, a. سمجھ میں آنے والا ؛ جو جانا جا سکے ؛ جس کا مطلب جانا جا سکے ؛ قابلِ فہم ۔

understandably, adv. جاننے کے طور پر ؛ سمجھنے کے طور پر ؛ مطلب جان لینے کے طور پر ؛ قابلِ فہم انداز میں ۔

understanding, n. سمجھ ؛ فہم ؛ عقل ؛ ذہانت ؛ سمجھوتا ؛ قوت تمیز ؛ ادراک ؛ گیان ؛ سمجھنے کا عمل ؛ علم حاصل کرنے اور مطلب اخذ کرنے کی قوت یا اہلیت ؛ ذہنی استعداد یا بصارت ؛ ذاتی تاویل (جیسے: his understanding of the situation) ؛ کسی خاص شعبے سے متعلق علم ؛ کسی چیز یا حالات سے عہدہ برآ ہونے کی صلاحیت ؛ دو اشخاص کے باہمی دوستانہ مراسم ؛ باہمی سمجھوتا ، عموماً مفاہمت نجی یا غیر افشا شدہ (جیسے: an understanding about who drives for work) ؛ کسی مشترکہ اقدام کرنے یا اختلافات طے کرنے سے متعلق معاہدہ (جیسے: The two disputing factions reached an understanding) ۔ (فلسفہ) منطقی قوت ۔ (صفت) ذہانت ، ادراک ، بصیرت ، بردباری کا مظہر ۔

understandingly, adv. سمجھ بوجھ سے ؛ عقل و فہم سے ؛ قوت ادراک سے ؛ مفاہمت سے ۔

understate, v.t. گھٹا کر بیان کرنا ؛ کم بیانی کرنا ؛ بالواسطہ تعریف کرنا ؛ حقیقت کے اظہار یا بیان میں پوری سچائی سے کام نہ لینا ؛ جان بُوجھ کر کُھل کر اظہار نہ کرنا ، خصوصاً کسی چیز یا حقیقت کی پسندیدگی یا تعریف اُس کے تضادات پر توجہ دلاتے ہوئے کرنا ۔

understatement, n. (علم بیان ، ادب) کم بیانی ؛ گھٹا کر بیان کرنے کا عمل ؛ دھیمے لہجے میں بیان جس کا مقصود تاثر میں شدت پیدا کرنا ہو ۔ دیکھیے : meiosis ۔

understood, a. پہلے سے مانا ہوا ؛ مضمر ؛ مقدر ؛ پوشیدہ ؛ مسلمہ ؛ بنا کہے پہلے سے سمجھا ہوا ؛ جانا ہوا ؛ طے شدہ یا مانا ہوا ؛ فرض کیا ہوا ؛ بغیر کہے ذہنی طور پر تصور کیا ہوا (جیسے: an understood meaning) ۔

understrapper, n. چھوٹا عہدے دار ؛ چھوٹا ملازم ؛ ماتحت جس کی کوئی اہمیت نہ ہو ؛ زیر دست ؛ کار پرداز ؛ پیش کار ۔

understudy, v.t. قائم مقامی کی تربیت لینا ؛ اس نقطۂ نظر سے کسی رول کی تربیت حاصل کرنا کہ ضرورت پیش آنے پر فلاں اداکار یا اداکارہ کی جگہ کام کیا جا سکے ۔ (فعل لازم) کسی اداکار یا اداکارہ کے زیر تربیت ہونا ۔ (اسم) وہ شخص جس کی اس لیے تربیت کی جائے کہ وہ بوقت ضرورت متبادل اداکار یا اداکارہ کا کام کر سکے ؛ قائم مقام ؛ عوضی ؛ بدل ۔

undersurface, n. نیچے والا حصہ ۔ (صفت) زیر سطح ؛ ڈوبا ہوا یا ڈوبے ہوئے علاقے میں حرکت کرنے والا ۔

undertake, v.t., v.i. بیڑا اٹھانا ؛ قبول کرنا ؛ قول دینا ؛ اختیار کرنا ؛ بار اٹھانا ؛ ہامی بھرنا ؛ اپنے ذمے لینا ، جیسے کوئی کام یا کردار ؛ کوشش کرنا ، ذمہ داری قبول کرنا کسی وعدے یا باقاعدہ معاہدے کی وجہ سے ؛ ذمہ لینا یا ضمانت دینا ؛ آمادہ ہونا یا ہو جانا ۔

undertaker, mortician, n. وہ جو کسی کام کے کرنے کا ذمّہ لے ؛ وہ شخص جس کا پیشہ تجہیز و تکفین کا بندوبست کرنا ہو؛ تابوت بردار ۔

undertaking, n. ضمانت ؛ کار ؛ کام ؛ مہم ؛ کسی کام کو اپنے ذمے لینے کا عمل ؛ کوئی کام ، مہم یا ذمہ داری ؛ کوئی وعدہ یا عہد ؛ مُردوں کی تجہیز و تکفین کا انتظام یا پیشہ ۔

undertenant, n. شکمی کرایہ دار ، وہ کرایہ دار جس نے مکان یا دکان لے کر آگے کرایے پر اُٹھا رکھی ہو ۔

under-the-counter, a. خفیہ ، غیر قانونی یا ناجائز طور پر فروخت ہونے والی ؛ خلافِ قانون ۔

undertone, n. مدھم سُر ؛ ہلکا رنگ ؛ دھیما لہجہ ؛ دبا دبا لہجہ ؛ تہ میں پوشیدہ عنصر یا وصف ؛ رنگ جو کسی بڑے رنگ کی تہ میں جھلکتا نظر آئے ۔

undertow, n. لوٹتی لہر ؛ لَوٹتی مَوج ؛ سطح آب کے نیچے الٹا بہاؤ جو کنارے سے ٹکرائے ؛ سطح آب کے نیچے پانی کی تیز رَو جس کا رُخ اوپر والے پانی کے بہاؤ کے مخالف ہو ۔

undertrick, n. (تاش) ایسی چال جو بازی جیتنے کے لیے ضروری ہو لیکن کامیابی نہ ملے ۔

undertrump, v.i. (تاش) زیر تُرپ ہونا ؛ کھیلے گئے تُرپ سے ہلکا ترپ کھیلنا ۔ (فعل متعدی) دوسرے کھلاڑی سے ہلکا ترپ کھیلنا ۔

undervalue, v.t. کم آنکنا ؛ اصل قدر سے کم قیمت لگانا ؛ کسی چیز کی بہت ہی کم قیمت لگانا ؛ قیمت میں کم کرنا ؛ کم قدری کرنا ؛ قیمت گھٹانا ؛ کم یا بہت زیادہ نیچا اندازہ لگانا ؛ کم یا ہلکا مول ڈالنا ۔

undervaluation, n. ہلکا مول ؛ کم قدری ؛ کم قیمت ؛ قیمت کا ناکافی اندازہ ؛ اصل سے کم اندازہ ۔

undervest, n. (برطانوی) بنیان ۔

underwaist, n. زیر جامہ کے نیچے پہنے جانے والا زیر جامہ ؛زیرِ زیر جامہ

underwater, a. زیر آب ؛ آب دوز ؛ پانی میں ڈوبا ہوا ؛ زیر آب استعمال کے لیے بنایا گیا (جیسے : an under water boat,) ؛ اس سطح آب سے نیچے جس پر کشتی تیر رہی ہو ۔ (متعلق فعل) پانی میں ڈوبے ہوئے طور پر ۔ (اسم) پانی میں ڈوبے ہونے کی حالت؛ زیر آبی ۔

underwear, underclothes, underclothing, n. زیر جامہ ؛ وہ زیر جامہ یا کپڑا جو اوپر کے کپڑوں کے نیچے پہنا جائے ۔

underweight, n. کم وزن ؛ وزن کی کمی ؛ اوسط سے کم وزن ۔ (صفت) کم وزن والا ۔

underwing, n. (حشریات) زیر جناح ؛ بڑا پتنگا یا کیڑا جس کے پروں کے نیچے پچھلی طرف شوخ سرخ ، زرد یا نارنجی رنگوں کی ہم مرکز دھاریاں ہوتی ہیں ؛ زیر پر پتنگا ۔

underwood, n. زیر جنگل ؛ چھوٹے پودے یا جھاڑیاں جو اونچے درختوں کے درمیان یا نیچے اگی ہوں ؛ جڑی بوٹیاں ؛ تل جھاڑی ۔

underworld, n. زیر زمین دنیا ؛ پوشیدہ دنیا ؛ جرائم پیشہ طبقہ ؛ معاشرے کا ایسا طبقہ جو برائیوں یا جرائم میں مبتلا ہو ؛ منظم جرائم پیشہ لوگ ۔ (یونانی و رومی اساطیری) وہ علاقہ جہاں مردے ہوں ؛ قبرستان ؛ جہنم ؛ پاتال ؛ عالم ارواح ۔ (قدیم) تحت قمری دنیا ؛ زمین ؛ عالم اسفل ۔

underwrite, v.t. تحریر میں لانا ؛ ضمانت دینا ؛ کسی تحریر کے نیچے یا آخر میں لکھنا یا دستخط کرنا ؛ کسی بیان کے نیچے اپنا نام لکھنا جس سے وہ اتفاق کرتا ہے ؛ کسی ایسے منصوبے میں رقم لگانے کی حامی بھرنا جو دوسرے مکمل کر رہے ہوں ؛ کسی معاملے میں مالی ضمانت دینا جیسے کسی بڑے کاروبار میں ۔ (بیمہ) بیمہ کمپنی کا کسی پالیسی پر دستخط کرنا ، اس میں درج مالی ذمہ داری اٹھاتے ہوئے اور اس کے مخصوص نقصانات کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے ۔ (مالیات) کسی نئے جاری شدہ اسٹاک یا تمسکات کی فروخت کی ضمانت دینا جو عوام کو فروخت کے لیے پیش کیے جا رہے ہوں ۔ (فعل لازم) بیمے کا کاروبار ہونا ۔

underwriter, n. بیمہ کار ؛ کوئی شخص یا ادارہ جو بیمے کا کاروبار کرتا ہو ؛ وہ شخص جو خطرے کے امکانات کا جائزہ لے کر بیمے کی قسط طے کرتا ہے ؛ بیمہ دار ؛ بیمے والا ؛ کوئی شخص یا ادارہ جو اسٹاک یا تمسکات کے اجرا کا بیمہ کرتا ہے ۔

undeserved, a. ناواجب ؛ ناحق ؛ بلااستحقاق ؛ غیر مستحق ؛ ناسزاوار ؛ غیر حق دار ۔

undeserving, a. غیر مستحق ؛ حق نہ رکھنے والا ؛ بے لیاقت ؛ ناقابل ؛ نالائق ۔

undesigned, a. جس کا پہلے سے منصوبہ نہ بنایا گیا ہو ؛ غیر ارادی ؛ نادانستہ ؛ بے ارادہ ۔

undesignedly, adv. غیر منصوبہ بندی سے ؛ غیر ارادی طور پر ؛ انجانے پن سے ؛ بے ارادہ ؛ بلا قصد ۔

undesigning, a. جس کا کوئی خفیہ منصوبہ ، مقصد یا مدعا نہ ہو ؛ بے ہنر ؛ بے سلیقہ ؛ بے ریا ؛ سیدھا سچا ؛ بے سات پانچ ۔

undesigningly, ad بغیر کسی خفیہ منصوبے کے ؛ بغیر مقصد یا مدعا کے ؛ بے ہنری سے ؛ بے ریائی سے ۔

undesirable, a. ناپسندیدہ ؛ غیر مرغوب ؛ نامناسب ؛ ناروا ؛ قابل اعتراض ۔
undesirability, n. ناروا پن ؛ ناپسندیدگی ؛ نامرغوبیت ؛ ناسزاواریت ۔
undesirableness, n. ناپسندیدگی ؛ ناروائی ؛ نامرغوبیت ۔
undesirably, adv. ناپسندیدگی سے ؛ نامرغوبیت سے ۔
undetermined, a. مذبذب ؛ غیر فیصلہ شدہ ؛ غیر مقرر ؛ غیر طے شدہ ؛ غیر معین ؛ بلا تعین ۔
undeviating, a. مقررہ اصول ، قاعدے ، مقصد سے نہ ہٹنے والا ؛ غیر منحرف ۔
undeviatingly, adv. غیر منحرف انداز میں ؛ بغیر اصول سے ہٹے ہوئے ؛ ثابت قدمی سے ۔
undies, n. (جمع) (بول چال) زیر جامے خصوصاً عورتوں یا بچوں کے ۔
undignified, a. خلاف وقار ؛ اوچھا ؛ غیر موثر ؛ بے وقر ؛ چھچھورا ؛ نازیبا ۔
undine, n. جل پری ، جو بقول سوئیزرلینڈ کے ایک کیمیا دان پیرا سیلسس کے کسی فانی (انسان) سے شادی کر کے اور بچہ جن کر روح حاصل کر سکتی ہے ۔
undiplomatic, a. خلاف حکمت ؛ خلاف مصلحت ؛ موقع شناسی کے خلاف ۔
undiplomatically, adv. وقت اور موقع دیکھے بغیر ؛ حکمت یا مصلحت کے خلاف طور پر ۔
undirected, a. بے سمت ؛ بے راہ ؛ بے جہت ؛ جس کی رہنمائی نہ کی گئی ہو ؛ بغیر رہبر کے ؛ پتا نہ لکھا ہوا جیسے کہ خط ۔
undiscerning, a. برے بھلے میں فرق نہ کرنے والا ؛ کم فہم ؛ نا سمجھ ؛ بے تمیز ؛ کم بین ؛ نافہم ؛ حق و باطل میں تمیز نہ کرنے والا ۔
undiscernable, a. کم بین ؛ بے امتیاز ۔
undisciplined, a. بے ضبط ؛ غیر تربیت یافتہ ؛ غیر منضبط ۔
undisclosed, a. مخفی ؛ جو ظاہر نہ کیا گیا ہو یا نہ ہوا ہو ؛ پوشیدہ ؛ راز درون ؛ چھپا ہوا ۔
undiscoverable, a. ناقابل دریافت ؛ نہ پایا جا سکنے والا ۔
undiscovered, a. ان دیکھا یا انجانا ؛ نادیدہ ؛ نامعلوم ؛ جو دریافت نہ ہوا ہو ؛ جو پایا نہ جا سکا ہو ۔
undiscriminating, a. جس میں فرق یا تمیز نہ ہو ؛ ناقابل امتیاز ؛ غیر ناقدانہ ؛ اندھا دھند ۔
undisposed, a. جو فروخت نہ کیا گیا ؛ الاٹ نہ کیا گیا ؛ جس کا فیصلہ نہ کیا گیاہو ، عموماً اس کے بعد of لگاتے ہیں (جیسے : goods undisposed of) ۔
undisputed, undisputable, a. مسلّم ؛ لاکلام ؛ غیر متنازع فیہ ؛ ظاہر ؛ آشکارا ؛ بے نزاع ؛ بے اختلاف ؛ جس میں نزاع یا اختلاف نہ ہو ۔
undissociated, a. (کیمیا) جس کا تجزیہ نہ کیا جا سکے ؛ جسے الگ الگ نہ کیا جا سکے خصوصاً برق پاشیدگی سے ۔
undistinguished, a. غیر متمیز ؛ معمولی ؛ غیر ممتاز ؛ غیر معروف ؛ جسے تمیز کرنے کے لیے کوئی خاص نشان یا خصوصیت نہ ہو ؛ اوسط درجے کا (جیسے : an undistinguished speaker) ۔

undivided, a. غیر منقسم ؛ نہ ٹوٹا ہوا ؛ پورا یا سالم ؛ اٹوٹ ؛ بن بٹا ۔
undo, v.t., v.i. کسی کام یا معاملے کو جو ہو چکا ہو الٹنا یا منسوخ کر دینا ؛ کالعدم کرنا ؛ کھول دینا ؛ سلجھانا ؛ وا کرنا ؛ تباہ و برباد کرنا ؛ اخلاق ، شہرت یا مستقبل برباد کر دینا ؛ مفلس یا کنگال کر دینا ؛ اکارت کر دینا ؛ کیے پر پانی پھیر دینا ؛ کیا اَن کیا کرنا ؛ کیا بے کیا کرنا ۔
undoer, n. کالعدم کار ؛ کسی کام یا معاملے کو الٹنے والا یا منسوخ کرنے والا شخص ؛ کھولنے یا وا کرنے والا شخص ؛ کسی کی شہرت یا نیک نامی کو برباد کرنے والا شخص ؛ مفلس یا کنگال کرنے والا شخص ۔
undoing, n. کالعدم کاری ؛ کیے گئے کام کو الٹنے یا منسوخ کرنے کا عمل ؛ تباہی ؛ بربادی ؛ کھولنے یا وا کرنے کا عمل ۔
undouble, v.t., v.i. دہرا نہ رہنے دینا ، جیسے تہ کھول کر یا گرفت سے آزاد کر کے ؛ سیدھا کرنا ۔
undoubted, a. بلاشبہ ؛ بلا مناقشہ ؛ شک و شبہ سے بالا ؛ یقینی ؛ مسلّم ؛ جس پر شک و شبہ نہ ہو ؛ جس پر انگلی نہ اٹھائی جاسکے ؛ غیر مشتبہ ؛ لاریب ۔
undoubtedly, adv. بلا شک و شبہ ؛ یقینی طور پر ۔
undoubting, a. غیر متزلزل ؛ بے وسواس ؛ جس میں شک و شبہ نہ ہو ؛ شبے سے خالی ۔
undrape, v.t. پردہ ہٹانا ؛ ننگا کرنا ؛ غلاف ہٹانا ؛ کسی چیز پر سے پردہ ہٹانا ۔
undraw, v.t. ایک طرف کھینچ لینا یا کھول دینا ۔ (فعل لازم) ایک طرف کھینچا ہونا یا کھلا ہونا ۔
undress, v.t. ننگا کرنا ؛ کپڑے اتار دینا ؛ زخم وغیرہ سے پٹی اتارنا ۔ (فعل لازم) لباس اُتار دینا ۔ (اسم) ایک ڈھیلا ڈھالا آرام دہ لبادہ : رسمی لباس یا وردی کے برعکس ؛ واجبی لباس ۔
undressed, a. بے کپڑوں کے ؛ ننگا ؛ بے کمایا ہوا جیسے چمڑا ؛ ننگی حالت والا ؛ خام ۔
undue, a. ناواجب ؛ ناحق ؛ نازیبا ؛ ناروا ؛ بے جا ؛ نامعقول ؛ جس کے مطالبے کا ابھی حق نہ ہو ؛ غلط ؛ نامناسب (جیسے : undue punishment) ؛ اعتدال سے متجاوز ؛ فضول ؛ غیر قانونی ؛ حد سے زیادہ ؛ غیر واجب (جیسے : an undue attachment to ritual) ۔
undulant, a. بلکورے لیتا ؛ لہراتا ؛ موجزن ؛ مواج ؛ لہر دار ۔
undulant fever, brucellosis, n. بخار ، ایک بیماری جو بیمار گائے ، بکریوں کے دودھ سے جراثیم کے ذریعے انسان میں منتقل ہوتی ہے ، جیسے مالٹا بخار(malta fever) ۔
undulate, v.i. لہریا صورت میں حرکت ہونا ؛ موجوں کی صورت میں اترنا چڑھنا ؛ خم دار/ خمیدہ خطوط کی صورت میں حرکت ہونا ؛ ڈولنا ؛ بلکورے لینا ۔ (فعل متعدی) لہر کا سبب بننا یا لہروں کی شکل میں حرکت کرنا ۔ (صفت) لہریا ؛ لہر دار۔نیز : undulated ۔
undulation, n. بلکورا ؛ تموج ؛ لہریا صورت میں حرکت کا عمل ؛ لہریا حرکت ؛ موج دار شکل میں باری باری اوپر نیچے ہونے کی حالت ۔ (طبیعیات) کسی سیال مادے کے ذریعے ارتعاشی حرکات کی منتقلی ؛ ایسے سیال کا کوئی ایک ارتعاش ۔
undulatory, a. لہریا یا لہر دار شکل میں حرکت کرنے سے

متعلق ؛ لہریا یا لہر دار خصوصیت رکھنے والا ؛ لہروں کی صورت میں حرکت کرنے والا ؛ لہراتا ؛ موجی ؛ تھرتھراتا ؛ موجزن ۔

undulatory theory, n. نظریۂ تموج ۔

unduly, adv. حد سے زیادہ ؛ بے اعتدالی سے ؛ ناواجب طور پر ؛ نامناسب طریقے سے ؛ غیر قانونی طور پر ؛ خواہ مخواہ ؛ بلاسبب ؛ ناجائز۔

undutiful, a. فرض ناشناس ؛ فرض شناسی سے فرائض ادا نہ کرنے والا ؛ کپوت ؛ ناخلف ؛ نافرمان ۔

undutifully, adv. فرض ناشناسی سے ؛ ناواجب طور پر۔

undutifulness, n. فرض ناشناسی ؛ نافرمانی ۔

undying, a. امر ؛ نہ ختم ہونے والا یا نہ مرنے والا ؛ لازوال ؛ جسے موت نہ ہو ؛ غیر فانی ؛ انمٹ ؛ دائم ۔

uneager, a. شوق سے عاری ؛ غیر شائق ۔

unearned, a. مزدوری یا محنت کے بغیر حاصل شدہ ؛ بلا استحقاق ؛ مفت کا ؛ غیر مکسوبہ ۔

unearned increment, n. غیر مکسوبہ اضافہ ؛ جائیداد کی قیمت میں اضافہ خصوصاً زمین کی ، جب اس کی قیمت آبادی کے اضافہ کی وجہ سے بڑھے نہ کہ اس کے مالک کے زمین پر کیے گئے مصارف کی بنا پر۔

unearth, v.t. کھودنا یا زمین میں سے نکالنا ؛ ظاہر کرنا ؛ دریافت کرنا یا معلوم کرنا ؛ زمین سے اکھاڑنا ۔

unearthly, a. غیر ارضی ؛ غیر دنیوی ؛ الوہی ؛ مافوق الفطرت یا پراسرار ؛ غیر حقیقی ؛ بالکل لغو یا مضحکہ انگیز۔

unearthliness, n. غیر ارضی پن ؛ الٰہیاتی ؛غیر ارضیت ؛ الوہیت ۔

uneasy, a. بے چین ؛ بے کل ؛ بے آرام ؛ غیر مطمئن ؛ مضطرب ؛ مجبور ؛ جسمانی یا ذہنی طور پر پریشان ؛ چال ڈھال میں بے چین ؛ الجھن میں گرفتار ؛ مشکل پسند ؛ جسمانی تکلیف کا باعث ؛ پریشان کن ؛ تکلیف دہ ۔

unease, n. بے کلی ؛ بے چینی ؛ بے آرامی ۔

uneasily, adv. بے کلی سے ؛ بے چینی سے ؛ بے آرامی سے ۔

uneasiness, n. بے چینی ؛ بے کلی ؛ پریشانی ؛ گھبراہٹ ۔

uneatable, a. غیر خوردنی ؛ جو کھانے کے قابل نہ ہو ؛ ناقابل خوردنی ۔

uneaten, a. اَن کھایا ؛ ناخوردہ ۔

uneducated, a. اَن پڑھ ؛ غیر تعلیم یافتہ ۔

uneducable, a. جسے پڑھایا یا تعلیم نہ دی جا سکے ۔

unemotional, a. غیر جذباتی یا جذبات سے عاری ؛ بے حس ؛ بے احساس ۔

unemployable, a. جسے ملازم نہ رکھا جا سکے ؛ ملازمت کے لیے اہلیت نہ رکھنے والا ۔ (اسم) وہ جسے ملازم نہ رکھا جا سکے ۔

unemployed, a. بے کار ؛ بے روزگار ؛ جو استعمال میں نہ ہو ؛ غیر اطلاقی ؛ جو مشغول نہ ہو یا کام پر لگا ہوا نہ ہو ؛ بغیر کام یا نوکری کے (جیسے :the unemployed person) ۔

unemployment, n. بے کاری ؛ بے روزگاری ؛ بے روزگاری کی حالت ۔

unemployment compensation, n. ایسی ادائیگی جو وفاقی ، صوبائی حکومت ، یونین یا اجیر عموماً ہفتہ وار بے روزگار کارکنوں کو بے کاری کی پوری میعاد یا اس کے کچھ حصہ کے لیے کرے ؛ تلافی بے کاری ؛ معاوضہ بے روزگاری ۔

unemployment insurance, n. بیمہ بیروزگاری ؛ بیمے کا ایسا نظام جس میں آجر اور اجیر دونوں سے وصول کردہ رقم میں سے بے روزگار کارکنوں کو معاوضہ ادا کیا جائے ۔

unencumbered, a. مزاحمت یا رکاوٹ سے آزاد ؛ بار سے آزاد ۔

unending, a. نہ ختم ہونے والا ؛ لامتناہی ؛ دائمی یا مسلسل ؛ بے پایاں ؛ بے انت ۔

unenjoyable, a. جس سے لطف یا حظ حاصل نہ کیا جا سکے ؛ غیر دلچسپ ؛ بے لطف ؛ بے حظ ؛ بے مزا ۔

unenlightened, a. غیر روشن خیال ؛ جو کشادہ ذہن نہ ہو ؛ تنگ نظر ۔

unenterprising, a. لکیر کا فقیر ؛ بے حوصلہ ؛ غیر مہم جو ؛ جسے نئے کاموں کا حوصلہ نہ ہو ۔

unentertaining, a. غیر دلچسپ ؛ بے لطف ۔

unenthusiastic, a. بے جوش ؛ سرد مہر ؛ جوش سے خالی ۔

unenthusiastically, adv. سردمہری سے ؛ بے جوشی سے ۔

unenviable, a. ناقابل رشک ؛ جس پر رشک نہ کیا جا سکے (جیسے : an unenviable notoriety) ۔

unenvied, a. جس پر کوئی حسد یا رشک نہ کرتا ہو ؛ رشک سے عاری ۔

unequal, a. نابرابر ؛ غیر متشاکل ؛ غیر مساوی ، جو برابر نہ ہو ؛ جو حجم ، مقدار اور کیفیت کے لحاظ سے مساوی نہ ہو ؛ ناکافی ؛ ناقص ؛ غیر یکساں ؛ غیر متوازی ؛ یکساں طور پر تقسیم نہ کیا گیا ۔

unequally, adv. غیر مساوی طور پر ؛ غیر یکساں طور پر ۔

unequalled, a. جس کا کوئی مقابل نہ ہو ؛ بے مثل ؛ بے نظیر ؛ جس کا کوئی جوڑ نہ ہو ؛ اجوڑ ؛ لاثانی ۔

unequivocal, a. غیر مبہم ؛ بالکل واضح ؛ بلا شک و شبہ ؛ بالکل صاف ؛ جس میں غلط فہمی کی گنجایش نہ ہو ؛ صاف صاف ؛ لگی لپٹی کے بغیر۔

unequivocally, adv. غیر مبہم طور پر ؛ واضح طور پر ؛ صاف صاف ۔

unerring, a. غلطی نہ کرنے والا ؛ نشانے سے نہ چوکنے والا ؛ بے خطا ؛ جو کبھی خطا نہ کرے ؛ جس کا نشانہ خطا نہ ہو ؛ جس سے غلطی سرزد نہ ہو ؛ یقینی یا بالکل درست ۔

unerringly, adv. چوکے بغیر ؛ بے خطا طریقے سے ؛یقینی طور پر ۔

unessential, a. غیر اہم ؛ غیر ضروری ؛ جس کا ضروری ہونا قطعی نہ ہو ؛ جس کی اہمیت لازم نہ ہو ۔ (اسم) جو چیز اہم نہ ہو ۔

unethical, a. غیر اخلاقی ؛ اخلاقی اصولوں کے خلاف ؛ درست کردار اور روایات کے غیر مطابق ۔

unethically, adv. اخلاقی اصولوں کے خلاف ؛ درست کردار اور روایات کے غیر مطابق ۔

uneven, a. ناہموار ؛ اونچا نیچا ، کھردرا وغیرہ ؛ غیر مستقیم ، غیر متوازی ؛ غیر یکساں ؛ غیر درست اور ناواجب (جیسے :uneven match or game) ۔ (ریاضی) طاق ؛ جو دو کے عدد پر برابر تقسیم نہ ہو (جیسے : The numbers 11,13 and 15 are

(uneven ۔

unevenly, adv. غیر یکساں طور پر ؛ غیر مساوی طور پر۔

unevenness, adv. غیر متوازی ؛ غیر مساوی ؛ اونچا نیچا پن ؛ ناہمواریت ؛ غیر مساوی پن۔

uneventful, a. غیر اہم ؛ اہم واقعات کے بغیر ؛ اہم اور نمایاں واقعات سے خالی ؛ سپاٹ ؛ بالکل معمولی۔

uneventfully, adv. بغیر اہم اور نمایاں واقعات کے۔

uneventfulness, n. غیر اہم ہونے کی حالت ؛ پھیکا پن۔

unexampled, a. بے مثل ؛ بے نظیر ؛ جس کی مثال یا نظیر نہ ہو ؛ جس کا مساوی نہ ہو۔

unexceptionable, a. ناقابل اعتراض ؛ بے عیب ؛ بے نقص ؛نا استثنا پذیر۔

unexceptionableness, n. ناقابل اعتراض ہونے کی کیفیت ؛ بے عیبی ؛ عدم استثنائیت۔

unexceptionably, adv. ناقابل اعتراض طور پر ؛ عدم استثنائی سے ؛ بے عیب طریقے سے۔

unexpected, a. غیر متوقع ؛ توقع کے خلاف ؛ جس کی توقع نہ ہو ؛ اچانک ؛ ناگاہ ؛ ایکا ایکی ؛ ناگہاں ؛ خلاف امید ؛ بلاتوقع ؛ دفعتاً ؛ فوری ؛ ایک دم ؛ امید بغیر۔

unexpectedly, adv. غیر متوقع طور پر ؛ توقع کے خلاف ؛ اچانک طور پر۔

unexpectedness, n. اچانک پن ؛ ناگہانی ؛ خلاف توقع ہونے کی حالت۔

unexplored, a. نامعلوم ؛ ان جانا ؛ غیر دریافت شدہ ؛ غیر تحقیق و تفتیش شدہ ؛ جغرافیائی لحاظ سے غیر تحقیق و تفتیش شدہ۔

unexpressive, a. غیر بلیغ انداز ؛ غیر پُرمعنی ؛ غیر موثر ؛ اظہار میں معنویت کا فقدان رکھنے والا۔

unexpressively, adv. غیر پُرمعنی طور پر ؛ غیر بلیغ انداز میں ؛ غیر موثر طور پر۔

unexpressiveness, n. عدم معنویت ؛ غیر اظہاری ؛ غیر بلیغ۔

unfading, a. سدابہار ؛ لازوال ؛ کبھی نہ مرجھانے والا ؛ رنگ ، تازگی اور مضبوطی نہ کھونے والا ؛ جو کبھی نہ مرجھائے اور بوسیدہ نہ ہو یعنی لازوال۔

unfadable, a. جو کبھی نہ مرجھائے ؛ ان مٹ ؛ لازوال۔

unfailing, a. یقینی ؛ مدام ؛ جو کبھی دغا نہ دے ؛ ہمیشہ امید ، وعدے اور خواہش کو پورا کرنے والا ؛ کبھی نہ ختم ہونے والا ؛ لامحدود (جیسے : an unfailing supply) ؛ قابل اعتماد ؛ نہایت وفادار۔

unfailingly, adv. یقینی طور پر ؛ نہایت وفاداری سے ؛ اس طرح سے کہ کبھی ختم نہ ہو۔

unfailingness, n. یقینی پن ؛ انتہائی وفاداری ؛ لامحدودیت

unfair, a. ناواجب ؛ خائن ؛ بے انصاف ؛ بے اخلاق ؛ غیر یکساں ؛ عدم تناسب (جیسے :-unfair portion) ؛ بے ایمان ؛ جو مروجہ قانونی ، کاروباری اخلاقیات کے خلاف ہو ؛نامناسب ؛ نامنصفانہ ؛ غیر منصفانہ ؛ خلاف انصاف ؛ ناواجبی ؛ بے جا ؛ بے انصافی کا ؛ ناجائز ؛ غلط۔

unfairly, adv. نامناسب طور پر ؛ غیر منصفانہ طور پر ؛ ناواجب طور سے ؛ غیر یکساں طور پر۔

unfairness, n. نامناسبت ؛ بے انصافی ؛ عدم یکسانیت۔

unfaithful, a. بے وفا ؛ بے ایمان ؛ دغا باز ؛ وعدہ شکن ؛ وعدہ وفا نہ کرنے والا ؛ قسم ، اطاعت یا فرائض کا پورا نہ کرنے والا ؛ شرائط نکاح کی خلاف ورزی کرنے والا/والی (جیسے : unfaithful wife) ؛ ناقص ؛ نامکمل ؛ نادرست ؛ اصل کے غیر مطابق (جیسے : an unfaithful reproduction of the original painting) ؛ اعتماد یا یقین کی خلاف ورزی کرنے والا۔

unfaithfully, adv. بے وفائی سے ؛ نااطاعت شناسی سے۔

unfaithfulness, n. بے وفائی ؛ دغابازی ؛ وعدہ شکنی۔

unfaltering, a. نہ ڈگمگانے والا ؛ نہجھجکنے والا ؛غیر متذبذب ؛ مصمّم۔

unfalteringly, adv. مضبوطی سے ؛ مصمم طور پر ؛ استقامت سے۔

unfamiliar, adv. غیر مانوس ؛ ناآشنا ؛ اجنبی ؛ ناواقف ؛ بے جانا بوجھا ؛ بیگانہ ؛ انجان ؛ غیر ؛ انوکھا ؛ عجیب۔

unfamiliarity, n. غیر مانوسیت ؛ ناواقفیت ؛ اجنبیت۔

unfamiliarly, adv. غیر مانوس طور پر ؛ اجنبیت کے ساتھ ؛ ناواقفیت کے انداز سے۔

unfashionable, a. خلاف چلن ؛ مقبول طرز کے خلاف ؛ لباس اور عادات میں مروجہ فیشن ، انداز یا رسم و رواج کے غیر مطابق۔

unfasten, v.t. ڈھیلا کرنا ؛ کھولنا ؛ الگ کرنا ؛ بندش سے آزاد کرنا ؛ گرہ کھولنا۔ (فعل لازم) ڈھیلا ہونا ، الگ ہونا یا کھل جانا۔

unfastenable, a. جو کھولا جا سکے ؛ جو بندش سے آزاد کیا جا سکے

unfastener, a. کھولنے والا شخص ؛ بندش سے آزاد کرنے والا۔

unfathered, a. بغیر باپ کے ؛ جس کا باپ نہ ہو ؛ جس کا کوئی جانا بوجھا اور تسلیم شدہ باپ نہ ہو ؛ حرام زادہ ؛ جس کی اصل معلوم نہ ہو ؛ بن باپ۔

unfathomable, a. اتھاہ ؛ جس کی تھاہ معلوم نہ کی جا سکے ؛ انتہائی گہرائی کے باعث نہ ناپا جا سکنے والا ؛ جس کا ادراک نہ کیا جا سکے یا تشریح نہ کی جا سکے ؛ لا انتہا ؛ اگم ؛ عمیق ؛ ناقابل ادراک ؛ بے حد گہرا ؛ بے انتہا ؛ ناقابل اندازہ۔

unfavorable,(Brit.)unfavourable, a. نامساعد ؛ ناموافق ؛ ناسازگار ؛ حوصلہ شکن ؛ مخالف فیصلہ یا رائے والا ؛ کسی قدر متعصب۔

unfavorableness,(Brit.)unfavourableness, n. ناسازگار پن ؛ ناموافقت۔

unfavorably,(Brit.)unfavourably, adv. ناموافق طور پر ؛ ناسازگار طور پر۔

unfeathered, a. دیکھیے : unfledged ۔

unfeeling, a. سنگدل ؛ بے حس ؛ احساس سے خالی ؛ دوسروں کے لیے ہمدردی سے خالی ؛ سخت دل۔

unfeelingly, adv. بے حسی سے ؛ سخت دلی سے ؛ بے دردی سے۔

unfeelingness, n. بے حسی؛ سنگ دلی ؛ بے دردی۔

unfeigned, a. اصلی ؛ مخلص ؛ بے تصنع ؛ غیر جعلی ؛ غیر منافق ؛ سچا ؛ بے ریا ؛ بے تکلف۔

unfeignedly, adv. کھرے انداز سے ؛ بغیر تصنع کے ؛ خلوص سے ؛ درحقیقت۔

unfeminine, a. غیر نسائی ؛ نزاکت سے عاری ؛

عورتوں کے طور طریقے اور تصور کے خلاف ۔

unfetter, v.t. بیڑیوں یا ہتھکڑیوں سے آزاد کرنا ؛ دباؤ سے آزاد کرنا ؛ رہا کرنا ؛ زنجیریں کھولنا ۔

unfettered, a. بیڑیوں اور ہتھکڑیوں سے آزاد کیا ہوا ؛ قیدوبند سے آزاد کیا ہوا ؛ خیال و عمل کے دباؤ سے آزاد ۔

unfilial, a. لڑکی یا لڑکے کے لیے غیر مناسب ؛ والدین کے لیے روایتی فرض یا ذمہ داری سے لاپروا ۔

unfinished, a. نامکمل ؛ ناقص ؛ کارگزاری کے بغیر ؛ ادھورا (جیسے : unfinished furniture) ۔

unfit, a. ناقابل ؛ ناموزوں ؛ کم زیادہ ؛ ناقص ؛ نااہل ؛ عدم تندرستی ؛ نامناسب ؛ مناسب جسمانی اور اخلاقی صلاحیتوں سے عاری ؛ ناقابل استعمال ۔ (فعل متعدی) نااہل کر دینا ؛ غیر مناسب بنا دینا ؛ غیر اہل قرار دے دینا ۔

unfitly, adv. ناموزوں طور پر ؛ نامناسب طور پر ۔

unfitness, n. عدم تندرستی؛ جسمانی ، اخلاقی اور دماغی صلاحیتوں کا فقدان ؛ ناموزونیت ۔

unfitting, a. ناموزوں ؛ نامناسب ؛ نازیبا ۔

unfix, v.t. اکھاڑنا ؛ ڈھیلا کرنا ؛ اتارنا ؛ کسی بندش سے آزاد کرنا ؛ الگ کرنا ؛ بدلنا جیسے عادات وغیرہ کا ۔

unflattering, a. غیر خوشامدانہ ؛ کامیابی کے مواقع نہ رکھنے والا ؛ ناگوار ؛ کھرا ۔

unflavored,(Brit.)unflavoured, a. بے مہک ؛ جس میں خوشبو یا مہک والا مرکب نہ ڈالا گیا ہو ؛ بے بو ۔

unfledged, a. بے پر ؛ ناپختہ ؛ کچا ؛ بے بال و پر ؛ جس کے پر اچھی طرح نہ نکلے ہوں خصوصاً اڑنے کے پر ؛ بغیر پروں کے ۔ (مجازاً) غیر ترقی یافتہ ؛ غیر تجربہ کار ؛ غیر پختہ ؛ خام ۔

unflinching, a. بے جھجک ؛ بلا ہچکچاہٹ؛ بلا پس و پیش ؛ مصمم ؛ مضبوط ؛ استوار ؛ اٹل ؛ سخت ۔

unflinchingly, adv.. بلا جھجک انداز سے ؛ بلا ہچکچاہٹ کے ؛ مضبوطی سے ۔

unfold, v.t. وا کرنا ؛ کھولنا ؛ فاش کرنا ؛ کھولنا جیسے کسی چیز کی تہیں ؛ پھیلانا ؛ بچھا دینا ؛ کھول دینا ، دیکھنے یا غوروفکر کے لیے ؛ راز کا ظاہر کر دینا ؛ افشا کر دینا ؛ منکشف کر دینا ، جیسے زبانی ۔ (فعل لازم) آہستہ آہستہ پھیلنا ؛ کھل جانا ؛ راز کا ظاہر ہو جانا ؛ تہوں کا کھل جانا ؛ منکشف ہونا ۔

unforeseeable, a. ناگہانی ؛ غیر متوقع ؛پہلے سے نہ دیکھا جا سکنے والا ۔

unforeseeableness, n. خلاف توقع حالت ؛ اچانک پن ۔

unforeseeably, adv. ایکا ایکی ؛ غیر متوقع طور پر ؛ پہلے سے نہ معلوم ہونے سے ۔

unforeseen, a. اچانک ؛ غیر متوقع ؛ پہلے سے نامعلوم ؛ اتفاقی ۔

unforgettable, a. ناقابل فراموش ؛ بھلایا نہ جا سکنے والا ۔

unforgettably, adv. ناقابل فراموش انداز میں ۔

unforgivable, a. ناقابل معافی ؛ ناقابل درگزر ۔

unformed, a. بے شکل ؛ ان بنا؛ بے ڈول ؛ غیر متشکل ؛ آدھ بنا ؛ ادھورا ؛ جسے ابھی درست شکل میں ڈھالا نہ گیا ہو ۔

unfortified. a. غیر قلعہ بند ؛ غیر مستحکم ؛ جس میں قلعہ بندیاں نہ ہوں ؛ جس کو اسپرٹ ملا کر تیز نہ بنایا گیا ہو ، جیسے انگوری شراب ۔

unfortunate, a. بدنصیب ؛ بری قسمت والا ؛ بدقسمت یا ناخوش ؛ خوش قسمتی سے عاری ؛ ابھاگی ؛ بدانجام ؛ افسوس ناک ؛ بدبخت ؛ کم بخت ؛ قابل افسوس ۔ (اسم) بدنصیب آدمی ۔

unfortunately, adv. بدقسمتی سے ؛ بدنصیبی سے ؛ ناکامی سے ۔

unfortunateness, n. بد قسمتی ؛ بدنصیبی ۔

unfounded, a. بے بنیاد ؛ بے سروپا ؛ بے اصل ؛ جس کی کوئی اصلی بنیاد نہ ہو ؛ غیر مصدقہ ؛ سراسر غلط ؛ بے پرکی ۔

unfoundedly, adv. بے بنیاد طور پر ؛ غیر مصدقہ طور پر ۔

unfoundedness, n. بے سروپائی ؛ بے بنیاد ہونے کی حالت ؛ غیر مصدقہ کیفیت ۔

unfrequented, a. دور پرے ؛ جہاں بہت ہی کم آنا جانا ہو ؛ جہاں انسانوں کی آمدورفت کبھی کبھار ہو ؛ الگ تھلگ ، سنسان ۔

unfriended, a. بے کس ؛ جس کے دوست نہ ہوں ؛ بغیر دوست کے ؛ بے یار و مددگار ۔

unfriendly, a. روکھا ؛ بے مروت ؛ نامہربان ؛ بے مروت یا غیر فیض رساں ؛ مخالف ۔

unfriendliness, n. روکھا پن ؛ بے مروتی ؛ مخالفت ؛ نامہربانی ۔

unfrock, v.t. فراک یا چوغے سے محروم کر دینا ؛ پادری کے فرائض اور سہولتوں سے محروم کر دینا ۔

unfruitful, a. بے ثمر ؛ اوسر ؛ جو پھل نہ دے یا اپنی نسل آگے نہ بڑھائے ؛ بنجر ؛ پیداوار نہ دینے والا یا بانجھ ؛ غیر زرخیز (جیسے : an unfruitful soil) ؛ بے ثمر زمین ؛ لاحاصل ؛ بے اثر ۔

unfruitfully, adv. بے ثمری سے ؛ لاحاصلی یا بے اثری سے ؛ بانجھ پن سے ۔

unfruitfulness, n. بانجھ پن ؛ بنجر ہونے کی حالت ؛ بے ثمری ۔

unfunded, a. بے سرمایہ ؛ بغیر سرمائے کے ، جیسے ملکی قرضے ؛ قرض کے سود کی ادائیگی کے لیے مستقل سرمایہ نہ رکھنے والا ۔

unfurl, v.t. لپٹی ہوئی حالت سے کھول دینا ؛ پھیلا دینا ، جیسے کسی بادبان یا جھنڈے کا ؛ کھول دینا ؛ لہرا دینا ۔ (فعل لازم) کھل جانا ؛ پھیل جانا ۔

unfurnished, a. غیر آراستہ ؛ بے فرنیچر ؛ بے ساز و سامان (جیسے : an unfurnished house) ۔

ungainly, a. بے ہنگم ؛ بھدا ؛ بے ڈول ، جیسے کوئی آدمی ۔ (متعلق فعل) بے ہنگم انداز سے ؛ بھونڈے پن سے ۔

ungainliness, n. بے ہنگم پن ؛ بھدا پن ؛

ungallant, a. غیر مردانہ ؛ مردانہ شان کے خلاف ؛ غیر عاشق مزاج ؛ غیر حسن پرست ؛ بے اخلاق ؛ غیر شایستہ ۔

ungallantly, adv. غیر عاشقانہ طور پر ؛ غیر شایستہ طور پر ؛ تھڑدلے پن سے ۔

ungathered, a. بکھرا ہوا ؛ جسے اکٹھا یا یکجا نہ کیا گیا ہو ؛ جسے توڑا یا چنا نہ گیا ہو جیسے پھلوں یا پھولوں کو ؛ ان چنا ۔

ungenerous, a. غیر فیاض ؛ غیر کشادہ دل ؛ کمینہ ؛ کنجوس ؛ سخت دل ؛ ذہن اور جذبات کی اعلیٰ ظرفی نہ دکھانے والا ؛ تھڑ دلا ؛ چھوٹے دل والا ؛ خسیس ؛ تنگ ظرف ؛ کم ظرف ۔

ungrounded, a. بے بنیاد یا بے سہارا ؛ جس کی کوئی بنیاد نہ ہو ؛ غیر مدلل ؛ غیر اساسی ۔

ungrudging, a. بے دریغ ؛ فراخ دل ؛ بے تعصب ؛ بغیر کسی کینہ یا عداوت کے ۔

ungrudgingly, adv. بے تعصبی سے ؛ بغیر کسی کینہ یا عداوت کے ۔

ungual, a. ناخن دار ؛ سم دار ؛ ناخن ، پنجے یا کُھر سے متعلق ؛ ناخن ، پنجہ یا کھر رکھنے والا ۔

unguarded, a. جس کی حفاظت نہ کی گئی ہو ؛ غیر محفوظ یا جس کا دفاع نہ کیا گیا ہو ؛ غیر محتاط ؛ عاقبت نا اندیش ، جس کا کوئی محافظ یا دربان نہ ہو (جیسے : an unguarded door) ؛ بے پناہ ۔

unguardedly, adv. غیر محفوظ طریقے سے ؛ عاقبت نااندیشی سے ؛ بغیر محافظ کے ؛ غیر محتاط انداز میں ۔

unguardedness, n. عاقبت نااندیشانہ ۔

unguent, n. مرہم یا اسی‌قسم کی نرم رقیق شے جو زخموں پر لگائی جائے ؛ مرہم ؛ لیپ ۔

unguiculate, a. (حیوانیات) پنجہ دار ؛ ناخنوں یا پنجوں والا ، سموں سے متمیز ۔ (نباتیات) پنجے جیسی ڈنڈی والا جیسے بعض پتیوں یا پنکھڑیوں کی ۔ (اسم) ناخنوں اور پنجوں والا جانور ۔

unguided, a. بے اُستادا ؛ غیر تربیت یافتہ ؛ بے رہبر ؛ جس کی رہبری یا رہنمائی نہ کی گئی ہو یا جس کی تربیت نہ کی گئی ہو ؛ بے قابو ؛ بے پیر ۔

unguis, n. کسی جانور کا ناخن ، پنجہ یا کھر ۔ (نباتیات) کسی پتی ، پنکھڑی کا پنجہ نما حصہ ۔

ungulate, a. سُم دار ؛ کھر سے متعلق ؛ کھروں والا ؛ اُن میمل جانوروں سے متعلق جن کے کھر ہوں ۔ (اسم) کھر دار جانور ۔

unhair, v.t. بالوں سے مبرا کرنا ؛ بال کاٹ دینا جیسے کسی مردہ جانور کی کھال سے بال الگ کر دینا ۔ (فعل لازم) بال گر جانا ؛ بغیر بالوں کے ہو جانا ؛ گنجا ہو جانا ۔

unhallowed, a. غیر مقدس ؛ کسی مقدس مقصد کے لیے وقف نہ کیا ہوا ؛ ناپاک ، پلید ؛ نجس ؛ بدکار ، بدمعاش ۔

unhallow, v.t. (قدیم) ناپاک کرنا یا نجس کرنا ؛ بے حرمتی کرنا ؛ غیر مقدس بنانا یا نجس ، ملحد بنانا ۔

unhampered, a. بے روک ٹوک ؛ بلا مزاحمت ؛ بے رکاوٹ ؛ غیر پابند یا غیر مقید ؛ آزادانہ ۔

unhand, v.t. ہاتھ اٹھا لینا ؛ گرفت سے آزاد کر دینا ؛ چھوڑ دینا ۔

unhandsome, a. بدصورت ؛ جسمانی کشش سے محروم ؛ بدنما ؛ سادا ؛ بدزیب ؛ نازیبا ؛ گھٹیا ؛ غیر مناسب ، کمینہ ؛ کج خلق ؛ ناخوشگوار ۔

unhandsomely, adv. بدخلقی ؛ بداسلوبی یا پست ہمتی سے ؛ کج خلقی سے ؛ غیر موزوں یا غیر مناسب طور پر ؛ بدصورتی سے ؛ غیر شریفانہ طور پر ۔

unhandsomeness, n. بدصورتی ؛ کج خلقی ؛ کمینہ پن ؛ کم ظرفی ۔

unhandy, a. جو ہاتھ میں آسانی سے نہ اٹھایا جا سکے ؛ غیر سبک ؛ تکلیف دہ یا بے آسایش ؛ بوجھل یا بھاری ؛ بے ڈھنگا ؛ غیر سبک دست ؛ غیر مشاق ؛ بے سلیقہ ؛ اناڑی ؛ بے مشق ؛ ناواقف ؛ بدسلیقہ ۔

ungenerously, adv. تنگ دلی سے ؛ کنجوسی سے ؛ کم ظرفی سے ۔

ungentle, a. سخت مزاج ؛ اکھڑ ؛ بدتمیز ۔

ungifted, a. بے بہرہ ؛ نا اہل ؛ ناقابل ؛ نالائق ؛ قدرتی صلاحیتیں اور قابلیتیں نہ رکھنے والا ۔

ungird, v.t. آزاد کرنا یا کھول دینا ، جیسے کسی بندھن یا پیٹی سے ؛ حلقے سے آزاد کر دینا ۔

ungirt, a. کسی بندھن یا پٹکے سے ڈھیلا یا علیحدہ کیا ہوا ؛ ڈھیلا ؛ سست ؛ سہل انگار ۔

unglazed, a. شیشے کے بغیر ، جیسے کسی نئی عمارت کی کھڑکیاں ؛ کھڑکیوں کے بغیر ؛ غیر چکنائے ہوئے (جیسے : unglazed pottery) ۔

unglue, v.t. گوند یا مسالا لگی کسی چیز کو علیحدہ کرنا ۔

unglued, a. علیحدہ کیا ہوا ۔

ungodly, a. بے دین ؛ غیر خدا پرست ؛ بدکار ؛ پاپی ؛ بے دھرم ؛ بداعمال ؛ گناہ گار ۔ (بول چال) لغو ؛ بے ہودہ ؛ آپے سے باہر ۔

ungodliness, a. خداناپرستی ؛ بے دینی ؛ بداعمالی ۔

ungovernable, a. ناقابلِ حکمرانی ؛ جس پر حکومت نہ کی جا سکے ؛ جس پر قابو نہ پایا جا سکے یا ضبط نہ کیا جا سکے ؛ بے لگام ؛ سرکش ؛ بے قابو ؛ منہ زور ؛ بے روک ؛ ناقابل ضبط ۔

ungovernableness, n. منہ زوری ؛ سرکشی ؛ بے لگامی ۔

ungovernably, adv. سرکشی سے ؛ بے لگامی سے ؛ بے قابو پن سے ۔

ungoverned, a. منہ زور ؛ سرکش ؛ بے لگام ؛ جس پر کسی کی حکومت نہ ہو ؛ جس پر قابو نہ ہو ؛ جو جکڑا ہوا نہ ہو ؛ بے راہ ۔

ungraceful, a. بدزیب ؛ بدنما ؛ بھونڈا ؛ بدصورت ؛ جو خوش نما نہ ہو ؛ جس میں خوش نمائی ، زیبائی و خوش اسلوبی نہ ہو ؛ بھدا ۔

ungracefully, adv. بدزیبی سے ؛ بدنمائی سے ؛ بھدے طریقے سے ؛ بھونڈے پن سے ۔

ungracefulness, n. بدزیبی ؛ بدنمائی ؛ بھدا پن ۔

ungracious, a. غیر اخلاق ؛ غیر خوش کن ؛ کج خلق ؛ جارحانہ ؛ ناخوشگوار ۔

ungraciously, adv. کج خلقی سے ؛ بداخلاقی سے ؛ جارحانہ رویے سے ۔

ungraciousness, n. کج خلقی ؛ بے مہری ؛ بداخلاقی ۔

ungraded, a. جس کی درجہ بندی نہ کی گئی ہو ؛ غیر درجہ بند ؛ مرتبے اور درجوں کے لحاظ سے غیر ترتیب شدہ ۔

ungrammatical, a. خلاف قواعد ؛ صرف و نحو کے اصولوں کے خلاف ؛ گرامر کے قواعد کے خلاف ؛ روز مرہ کے خلاف ۔

ungrammatically, adv. قواعد کی رو سے غلط طریقے پر ۔

ungrateful, a. ناشکرا ؛ ناشکر گزار ؛ احسان کے بدلے میں شکریہ یا احسان مندی ظاہر نہ کرنے والا ؛ ناخوش کن ؛ ناپسندیدہ ؛ احسان ناشناس ؛ احسان فراموش ۔

ungratefully, adv. ناشکری سے ؛ احسان فراموشی سے ۔

ungratefulness, n. ناشکرا پن ؛ کفران نعمت ؛ احسان فراموشی ۔

unhappy, a. ناخوش ، ناشاد ؛ مصیبت زدہ ؛ آفت زدہ ؛ جس کے مقدر میں بدقسمتی اور حادثات ہوں ؛ منحوس ؛ بے موقع ؛ بے جوڑ ؛ غیر مناسب ؛ رنجیدہ ؛ ناکام ؛ نامراد ؛ غمگین ۔

unhappily, adv. بدقسمتی سے ؛ رنج و الم کے ساتھ ۔

unhapiness, n. بدبختی ؛ ناخوشی ؛ رنج و الم ؛ مصیبت زدگی ۔

unharmed, a. بے مضرت ؛ نقصان سے محفوظ یا زخم نہ کھایا ہوا ؛ صحیح و سالم ؛ تندرست ؛ بے روگ ۔

unharness, v.t. سازوسامان اتارنا جیسے گھوڑے کا ؛ زرہ بکتر وغیرہ اتارنا ؛ توانائی کا اخراج کرنا ۔ (فعل لازم) جوتنے کا سامان یا زین ہٹانا ۔

unhatched, a. بے سیا (جیسے : an unhatched egg) ؛ وجود میں آنے میں ناکام (جیسے : an unhatched plan, plot or scheme)۔

unhealthy, a. غیر تندرست ؛ بیمار ، جس کا جسم صحت مند اور قوی نہ ہو ؛ غیر صحت بخش ؛ ہمیشہ کمزور اور بیمار ؛ صحت کے لیے ضررساں جیسے گندگی زدہ ماحول ؛ بیماری پیدا کرنے والا ؛ غیر مفید ؛ مخرب اخلاق ؛ ناخوشگوار ؛ خراب ؛ خراب صحت کی بنا پر افسردہ طبع ؛ پر خطر ؛ روگی ؛ ناموافق ؛ مریض ؛ بیمار ؛ ناقص ۔

unhealthily, adv. مضر صحت طریقے سے ؛ مخرب اخلاق طریقے سے ؛ خلاف مراد ؛ ناقص طریقے سے ؛ ناگوار طور پر ۔

unhealthiness, n. ناتندرستی ؛ عدم صحت ۔

unheard, a. ناشنیدہ ؛ غیر مسموع ؛ بے سماعت ؛ ان سنا ؛ جسے بولنے کا موقع نہ دیا گیا ہو ۔

unheard of, a. جس کے متعلق پہلے کبھی نہ سنا ہو ؛ جس کی پہلے مثال نہ ملتی ہو ؛ جس کی شہرت نہ ہو ؛ بے جانا پہچانا ۔

unheated, a. بغیر گرمی کے ؛ گرم نہ کیا ہوا ۔

unheeded, a. بے پروا ؛ توجہ سے محروم ؛ جس پر توجہ نہ کی جائے ؛ جس پر دھیان نہ دیا جائے ۔

unheedful, a. بے پروا ؛ بے توجہ ؛ بے دھیان ؛ عاقبت نااندیش ۔ (اسم) توجہ نہ کرنے والا شخص ؛ لاپروا شخص ؛ غافل شخص ۔

unheeding, a. بے پروا ؛ بے توجہ ؛ بے دھیان ؛ غافل ۔

unheralded, a. جس کو پہلے سے مشتہر نہ کیا گیا ہو یا اعلان نہ کیا گیا ہو ؛ پوشیدہ ؛ خفیہ ۔

unhasitating, a. بلاجھجک ؛ بلاہچکچاہٹ ؛ بلاشک ؛ بغیر حیص بیص کے ؛ مستعد ؛ بے دریغ ؛ بلاتامل ؛ آمادہ ؛ تیار ؛ قائم ۔

unhesitatingly, adv. بے پس و پیش ؛ بلاتامل ؛ بغیر ہچکچاہٹ کے ؛ مستعدی سے ۔

unhinge, v.t. چول اٹھانا ؛ قلابے سے اکھاڑ دینا ؛ قبضے کھولنا ؛ کھول کر الگ کر دینا ؛ جوڑ سے الگ کر دینا ؛ سکون تباہ کر دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ بے ٹھکانا کر دینا ؛ غیر مستحکم کرنا یا تذبذب میں مبتلا کر دینا ؛ سکون میں خلل ڈالنا ؛ الجھن میں ڈالنا جیسے ذہن یا رائے کو ؛ ابتر کرنا یا بے ترتیب کرنا ۔

unhitch, v.t. کھولنا یا آزاد کرنا جیسے کتے کو زنجیر سے ؛ زنجیر یا رسی سے کھول دینا ؛ آزاد کر دینا ؛ چھوڑ دینا ۔

unholy, a. غیر متبرک ؛ غیر مقدس ؛ جسے تقدس کا درجہ حاصل نہ ہو ؛ بدکردار ؛ مکار ؛ بد ؛ ناپاک ؛ بے دین ؛ فاسق ؛ ملحد ۔ (بول چال) غیر خدا پرست یا بے دین بُرا ؛ شرمناک ۔

unholily, adv. غیر متبرک طور پر ؛ غیر مقدس طریقے سے ۔

unholiness, n. معصیت ؛ ناپاکی ؛ ناخداترسی ؛ الحاد ؛ ناپارسائی ؛ ناپرہیز گاری ؛ غیر خدا پرستانہ ۔

unhonored,(Brit.)unhonoured, a. عزت سے محروم ؛ بے توقیر ؛ غیر شہرت یافتہ ۔

unhood, v.t. نقاب ہٹانا ؛ چمڑے کی ٹوپی ہٹانا جیسے شکرے یا باز کے سر سے ۔

unhook, v.t. کانٹا یا آنکڑا کھولنا ؛ کانٹے یا کھونٹی سے الگ کرنا ؛ کسی لباس وغیرہ کے ہک کھولنا ۔ (فعل لازم) لباس وغیرہ کا کھونٹی سے اُترنا ۔

unhoped, a. (قدیم) غیر متوقع ؛ جس کی امید نہ ہو ؛ وہ جو توقع یا امید نہ دلا سکے ؛ غیر ممکن ۔

unhoped-for, a. غیر متوقع (جیسے: an unhoped for victory) ۔

unhorse, v.t. گرا دینا جیسے گھوڑے سے ؛ بے نشست کرنا ؛ ہٹا دینا جیسے ملازمت وغیرہ سے ۔ (قدیم) گھوڑے یا گھوڑوں کو الگ کرنا جیسے بگھی سے ۔

unhurried, a. آہستہ ؛ بغیر جلدی کے ؛ تحمل سے ؛ فرصت سے ۔

unhurt, a. بے چوٹ ؛ بے ضرر ؛ بے صدمہ ؛ چوٹ سے محفوظ ؛ ضرر یا صدمے سے محفوظ ؛ زخم سے محفوظ ؛ نقصان سے محفوظ ۔

unhurtful, a. بے ضرر ؛ غیر نقصان دہ ۔

Uniat, Uniate, a., n. کسی مشرقی کلیسا کا حصہ ، جو کلیسائے روم کا ہم مشرب ہو ؛ یونانی یا مشرقی عیسائیوں کے بہت سے گروہوں میں سے ایک سے متعلق یا ایسے گروہوں میں سے کسی ایک کا رکن جو پاپائے روم کے اختیار یا اقتدار کو تسلیم تو کرتا ہے لیکن اپنی عشائے ربانی کی رسم اور اپنے قواعد برقرار رکھتا ہے ۔

uniaxial, a. یک دُھرا ؛ یک محوری ؛ ایک محور یا دھرے والا ۔ (قلمیات) جس کا ایک پہلو یا سمت ہو ، جس میں دو عکس نظر نہ آتے ہوں ۔ (نباتیات) جس پودے کا ایک ہی تنا ہو اور جو شاخوں میں نہ بٹا ہو اور جس کے سرے پر پھول ہو ۔

uniaxially, adv. ایک محور سے ؛ ایک تنے سے ۔

unicameral, a. یک ایوانی ؛ ایک قانون ساز اسمبلی یا ایوان پر مشتمل ۔

unicamerally, adv. یک ایوانی مقننہ سے ۔

unicellular, a. (حیاتیات) ایک خلیے والا ؛ یک خلوی ؛ ایک خلیہ ظاہر کرنے والا جیسے پروٹوزون ۔

unicellularity, n. یک خلویت ؛ یک خلیہ ہونے کی حالت ۔

unicorn, n. داستانی یا فرضی حیوان جس کا سر ، گردن اور جسم گھوڑے کا ہوتا ہے ، پچھلی ٹانگیں بارہ سنگھے کی اور دم شیر کی اور مخروطی لمبا سینگ اس کی پیشانی میں سے نکلا ہوتا ہے ؛ دیومالا اور ادب میں تند خوئی ، پاکیزگی یا پاک دامنی کی علامت ؛ ایک سینگھا ۔

unicycle, monocycle, n. مونوسائیکل ؛ یک پہیہ گاڑی ، خصوصاً جسے پیڈلوں سے چلایا جائے جیسا کہ نٹ یا بازی گر رسی پر چلانے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

unicyclist, n. مونو سائیکل سوار ؛ ایک پہیے کا سائیکل چلانے والا ۔

unidentified, a. بے شناخت ؛ غیر شناخت شدہ ؛ جس کی شناخت نہ کی گئی ہو۔

unidirectional, a. جس کی ایک جہت ہو یا جو ایک ہی جہت میں حرکت کرے ۔

unifiable, a. جسے متحد کیا جا سکے ۔

unification, n. اتحاد ؛ وحدت ؛ متحد کرنے کا عمل ؛ متحد ہونے یا ساتھ ہونے کی حالت ۔

unified field theory, n. (طبیعیات) متحدہ مساوات سے ظاہر کیا جانے والا ایسا نظریہ جو دو یا زیادہ نظریوں کو ایک متحدہ کلیے کی صورت میں لائے اور جس سے ایسے نتائج کی پیش گوئی ہو سکے جو جزئی نظریوں سے قابل اخذ نہ ہوں ، خصوصاً ایسی بہت سے کوششوں میں سے ایک کوشش جو آئن سٹائن نے برقناطیسی نظریے ، نظریہ اضافیت اور نظریہ کشش ثقل کو متحد کرنے کے لیے کی ۔

unifilar, a. یک ریشہ ؛ جس کا ایک تاگا یا ریشہ وغیرہ ہو۔

unifoliolate, a. (نباتیات) یک پتیا ؛ ساخت میں مرکب ، اس کے باوجود ایک پتی والا اور دوسری پتیاں غیر مکمل جیسے مالٹے کے پودے کا پتا ؛ ایسے پتے رکھنے والا (درخت) ۔

uniform, a. ہموار ؛ ہم آہنگ ؛ ہم وضع ؛ ہم شکل ؛ ہم قطع ؛ ہم رنگ ؛ یکساں ؛ ایک ہی طرح کا ؛ بلاتفریق ؛ مسلسل ؛ ایک سا ؛ ایک روپ ؛ ایک ہی ؛ ہمیشہ ایک سی ظاہری صورت والا ؛ شکل و صورت اور کردار نہ بدلنے والا ؛ ایک ہی قاعدے اور اصول کے مطابق ؛ غیر متبدل ؛ یک رنگ ؛ ہم جنس ؛ مستقل ؛ جو ہر زمانے میں ایک ہی اصول کے مطابق ہو۔ (اسم) کپڑوں کی ایسی طرز و وضع جو کسی جماعت ، ادارے یا گروہ کے دوسرے اراکین بھی پہنتے ہوں (جیسے : a naval uniform) ؛ وردی ؛ بانا ؛ پوشاک ؛ لباس ؛ یونیفارم ؛ ایسے ہی مخصوص کپڑوں کا جوڑا ۔ (فعل متعدی) یکسانیت لانا ؛ ایک جیسی وردی مہیا کرنا یا وردی پہنانا ۔

uniformed, a. یکساں ؛ ایک سا ؛ وردی پہنے ہوئے ۔

uniformly, adv. یکساں طور پر ؛ یکساں روی سے ؛ ہمواری سے ۔

uniformity, n. یکسانیت ؛ ہم رنگی ؛ یک رنگی ؛ موافقت ؛ ہمواری ؛ ہم وضعی ؛ ہم شکلی ؛ مشابہت ؛ میل ؛ یکساں ہونے کی کیفیت ؛ ایک ہی طریقے یا اصول کی پابندی ؛ یکساں روی ۔

uniformness, n. یکسانیت ؛ یکرنگی وغیرہ ۔

uniform, n. حرف 'U' کے لیے مواصلاتی ضابطے کا لفظ ۔

uniformitarian, a., n. معتقد تسلسل ؛ تسلسل علت و معلول یا نظریۂ تسلسل علت و معلول کے متعلق ۔ (ارضیات) اس نظریے سے متعلق کہ زمین کی تاریخ میں بعض ارضیاتی تبدیلیاں ، کسی حادثاتی عمل کے بجائے اس قدرتی عمل سے ظہور میں آئیں جو ابھی تک عمل پذیر ہے ۔

uniformitarianism, n. نظریۂ تسلسل ؛ تسلسلیت ۔

unify, v.t. ایک کر دینا ؛ اختلافات کو مٹا کر متحد کر دینا ؛ یکجا کر دینا ؛ مستحکم کرنا ۔

unifier, n. اتحاد پیدا کرنے والا ؛ ایک یا یکساں کرنے والا ۔

unijugate, unijugous, a. (نباتیات) یک جفت پتیا ؛ پتیوں کی ایک جوڑی والا جیسے کسی ڈنڈی کے دونوں طرف بالمقابل پر نما پتیاں ۔

unilateral, a. یک طرفہ ؛ یک رخی ؛ یک پہلو ؛ کسی ایک فریق یا فرقے کی بھلائی کے لیے کیا جانے والا ؛ یک رخی تصویر لیے ہوئے یا دکھاتا ہوا ۔ (قانون) یک طرفہ معاہدے سے متعلق جو باہمی یا دو طرفہ نہ ہو۔ (نباتیات) زیادہ تر ایک طرف کو اگا ہوا ؛ شجرہ نسب میں یک طرفہ تلاش جیسے باپ یا ماں کی طرف سے ۔ (صوتیات) زبان کے ایک طرف ہوا کے گزرنے سے بنا ہوا ؛ یک حرفی ۔

unilaterally, adv. یک طرفہ طور پر ؛ یک رخی سے ۔

unilateralism, n. یک رخا نظام ؛ یک طرفگی ؛ یک پہلویت ۔

unilocular, a. (نباتیات) یک خانوی ؛ جس کا صرف ایک خلیہ یا خانہ ہو ؛ جو خلیوں یا خانوں میں بٹا ہوا نہ ہو (جیسے : unilocular fruit) ۔

unimaginable, a. بعید از قیاس ؛ ناقابل تصور ؛ جسے سوچا بھی نہ جا سکے ؛ خارج از قیاس ؛ خیال میں نہ آنے والا ؛ ناممکن ۔

unimaginative, a. جس میں تخیل کی کمی ہو ؛ بے تخیل ۔

unimpaired, a. بے نقص ؛ بے کم و کاست ؛ بے خلل ؛ جس میں کمی واقع نہ ہوئی ہو۔

unimpassioned, a. بے اشتعال ؛ جو جوش سے حرکت یا اشتعال میں نہ آئے ؛ ٹھنڈا ۔

unimpeachable, a. غیر مشتبہ ؛ جس پر اعتراض نہ کیا جا سکے ؛ الزام سے پاک ؛ جس پر حرف نہ رکھا جا سکے ؛ ناقابل مواخذہ ؛ ناقابل الزام ؛ بے قصور ؛ بے دوش ۔

unimpeachably, adv. ناقابل اعتراض طریقے سے ؛ بے داغ طور پر ۔

unimportance, n. عدم اہمیت ؛ نتائج یا اہمیت کے لحاظ سے غیر اہم ہونے کی حالت ۔

unimportant, a. غیر اہم ؛ معمولی ؛ ادنیٰ ۔

unimpressionable, a. کم تاثر ؛ جو جلد اثر قبول نہ کرے ۔

umimproved, a. جسے مفید طریقے سے استعمال نہ کیا گیا ہو ؛ جسے زیادہ پسندیدہ حالت میں نہ لایا گیا ہو ؛ بلا ترقی ؛ فوائد یا امکانی بہتری کے لحاظ سے غیر ترقی دادہ ، جیسے زمین یا جائیداد ؛ جسے آرام دہ سفر کے لیے بہتر حالت میں نہ ڈھالا گیا ہو جیسے دیہاتی علاقے کی سڑک ؛ جسے ہدایات یا مطالعے سے بہتر نہ بنایا گیا ہو جیسے کسی کا دماغ ؛ جسے اقسام کو بہتر بنانے کے لیے خصوصی طور پر پروان نہ چڑھایا گیا ہو جیسے پودے اور حیوان ؛ غیر مستعمل ۔

unincorporated, a. بے اختیار ؛ جسے قانونی کارپوریشن کے طور پر تشکیل نہ دیا گیا ہو ؛ جسے ریاست نے حکومت خود اختیاری کا درجہ نہ دیا ہو (جیسے : an unincorporated village) ؛ جسے ایک ادارے کی شکل میں یک جان نہ کیا گیا ہو ؛ غیر مربوط شکل میں ۔

uninfluenced, a. غیر متاثر ؛ جس پر اثر نہ ہو ؛ جس کو ترغیب یا جوش نہ دلایا جا سکے ؛ جو تعصب یا ناجائز اثر سے پاک ہو۔

uninformed, a. بے خبر ؛ ناواقف ؛ غیر تعلیم یافتہ یا جاہل ؛ کسی معاملے میں لاعلم ؛ نادان ؛ اجان ؛ غیر مطلع ۔

uninhabitable, a. ناقابل سکونت ؛ انسان کے لیے ناقابل رہایش ؛ ناقابل بودوباش ؛ ایسی جگہ جو بسنے کے قابل نہ ہو۔

uninhabited, a. اجاڑ ؛ بے آباد ؛ خالی ؛ غیر مسکونہ ؛ غیر آباد ؛ جس میں کوئی نہ رہتا ہو۔

uninhibited, a. ذاتی عمل میں رسمی ضابطوں یا اخلاقی پابندیوں سے بے نیاز ؛ کھلا ڈلا ؛ آزاد مشرب ؛ آزاد خیال ۔

uninhibitedly, adv. کھلے ڈلے پن سے ؛ آزاد خیالی سے ۔

uninspired, a. زور ، قوت یا قوت متخیلہ کے بغیر ؛ کند ذہن ؛ بے کیف ؛ بے جان ؛ سپاٹ ؛ بے رنگ ۔

unintelligent, a. بے عقل ؛ ذہانت سے محروم ؛ کند ذہن ؛ جاہل ؛ بیوقوف ؛ غبی ؛ غیر ذکی ۔

unintelligence, n. عقل و فہم کا فقدان ؛ کند ذہنی ؛ جاہلیت ۔

unintelligently, adv. بے وقوفی سے ؛ کند ذہنی سے ۔

unintelligible, a. بعید الفہم ؛ ناقابل فہم ؛ جو سمجھ میں نہ آئے ؛ بے معنی ۔

unintelligibleness, n. غیر فہمی ؛ غیر معقولیت ۔

unintelligibly, adv. ناقابل فہم طور پر ۔

unintentional, a. غیر ارادی ؛ نادانستہ ؛ بے مقصد یا بے ارادہ ؛ جو قصداً یا عمداً نہ کیا گیا ہو ۔

unintentionally, adv. بلا قصد ؛ بلا ارادہ ۔

uninterested, a. بے سروکار ؛ بے غرض ؛ بے واسطہ ؛ غرض نہ رکھنے والا ؛ ذاتی طور پر تعلق نہ رکھنے والا ؛ ذہنی اور جذباتی طور سے لاتعلق ۔

uninteresting, a. غیر دلچسپ ؛ لاتعلق ؛ بے لطف ؛ بے رنگ ؛ بے کیف ؛ بے اثر ۔

uninterrupted, a. غیر منقطع ؛ مسلسل ؛ جس کے تسلسل میں رکاوٹ نہ ہو ؛ بلا وقفہ ؛ بے روک ؛ بلاناغہ ؛ لگاتار ؛ بلافصل ؛ علی التواتر ؛ متواتر ؛ بلاناغہ ۔

uninterruptedly, adv. مسلسل طور پر ۔

uninterruptedness, n. تسلسل ؛ عدم انقطاع ۔

uninvited, a. غیر مدعو ؛ بے طلب ؛ بے اطلاع ؛ بن بلائے ۔

uninviting, a. جاذبیت یا کشش سے خالی ؛ غیر دلکش ؛ بے کشش ۔

union, n. اتفاق ؛ اتحاد ؛ یونین ؛ انجمن ؛ متحد کرنے کا عمل یا متحد ہونے کی حالت ؛ اتصال ؛ ایکا ؛ متحد کی ہوئی شے ؛ چند اشخاص ، اداروں ، صوبوں یا اقوام کا کسی مشترکہ مقصد کے لیے تعاون یا اتحاد ؛ پیشہ وروں یا مزدوروں کی انجمن ؛ ریاستوں یا اقوام کا بطور سیاسی ادارے کے ملاپ ۔ (بڑے U سے) ریاستہائے متحدہ امریکا میں اتحاد کی ایسی وضع کردہ علامت جو جھنڈے یا نشان پر ہو جو عموماً اوپر والے پورے حصے یا جگہ کو گھیرے ہوئے ہوتی ہے ؛ شادی ؛ مباشرت ؛ ازدواج ؛ وصل ؛ ملاپ ؛ وصال ؛ یک جہتی ۔ (بڑے U سے) ایسا ادارہ جو کالج یا یونیورسٹی میں تفریح کی سہولتیں مہیا کرتا ہو ؛ ایسی عمارت جو اس کام کے لیے استعمال ہوتی ہو (اِس کے پہلے the مستعمل ہے) ۔ (میکانیات) حصوں کو جوڑنے والی کوئی چیز جیسے پائپ یا نالیوں کو جوڑنے والی ۔ (برطانوی) وہ خیرات خانے جو قانون امداد غُرباء کے نفاذ کے لیے قائم کیے گئے تھے ؛ کوئی ادارہ جو ایسے خیرات خانے چلاتا ہو ۔ (پارچہ بافی) دو یا دو سے زیادہ قسم کے دھاگوں سے بنا ہوا کوئی کپڑا ؛ مخلوط بناوٹ کا کپڑا ۔ (صفت) یونین (انجمن) کا یا یونین سے متعلق ، خصوصاً لیبر یونین سے ۔ (بڑے U سے) ریاستہائے متحدہ امریکا سے متعلق خصوصاً خانہ جنگی کے زمانے میں (confederate) کے برعکس ، ان امریکی ریاستوں کے بمقابل جنھوں نے امریکی اتحاد سے الگ ہو کر اپنا گروہ الگ بنا لیا تھا) ۔

union card, n. یونین کارڈ ؛ ایسا شناختی کارڈ جو یہ تصدیق کرتا ہو کہ کارڈ کا حاملٰ فلاں شخص مزدور یونین کا رکن ہے ۔

unionism, n. اتحاد پسندی ؛ ٹریڈ یونین کی سرگرمی یا یونین بازی ؛ تجارتی یونین یا انجمن ۔ (بڑے U سے) خانہ جنگی کے موقع پر ریاستہائے متحدہ امریکا کی وفاقی اتحادی ریاستوں سے وفاداری ۔

unionist, n. انجمن پسند ؛ یونین پسند ؛ وہ شخص جو ٹریڈ یونین کا حامی ہو یا یونین بنانے کا حامی ہو ؛ صنعتی مزدوروں کی انجمن کا رکن ۔ (بڑے U سے) وفاقی اتحادی ریاستوں کا حامی ، امریکا میں خانہ جنگی کے موقع پر ۔ (برطانوی سیاست) سلطنت متحدہ برطانیہ عظمیٰ کا حامی جو آئرلینڈ کی داخلی خودمختاری کی مخالفت کرتا ہو ۔

unionistic, a. اتحاد پسندانہ ۔

unionize, v.t. انجمن سازی کرنا ؛ یونین کا وجود میں لانا یا یونین میں شامل ہونے کا سبب بننا خصوصاً لیبر یونین (مزدوروں کی انجمن) کا ؛ لیبر یونین کے اصولوں کے مطابق ۔

unionization, n. انجمن سازی ؛ یونین کی تشکیل ۔

union jack, n. یونین جیک ۔ (بڑے U سے) برطانیہ اور آئرلینڈ کا قومی جھنڈا ؛ جہاز یا بحری فوج کا جھنڈا جس میں قومی جھنڈے کی علامت یا نشان بھی ہو ۔

union shop, n. انجمن تحدیدی ؛ ایسا صنعتی ادارہ جہاں ملازمت لیبر یونین کے اراکین یا ان لوگوں تک محدود ہوتی ہے جو ایک محدود وقت میں اس کے رکن بننے سے اتفاق کریں ۔ دیکھیے : closed shop ۔

union suit, n. مردوں اور لڑکوں کا ایسا زیر جامہ جس میں قمیص اور انڈرویر جڑے ہوئے ہوتے ہیں ۔

uniparous, a. (حیوانیات) یک جھولی ؛ یک جھولیا ؛ وہ حیوان جو ایک وقت میں ایک ہی بچہ پیدا کرے ۔ (نباتیات) شاخ جس پر ایک ہی پھول کھلتا ہو جیسے گوبیا ۔

unipersonal, a. ذاتی یا شخصی ، جو صرف ایک شخص پر مشتمل ہو ۔ (گرامر) صیغہ جو صرف واحد کے لیے استعمال ہو خصوصاً واحد غائب کے لیے جیسے بعض فعل ۔

unipetalous, a. (نباتیات) یک برگا ؛ جس کی صرف ایک پتی ہو ۔

uniplanar, a. ہم سطح ؛ جو ایک ہی سطح پر واقع ہو (جیسے : uniplanar motion) ۔

unipod, n. سہارا جو ایک ڈنڈے یا چھڑی پر مشتمل ہو ، جیسے کیمرے کے لیے ۔

unipolar, a. (طبیعیات) واحد قطبہ ؛ واحد محورہ ؛ یک قطبیہ ؛ جس کا ایک ہی قطبی میلان ہو ۔ (تشریح الاعضا) عصبیے کے خلیے سے متعلق جس کا صرف ایک قطبیہ یا ایک ہی قدرتی عمل ہو ، خصوصاً جیسے ریڑھ کی ہڈی کا ۔

unipolarity, n. یک قطبیت ؛ واحد قطبیت ۔

unipotent, a. (حیاتیات) یک قوہ ؛ اس خلیے سے متعلق کہا جاتا ہے جو صرف ایک خلیے یا رسیے کی صورت میں

نشوونما پا سکے۔

unique, a. یکتا ؛ نرالا ؛ انوکھا ؛ بے مثل ؛ بے نظیر ؛ اپنی قسم میں واحد ؛ نادر ؛ غیر معمولی ؛ لاجواب ؛ عدیم النظیر ؛ عدیم المثال ؛ اپنی قسم کا ؛ ایک ہی ؛ عجیب ؛ بے جوڑ۔

uniquely, adv. بے مثل طور پر ؛ یکتائی کی شان سے۔

uniqueness, n. یکتائی ؛ بے مثلی ؛ نرالا پن ؛ انوکھا پن۔

uniseptate, a. (حیاتیات) یک حاجبی ؛ جس کا ایک ہی پردہ یا حاجب ہو جیسے سیلیکل (silicle)۔

unisex, a. ہمہ جنسی ؛ مردوں اور عورتوں دونوں کے لیے موزوں مثلاً ملبوسات ، بال بنانے کے انداز وغیرہ ؛ صنفی اعتبار سے ناقابل امتیاز۔

unisexual, a. یک جنسی ؛ صرف ایک ہی جنس کا یا اس سے متعلق ؛ وہ جس میں صرف نر یا مادہ کے عضو ہوں جیسے حیوان یا پھل ؛ جو دو زوجی یا نر مادہ نہ ہو۔

unisexuality, یک جنسیت۔

unisexually, adv. یک جنسی طور پر۔

unison, n. ہم آواز ؛ اتفاق رائے ؛ موافقت ؛ ہم آہنگی ؛ کامل اتفاق ؛ پورا اتحاد ؛ مکمل ہم آہنگی ؛ مکمل یک جہتی ؛ آوازوں کا ملاپ ؛ دو یا زیادہ آوازوں یا سروں میں ہم آہنگی جیسے بولنے میں۔ (موسیقی) دو ہم آہنگ سروں کے درمیان فصل یا وقفہ ؛ ایک ہی اوج پر یا سرگم میں جیسے مختلف آوازوں یا سازوں کا بجنا۔

in unison, ہم آہنگی ؛ یک جہتی ؛ فعل یا آوازوں میں یکسانی۔

unisonous, unisonal, a. ہم آہنگ ؛ ہم ساز۔

unit, n. اکائی ؛ وحدت ؛ واحدہ ؛ ایک ؛ کوئی ایک چیز یا ایک شخص ؛ واحد طور پر چیزوں یا اشخاص کا مجموعہ ؛ اشخاص یا مجموعوں میں سے ایک جو کامل بالذات خیال کیا جائے یا جس سے کل کا تجزیہ کیا جا سکے ؛ کوئی جسامت یا ضخامت جسے ایک خودمختار کل کے طور پر لیا جائے ؛ کسی رقم ، لمبائی ، رقبے ، مقدار ، قوت ، قدروقیمت یا وقت کی معیاری اکائی جس سے اسی نوع کی دوسری شے کا موازنہ کیا جا سکے (ناپ معلوم کرنے یا قیمت لگانے کی غرض سے) ؛ مشین کا کوئی پرزہ یا مشینوں کا مجموعہ جو کوئی مخصوص فعل سر انجام دیتا ہو (جیسے : an air conditioning unit) ۔ (ریاضی) سب سے چھوٹی اکائی یا ایک ؛ علامت اعشاریہ کے فوراً بائیں ہاتھ کی جگہ ۔ (تعلیم) نصاب کا وہ حصہ جسے کسی خاص موضوع سے متعلق کر دیا جائے اور جو نصاب کی اکثر روایتی تقسیم کو منقطع کرتا ہو (جیسے : a unit of historical geography) ؛ طالب علموں کی استعداد جانچنے کے لیے مخصوص گھنٹوں کا کام ۔ (طب) دوا کی ایسی خوراک جو مخصوص اثر دکھانے کے لیے ضروری ہو ، جیسے متعدی بیماری سے محفوظ کرنے کے لیے۔ (عسکری) سپاہیوں کا ایک دستہ جن سے مل کر ذیلی ڈویژن بنتا ہے۔

unitage, n. کمیت کی تصریح جو بطور پیمایش کی اکائی کے استعمال ہوتی ہو ؛ وحدہ۔

unitarian, n. موحد ؛ جس کا ایمان یہ ہو کہ خدا صرف ایک ہے ، تثلیث کے عقیدے کے برعکس ۔ (بڑے U سے) عیسائی مذہب کے اس فرقے کا مقلّد جو اس عقیدے کا پیرو ہو کہ خدا صرف ایک ہے اور مذہبی خیالات کی آزادی اور دوسرے مذہبی عقائد سے رواداری اور افراد کے ذاتی کردار اور عبادت گزاروں کے ہر اجتماع کی آزادی پر زور دیتا ہو ؛ اتحاد یا مرکزیت کا حامی جیسے حکومت میں ۔ (صفت) (بڑے U سے) توحید پرستوں کے عقائد یا ان سے متعلق ؛ توحید پرست ؛ اکیلا ؛ وحدت پرست ؛ وحدانی طرز حکومت کا حامی۔

unitarianism, n. توحید پرستی کے اصول اور عقائد ؛ کوئی مرکزی نظام حکومت ؛ وحدت پسندی۔

unitary, a. اکائی یا اکائیوں سے متعلق ؛ اکائی کی خصوصیات یا اس سے متعلق یا اس پر مبنی ؛ اکائی کی خصوصیت رکھنے والا۔ (حکومت) وحدانی طرز حکومت سے متعلق یا اس کا حامی۔

unit character, n. (جینیات) واحد خاصیت یا کردار ؛ مخصوص وصف یا سیرت جو بطور اکائی کے وراثت میں ملی ہو اور ایک جین یا جینوں کے ایک سلسلے کے ذریعے منتقل ہوتی ہو۔

unite, v.t. متحد کرنا ؛ ملا دینا یا مدغم کرنا تا کہ مل کر یک جان ہو جائے ؛ متحد ہونے کا سبب بننا یا ساتھ رہنا (جیسے : to unite bricks with cement) ؛ شادی کے بندھن میں باندھنا ؛ کسی بندھن یا اتحاد میں شریک ہونا (جیسے : to unite nations by treaty) ؛ کسی عمل ، مفاد ، رائے یا احساس کی سطح پر متحد ہونا ؛ کسی اتحاد یا اتصال کا ہونا یا اس کا مظاہرہ کرنا (جیسے : a building which unite two different styles of architecture) ۔ (فعل لازم) اس طرح متحد ہونا کہ مکمل ایک ہو جانا ؛ ایک ہو جانا ؛ شادی میں منسلک ہو جانا ؛ کسی انجمن ، معاہدے یا اتحاد میں شامل ہو جانا ؛ کسی عمل ، رائے یا احساسات میں متحد ہو جانا ؛ یک جا ہو جانا ؛ یک جان ہو جانا ؛ ایک دوسرے میں پیوست ہو جانا ؛ سانٹھنا ؛ ہم خیال ہو جانا۔

unitable, uniteable, a. متحد ہو جانے والا/والے ؛ اکٹھا ہو جانے والا/والے ؛ اکٹھے کیے جا سکنے والے۔

uniter, n. اکٹھا کرنے والا ؛ متحد کرنے والا۔

united, a. متحدہ ؛ کسی معاملے میں اکٹھے ؛ یکجا شدہ ؛ دو یا زیادہ چیزوں یا اشخاص کے اتحاد یا ملاپ سے بنا ہوا یا پیدا کیا ہوا ؛ یک زبان ؛ ہم خیال ؛ متحد ؛ ایک ؛ متفق ؛ مخلوط ؛ یکجا ؛ متفقہ ؛ پیوستہ ؛ شامل ؛ مشمولہ ؛ جڑا ہوا۔

unitedly, adv. متحدہ طور پر ؛ متفقہ طور پر ؛ بالاتفاق۔

United Kingdom, The United Kingdom of great Britain and northern Ireland, n. سلطنت متحدہ ؛ برطانیہ ؛ انگلستان ، ویلز ، اسکاٹ لینڈ ، شمالی آئرلینڈ ، جزائر مان اور رود باد انگلستان کے جزیروں پر مشتمل جغرافیائی اور سیاسی وحدت۔ مخفف : U.K. ۔

United Nations, n. اقوام متحدہ ؛ اقوام دنیا کا بین الاقوامی ادارہ جو سان فرانسسکو ، کیلے فورنیا میں ۱۹۴۵ء کے مستقل منشور سے وجود میں آیا جس کا مقصد بین الاقوامی امن ، سلامتی کو قائم رکھنا اور فروغ دینا ہے ؛ ان اقوام کا اتحاد جنھوں نے ۱۹۴۲ء میں واشنگٹن ، امریکا میں یہ حلف اٹھایا کہ وہ اپنے تمام ذرائع محوری طاقتوں کے خلاف استعمال کریں گے اور الگ الگ معاہدہ امن نہیں کریں گے۔ مخفف : UN, U.N. ۔

United States, America, United States of America, n. ریاستہائے متحدہ ؛ امریکا ؛ وفاقی جمہوریہ شمالی امریکا جو پچاس ریاستوں اور ڈسٹرکٹ آف کولمبیا اور بہت سے مقبوضات پر مشتمل ہے۔ مخفف : US, U.S.

unitfactor, n. (جنین) ایک جنین کا اکائی کردار کی منتقلی کا عمل ؛ جزو اکائی ۔

unitive, a. اتفاق یا اتحاد پیدا کرنے والی قوت والا ؛ اتفاق یا اتحاد کی خصوصیات سے متعلق ؛ اتحادیہ ۔

unitize, v.t. وحدت میں لانا ۔

unit magnetic pole, n. (طبیعیات) اکائی مقناطیسی قطب ؛ مقناطیسی قوت میں قوت کی وہ مقدار جو ایک سینٹی میٹر کے فاصلے پر رکھے ہوئے اسی قوت کے مقناطیسی قطب کو ایک ڈائن طاقت سے پیچھے دھکیلے ۔

unit rule, n. اصول وحدت ؛ وحدت شاہی ؛ قومی ڈیمو کریٹک کنونشن کا ایک قانون جس کے مطابق بعض ریاستوں کے تمام نمائندے اس امیدوار کو ووٹ دیتے ہیں جسے اکثریت پسند کرتی ہے ۔

unity, n. اتحاد ؛ ایکا ؛ وحدانیت ؛ میل ؛ ہم آہنگی ؛ اتفاق ؛ یک جہتی ؛ میل ملاپ ؛ یگانگت ؛ اتصال ؛ اکائی ؛ ایک ہونے کی حقیقت یا حالت ؛ جو اپنی ذات میں مکمل ہو یا ایسا خیال کیا جائے ؛ ایک مرکب نامیاتی کل کی یا ایک دوسرے سے جڑے سلسلے کی ایکتا ؛ ایک کل یا کلیت کی صورت میں یکجا یا متحد ہونے کی کیفیت یا حالت ، جیسے متعلقہ پرزوں کا مجموعہ ؛ کثرت یا تنوع سے آزادی ؛ اتحاد فکر و احساس ؛ خیالات و احساسات کی ہم آہنگی جیسے کچھ اشخاص میں ؛ اتحاد ، اتفاق اور یک جہتی ۔ (ریاضی) ایک کا عدد ؛ وہ مقدار جسے ایک خیال کیا جائے ؛ وہ عدد جو کسی دوسرے عدد کی مقدار کو ضرب ، تقسیم سے وہی رہنے دیتا ہے ۔ (فن ، ادب) وحدت اثر ؛ فن پارے کے تمام اجزا کا باہمی ربط و رشتہ جو ایک ہی عمومی تاثر چھوڑتے ہوں ۔ (ڈراما) زمان ، مکان اور عمل کی تین وحدتوں میں سے ایک جو ارسطو کی بوطیقا (Poetics) سے ماخوذ ہوں ، جس کے مطابق ڈراما ایک ہی عمل پر مشتمل ہونا چاہیے ، جو ایک دن میں ایک ہی مقام پر ہوئے ہوں ۔

univalent, a. (کیمیا) یک گرفتہ ؛ کسی عنصر کے ایک جوہر کی قوت ؛ گرفت کی اکائی ۔ (جنین) ایک لونیے (کروموسوم) سے متعلق یا اس کی صراحت کرتا ہوا ، جس کا کوئی نر یا مادہ زوج نہ ہو ۔

univalence, univalency, n. یک گرفتگی ؛ ایک ہی لونیے (کروموسوم) سے ترکیب پانے کی حالت ۔

univalve, univalved, univalvular, a. یک صمامی ؛ ایک ہی صمام (والو) رکھنے والا ، جیسے گھونگے یا صدف ۔ (اسم) گھونگا یا صدف جس کا خول ایک ٹکڑے میں ہو ؛ گھونگا یا صدفے کا ایسا صمام جو ایک ہی ٹکڑے پر مشتمل ہو ؛ ایک حیوان ناعمہ ۔

universal, a. آفاقی ؛ عالمگیر ؛ ہمہ گیر ؛ جس کا تعلق یا جس کی خصوصیات کا سب سے یا کل سے تعلق ہو (جیسے : the universal experience of mankind) ؛ کوئی چیز جس کا تعلق یا اثر سب پر ہو (جیسے : universal military service) ؛ ہمہ گیر ؛ جسے سب ہی استعمال کرتے یا سمجھتے ہوں (جیسے : a universal language) ؛ جو دنیا کے سب ہی حصوں میں موجود ہو یا حاوی ہو ؛ جو سبھی موضوعات اور میدانوں کا احاطہ کیے ہوئے ہو (جیسے : a universal culture) ؛ جو کائنات کی تمام مخلوقات سے متعلق ہو ۔ (منطق) وہ عمومی خصلت ، خصوصیت یا رویہ جو ایک نوع کے کل افراد پر یا بہت سے افراد پر حاوی ہو یا متعلق ہو ؛ جس کا ایک جماعت یا نسل کے تمام ارکان پر اطلاق ہو سکے یا اس کے متعلق ؛ خصوصی کے برعکس ۔ (میکانیات) جو ہر قسم یا ہر جسامت اور ہر زاویے سے کارآمد ہو سکتا ہو ؛ جو ہر سمت میں ایک حد تک آزادانہ حرکت کر سکتا ہو (جیسے : a universal joint) ۔ (اسم) وہ قاعدہ ، کلیہ یا تصور جس کا اطلاق عام ہو ۔ (منطق) قضیہ کلیہ ؛ ارسطو کے پانچ معمولات میں سے کوئی ایک ؛ ایک عام اصطلاح یا تصور یا عمومی ماہیت جس کی ایسی اصطلاح دلالت کرتی ہو جیسے حقیقت کلی یا وجود کلی ؛ کلّی ؛ عمومی ؛ مسلمہ ؛ مانا ہوا ۔

universally, adv. کلی طور پر ؛ بالاتفاق ؛ عالم گیر حیثیت سے ؛ کل انسانوں یا تمام دنیا میں ؛ سارے ؛ ہر جگہ ؛ عموماً ؛ بالکل ۔

universalness, n. عالم گیریت ؛ قضیہ کلیہ ۔

universalism, n. آفاقیت ؛ عالمگیریت ؛ ہمہ گیریت ؛ آفاق گیر نوعیت ؛علم کی عالم گیری یا آفاقیت ؛ تخصیصی مہارت کے برعکس علم یا دلچسپیوں یا سرگرمیوں کی ہمہ گیری ۔ (بڑے U سے) (الٰہیات) خدا کے ہمہ گیر ہونے کا عقیدہ اور عقیدہ نجات کل ۔ (فلسفہ) یہ عقیدہ کہ ہر انسان کو سب کی بھلائی کے لیے جدوجہد کرنی چاہیے ۔

universalist, n. معتقد نجات کل ۔ (فلسفہ) وہ جس کا نصب العین بنی نوع انسان کی بھلائی ہو ۔ (بڑے U سے) (الٰہیات) عقیدہ نجات کل کا پیرو ۔

universality, n. کلیت ؛ عمومیت ؛ تعمیم ؛ ہمہ گیریت ؛ کلیت کی خصوصیت یا حالت ؛ تعلق ، وسعت جس کا اطلاق سب پر ہو ؛ وہ جو ہر جگہ موجود ہو یا سب پر حاوی ہو ؛ عالمگیر خصوصیت کا علم یا مفادات ۔

universalize, v.t. کلی بنانا ؛ عالم گیر کر دینا ۔

universalization, n. کلیت سازی ؛ عمل ہمہ گیری ۔

universal joint, universal coupling, n. (میکانیات) ایسا حلقہ یا جوڑ ، جو ایسے دو گردش کرتے دھروں کو جوڑنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ، جو ایک دوسرے کی سیدھ میں نہ ہوں ، ایک دھرا انجن سے جڑا ہوتا ہے اور دوسرے دھرے کو گردش میں لاتا ہے ۔

universal product code, n. عالمی پیداواری علامت ؛ کسی پیکٹ پر چسپاں کیے جانے والے رمزی ابجد جو متصل جگہوں کو جُدا کرنے والی دھاریوں پر چھپے ہوتے ہیں اور جنھیں برقیاتی طریقے سے یا لیزر شعاعوں کے ذریعے پڑھا جا سکتا ہے ۔ یہ مرموز ابجد خردہ فروشوں کی دُوکانوں میں فردِ سامان کو مُنضبط رکھنے اور جانچ پڑتال کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں ۔

universal quantifer, n. (فلسفہ) صوری منطق کی ایک اصطلاح جو یہ وضاحت کرتی ہے کہ آزادانہ تغیر والے (x) کے ساتھ ایک دیا گیا فارمولا ایک مخصوص حد کے اندر (x) کی تمام اقدار کے لیے صحیح ہے ۔ دیکھیے : existential quantifier ۔

universe, n. کائنات ؛ آفاق ؛ کون و مکاں ؛ جہان ؛ عالم ؛ عالم رنگ و بو ؛ مخلوقات ؛ موجودات یا مخلوقات کا مجموعہ ، بشمول زمین اور اس پر یا اس میں جو کچھ موجود ہے ، اجرام فلکی اور جو کچھ بھی سارے خلا میں ہے ؛ نظام کائنات یا عالم اکبر (macrocosm) ؛ تمام مخلوقات ؛ تمام دنیا ؛ بنی نوع انسان ؛ اجسام

فلکی کا نظام یا خلا کی لامحدود وسعت جو ازخود ایک جہان تصور کی جاتی ہے اور عالم اکبر کے مماثل ہے ؛ ایک حلقہ جس میں کوئی چیز موجود ہو ؛ حلقۂ تحقیق ـ (منطق) بحث یا اظہار خیال کی کائنات ـ

universe of discourse, n. (منطق) من حیث المجموع ؛ تصورات کا میدان یا اشیا کا مجموعہ جو خیالات یا بحث کے موضوع کے طور پر قبول کیا گیا ہو ؛ تمام خارجی اشیا یا مدرکات کا مجموعہ جس سے کوئی بحث متعلق ہو ـ

university, n. جامعہ ؛ یونیورسٹی ؛ دانش گاہ ؛ ایک ادارہ جس کا تعلق علوم کی اعلیٰ شاخوں سے ہو ـ (امریکی) جس کے تحت متعدد انڈر گریجویٹ اسکول ہوں جو بی ـ اے کی ڈگریاں عطا کرتے ہوں اور ایسے گریجویٹ اسکول اور فنی ادارے ہوں جنھیں ایم ـ اے اور ڈاکٹریٹ کی ڈگریاں عطا کرنے کی اجازت ہو ـ (یورپی) ایسا ادارہ جو فنی اور گریجویٹ اسکولوں یا دونوں پر مشتمل ہو ؛ طالب علم اور اساتذہ (فیکلٹی) بحیثیت مجموعی ؛ جامعہ کے کھیل کے میدان ، آلات ، سازوسامان اور عمارات بحیثیت مجموعی ـ (برصغیر) اعلیٰ تعلیم کی درس گاہ جہاں علوم و فنون کی تعلیم و تحقیق اور امتحان کا انتظام ہو اور سندیں عطا کی جاتی ہوں جیسے بی ـ اے ، ایم ـ اے اور ڈاکٹریٹ وغیرہ کی ـ

univocal, a. واحد معنی والا ؛ جس کے صرف ایک معنی ہوں ؛ جو ذو معنین یا مبہم نہ ہو ؛ جس کی صرف ایک ہی تشریح و توضیح کی جا سکے ـ

univocally, adv ہم آہنگی کے ساتھ ؛ یک معنی سے ـ

unjust, a. غیر منصفانہ ؛ انصاف اور سچائی کے برخلاف یا مخالف ؛ ناواجب یا بے جا ؛ ظالمانہ ؛ جابرانہ ؛ ناروا ؛ نامناسب ؛ غیر واجبی ؛ ناانصافانہ ـ

unjustness, n. ناانصافی ؛ زیادتی ؛ غیر واجبیت ـ

unjustifiable, a. بے جا ؛ جسے صحیح یا بجا ثابت نہ کیا جا سکے ؛ جس کا دفاع نہ کیا جا سکے یا درست ثابت نہ کیا جا سکے ؛ ناروا ؛ ناجواز ؛ غیر واجب ؛ ناجائز ـ

unjustifiableness, ناواجبیت ؛ ناروا کیفیت ـ

unjustifiably, adv. بے جا طور پر ؛ ناروا طور پر ؛ غیر واجبی طور پر ـ

unkempt, a. جس کے کنگھی نہ کی گئی ہو ؛ ناشایستہ ؛ پھوہڑ ؛ گندا جیسے لباس میں ؛ بے ترتیب ؛ کھردرا ؛ ناہموار ؛ بغیر پالش کے ؛ غیر مہذب ـ

unkennel, v.t. غار سے نکالنا ؛ بھٹ یا ماند سے زبردستی نکال باہر کرنا جیسے حیوانوں کو ؛ سگ خانہ سے شکاری کتے کو کھول دینا ـ (مجازاً) ظاہر کرنا ؛ افشا کرنا ـ (فعل لازم) سگ خانہ یا بھٹ سے باہر آنا ـ

unkind, a. بے مہر ؛ نامہربان ؛ بے درد ؛ بے رحم ؛ بے مروت ؛ بدلحاظ ؛ جس میں رحم دلی کی کمی ہو ؛ بلا لحاظ ـ

unkindness, n. بے مہری ؛ بے رحمی ـ

unkindly, a. بے مہر ؛ بے رحم ؛ نامہربان ـ (متعلق فعل) بے رحمی سے ؛ بے مہری سے ـ

unkindliness, n. بے مہری ؛ بے رحمی ؛ بے مروتی ؛ بے دردی ـ

unknit, v.t. بل کھولنا ، ادھیڑنا ؛ کھولنا ، جیسے بنائی یا گرہ کا ؛ سلوٹیں دور کرنا جیسے سلوٹوں والے سویٹر کی ـ (فعل لازم) کھل جانا یا ادھڑ جانا ـ

unknot, v.t. سلجھانا ؛ گانٹھیں یا گرہیں کھولنا ؛ پیچ نکالنا ؛ گرہ شدہ حالت سے باہر نکالنا یا پیشانی پر بل کی حالت سے نکالنا ـ

unknowable, a. ناقابل ادراک ؛ فہم و ادراک سے باہر ؛ سمجھ سے باہر ؛ فہم سے بالا ؛ انسانی علم سے ماورا ـ

the unknowable, (فلسفہ) وہ فرضی حقیقت جو تمام مظاہر کی پشت پر ہے اور جو انسانی ادراک کی حدود سے باہر ہے ـ

unknowableness, a. ماورائیت فہم ؛ ناقابل ادراک ہونے کی حالت ـ

unknowably, adv. ناقابل ادراک طور پر ـ

unknowing, a. ناواقف ؛ جاہل ـ

unknowingly, adv. ان جانے طور پر ؛ نامعلوم یا نادانستہ طور پر ـ

unknowingness, n. ناواقفیت ؛ جہالت ـ

unknown, a. نامعلوم ؛ نامانوس ؛ اجنبی ؛ جو یقینی طور پر معلوم نہ ہو یا شناخت نہ کیا گیا ہو ؛ انجانا ؛ انجان ؛ غیر معروف ؛ بے خبر ؛ غیر مشہور ـ (اسم) نامعلوم شے یا شخص ـ (ریاضی) ایک نامعلوم یا مجہول مقدار جو عموماً علامت سے ظاہر کی جاتی ہے ـ

Unknown Soldier, n. نامعلوم/گمنام سپاہی ؛ پہلی جنگ عظیم میں مارا جانے والا ایسا سپاہی جس کی شناخت نہ ہو سکی ہو اور جس کی اس طور یادگار قائم کی گئی ہو کہ وہ قوم کے ان سب سپاہیوں کا استعارہ بن جائے جو مختلف جنگوں میں مارے گئے اور جن کی شناخت نہ ہو سکی ـ

unlace, v.t. تسمہ ڈھیلا کرنا یا کھولنا ؛ تسمے کی گرہ ڈھیلی کر کے کھول دینا ؛ بند یا ڈوری کھول دینا ـ

unlade, v.t., v.i. بار اتارنا ؛ سامان کا اتارنا جیسے بحری جہاز سے ؛ اتارنا جیسے مال کا ـ

unladylike, a. بیگمات کے عادات و اطوار کے خلاف ؛ بیگمات کے غیر شایان شان ـ

unlamented, a. جس کا کوئی رونے والا نہ ہو ؛ بے ماتم ؛ جس کا ماتم نہ کیا گیا ہو ـ

unlash, v.t. کھولنا یا ڈھیلا کرنا جیسے کسی بندھی ہوئی چیز کا ـ

unlatch, v.t. کنڈا اٹھا کر کوئی دروازہ کھولنا ؛ چٹخنی کھولنا ـ (فعل لازم) کھلا ہونا ـ

unlaundered, a. بے دُھلا ؛ دھوبی سے نہ دھلا ہوا ـ

unlawful, a. خلاف قانون ؛ ناجائز ؛ جو شادی کے نتیجے میں نہ پیدا ہوا ہو ، ناجائز اولاد ؛ حرامی ؛ حرامزادہ ؛ کموت ـ

unlawfully, adv. خلاف شرع ؛ ناجائز طور پر ؛ خلاف قانون طریقے سے ـ

unlawfulness, n. لاقانونیت ؛ ناجائز ہونے کی حالت ـ

unlay, v.t., v.i. بل نکالنا ؛ پیچ نکالنا ؛ سلجھانا ؛ کھولنا ، لڑیں کھولنا ؛ بل کھولنا جیسے رسے کے ـ

unleaded, a. جس میں سیسہ نہ ملایا گیا ہو ؛ سیسے کی پٹیوں سے جدا نہ کیا گیا جیسے ٹائپ کی سطریں یا چھپائی کے لیے مواد ؛ جہاں درمیان میں فاصلہ نہ چھوڑا گیا ہو یا سرخی لگا کر الگ حیثیت نہ دی گئی ہو ـ

unlearn, v.t. سبق بھول جانا ؛ فراموش کرنا ؛ بھلا دینا یا دل سے نکال دینا جیسے کوئی علم ؛ علم کو بھلا دینا ۔

unlearned, a. غیر تعلیم یافتہ ؛ جاہل ؛ ان پڑھ ؛ وہ (علم) جسے تعلیم و تربیت سے حاصل نہ کیا گیا ہو ؛ غیر اکتسابی ۔

unlearnedly, adv. غیر عالمانہ طور پر ؛ جاہلانہ طور پر ۔

unleash, v.t. کتے کی رسی یا تسمہ یا زنجیر کھول دینا ؛ جانے دینا ؛ چھوڑ دینا ۔

unleavened, a. جس کا خمیر نہ اٹھایا گیا ہو ؛ غیر خمیری ؛ فطیری ۔

unless, conj. تاوقتیکہ ؛ بجز اس کے ؛ الاّ ؛ جب تک کہ نہ ؛ بجز اس صورت کہ (جیسے : we can expect her, unless she is delayed) ۔ (حرف جار) بجز ؛ سوا ۔

unlettered, a. ان پڑھ ؛ غیر تعلیم یافتہ ؛ بے لکھا پڑھا ؛ جاہل ؛ بغیر حروف کے جیسے لوح مزار ؛ بے کتبہ ۔

unlicensed, a. غیر سند یافتہ ؛ بغیر اجازت نامہ ؛ بغیر لائسنس کے یا بغیر قانونی اجازت کے ؛ جو قانونی اجازت کے بغیر کیا جائے ؛ بے قابو ۔

unlighted, a. جہاں روشنی نہ کی گئی ہو ؛ بے روشنی کیے ؛ بے نور ۔

unlikable, unlikeable, a. دوستانہ احساسات کو تحریک دینے کے نااہل پسند نہ آنے والا ؛ ناخوشگوار ؛ نامرغوب ؛ ناپسندیدہ ۔

unlikableness, unlikeableness, n. ناپسندیدگی ؛ نامرغوبیت ۔

unlikeably, unlikeably, adv. نا پسندیدگی کے طور پر ؛ نامرغوبیت کے طور پر ۔

unlike, a. غیر مشابہ ؛ مختلف ؛ کوئی مشابہت نہ رکھنے والا ؛ ناموافق ؛ ان میل ؛ بے میل ؛ ناہموار ؛ غیر متماثل ۔ (حرف جار) سے مختلف ؛ غیر مخصوص ؛ کے برعکس ۔

unlikeness, n. عدم احتمال ؛ غیر مشابہت ؛ غیر یکسانی ۔

unlikelihood, n. عدم احتمال ؛ غیر اغلب ہونے کی حالت ۔

unlikely, a. ان ہونی ؛ خلاف قیاس ؛ غیر قرین قیاس ؛ غیر اغلب ؛ کامیابی نہ ہونے کے امکان کا ؛ غیر امید افزا ۔

unlikeliness, n. عدم احتمال ؛ قرین قیاس نہ ہونے کی حالت ۔

unlimber, v.t. توپ گاڑی کا اگلا حصہ الگ کرنا ؛ ٹریکٹر یا کھینچنے والی گاڑی سے ؛ استعمال کے لیے یا کام کرنے کے لیے تیار کرنا ۔ (فعل لازم) ایسا کام ہونا جس سے کوئی مشین /چیز کام کرنے کے لیے تیار ہو ۔

unlimited, a. غیر محدود ؛ نامحدود ؛ لامتناہی ؛ نہایت وسیع ؛ بے حد ؛ بلا قید ؛ غیر مشخص ؛ غیر معیّن ؛ غیر مقرر ۔

unlined, a. بے استر ؛ استر نہ لگا ہوا ؛ استر یا اندرونی تہ کے بغیر (کوئی کپڑا) ؛ سطح پر بغیر لکیروں کے جیسے کوئی کاغذ ؛ بے سطر ؛ شکن کے بغیر ۔

unlink, v.t. کڑیاں الگ کر دینا ؛ کھول دینا اس چیز کو جو کڑی سے بندھی ہو ؛ سلسلہ جدا کرنا ؛ کڑی کھولنا ؛ چھڑانا ۔ (فعل لازم) سلسلہ توڑنا ۔

unlisted, a. غیر درج شدہ ؛ فہرست میں غیر درج شدہ ؛ ان حصص اور ہنڈیوں سے متعلق جو خریدوفروخت کے لیے اسٹاک ایکسچینج کی باقاعدہ فہرست میں شامل نہ ہوں ۔

unlit, a. غیر روشن ؛ نہ جلایا ہوا ۔

unlivable, unliveable, a. جس میں آرام و آسایش کی کمی ہو ؛ ناقابل سکونت ؛ ناقابل برداشت ؛ جو سہا نہ جا سکے ؛ جس کے ساتھ نباہ نہ ہو سکے ؛ ناپسندیدہ (اس کے بعد اکثر with لگاتے ہیں) ۔

unlive, v.t. مٹانا ؛ کالعدم کرنا یا باطل کرنا جیسے گزری زندگی یا تجربات کو ؛ زندہ نتائج کے اثرات زائل کرنے کے لیے عمل کرنا ۔

unload, v.t. ہلکا کرنا ؛ بوجھ اتارنا ؛ خالی کرنا ؛ کسی چیز سے بوجھ اٹھا لینا ؛ کسی چیز سے بوجھ ، مال یا سامان وغیرہ اتار لینا ؛ اٹھا لینا یا اتار لینا جیسے بوجھ ؛ تمسکات یا حصص کا بڑی مقدار میں فروخت کر ڈالنا ؛ کسی بھاری چیز سے نجات دلانا ؛ بندوق سے گولی یا کارتوس وغیرہ نکال لینا ۔ (فعل لازم) کسی چیز کو خالی کر دینا ۔

unloader, n. خالی کرنے والا ؛ سامان اتارنے والا ۔

unlock, v.t. تالا یا قفل کھولنا ؛ کھول دینا ۔ (فعل لازم) راز کا کھول دینا یا افشا کر دینا ۔

unlooked-for, a. جس کی امید نہ ہو ؛ غیر متوقع ۔

unloose, v.t. ڈھیلا کرنا ؛ کھول دینا ؛ کالعدم کرنا ؛ آزاد کر دینا ؛ بندھی ہوئی چیز کو کھول دینا ؛ چھوڑ دینا ۔

unloosen, v.t. ڈھیلا کرنا ؛ کھول دینا جیسے رسے وغیرہ کا ۔

unlovable, unloveable, a. ناقابل محبت ؛ غیر مقبول یا غیر عزیز ؛ غیر دلکش ؛ جو محبت کے جذبات نہ ابھارے ۔

unloved, a. غیر محبوب ؛ جس سے محبت نہ کی جائے ؛ نامرغوب ؛ نامقبول ۔

unlovely, a. غیر خوش نما ؛ غیر خوبصورت یا غیر دلکش ناخوشگوار یا مکروہ ۔

unloveliness, n. بدصورتی ؛ بدنمائی ؛ غیر دلکشی ۔

unloving, a. محبت نہ کرنے والا ؛ محبت سے خالی ۔

unlovingly, adv. الفت کے بغیر ؛ محبت کے بغیر ؛ پیار و شفقت کے بغیر ۔

unlovingness, n. پیار و محبت کا فقدان ؛ نفرت ۔

unlucky, a. بدقسمت یا بدنصیب ؛ اپنے کاروبار یا پیشے میں ناکامیاب ؛ جس کا نتیجہ ناکامی ، تباہی یا بدقسمتی ہو ؛ منحوس یا نامسعود جیسے کوئی واقعہ ؛ بدشگون ؛ بدبخت ؛ کم بخت ؛ ابھاگی ؛ نحس ؛ منحوس ؛ سبز قدم ؛ نامبارک ؛ زبوں ۔

unluckily, adv. بد قسمتی سے ؛ کم بختی سے ؛ کم نصیبی سے ۔

unluckiness, n. کم بختی ؛ بدقسمتی ؛ بدنصیبی ؛ نحوست ۔

unmake, v.t. مٹا دینا ؛ اصل حالت ، مادے یا عناصر میں لوٹا دینا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا یا برباد کر دینا ؛ تباہ کر دینا یا کالعدم کر دینا ؛ کسی عہدے یا اقتدار سے محروم کر دینا ؛ نابود کر دینا ۔

unmaker, n. تباہ و برباد کرنے والا شخص ؛ عہدے یا اقتدار سے محروم کرنے والا شخص ۔

unman, v.t. نامرد کر دینا ؛ بدھیا کر دینا ، خوجہ کر دینا ؛ مردانہ کردار یا صفات سے محروم کر دینا ؛ مردانہ شجاعت و ہمت سے محروم کر دینا ؛ بزدل بنا دینا ؛ کمزور کر دینا ؛ کام کا نہ رکھنا ؛ ہمت توڑ دینا ۔

unmanageable, a. ناقابل انتظام ؛ جسے آسانی سے قابو نہ کیا جا سکے یا جس کی رہنمائی نہ کی جا سکے ؛ سرکش یا بے قابو ؛ بدلگام یا بے لگام ؛ منہ زور۔

unmanly, a. نامردانہ ؛ جواں مردی کے خلاف ؛ بزدلانہ ؛ ڈرپوک ؛ غیر انسانی طور پر۔

unmanliness, n. نامردی ؛ بزدلی ؛ زنانہ پن۔

unmanned, a. جسے چلانے یا قابو رکھنے میں آدمی کا دخل نہ ہو ؛ بے آدمی ؛ آدمی کے بغیر (جیسے : an unmanned spacecraft) ؛ زنخا یا کمزور ؛ جس میں مردانہ خصوصیات کی کمی ہو۔

unmannerly, a., adv. غیر مہذب ، جس کے اخلاق و آداب اچھے نہ ہوں ؛ غیر شایستہ ؛ بدتمیز ؛ بدخلق ؛ بے ادب ؛ ناشایستہ۔

umannered, a. غیر شایستہ ؛ بدتمیز ؛ بے تمیز ؛ غیر مہذب۔

unmanneredly, adv. غیر مہذب طور پر ؛ بدتمیزی سے۔

unmannerliness, n. غیر شایستگی ؛ بدتہذیبی ؛ بدتمیزی۔

unmarketable, a. جو بازار یا منڈی کے قابل نہ ہو ؛ ناقابل فروخت۔

unmask, v.t. نقاب اتارنا یا اصلیت ظاہر کرنا ؛ اصل حقیقت ظاہر کرنا یا قلعی کھولنا ؛ افشا کر دینا۔ (عسکری) توپوں کو ظاہر کر دینا جیسے گولا باری سے۔ (فعل لازم) نقاب یا بہروپ ہٹا دینا ؛ اصلیت ظاہر کر دینا۔

unmatched, a. بے نظیر ؛ بے مثل ؛ اجوڑ ؛ فرد ؛ لاجواب ؛ لاثانی۔

unmeaning, a. لغو ؛ بے معنی ؛ مہمل ؛ بے پروا ؛ بے حس ؛ بے جوڑ۔

unmeaningly, adv. بے معنی طور پر ؛ مہمل طریقے سے۔

unmeaningness, n. بے معنی ہونے کی حالت ؛ مہمل پن۔

unmeant, a. جس کا ارادہ نہ کیا گیا ہو ؛ جس کا قصد نہ کیا گیا ہو ؛ غیر مقصود۔

unmeasured, a. بے حساب ؛ بے شمار ؛ بے اندازہ ؛ پیمایش سے ورا ؛ بن نپا ؛ لامحدود ؛ لامتناہی ؛ حد اعتدال سے بڑھا ہوا۔

unmeasurable, a. جسے ناپا نہ جا سکے ؛ لامحدود ؛ ناقابل شمار ؛ ناقابل پیمایش۔

unmeditated, a. جس پر سوچ بچار نہ کیا گیا ہو ؛ بے سوچے سمجھے۔

unmeet, a. ناموزوں یا نامناسب ؛ غیر شایان شان ؛ غیر مناسب۔

unmentionable, a. ناقابل ذکر یا ناقابل توجہ ؛ ناگفتنی۔ (اسم) وہ چیز جو قابل ذکر یا قابل توجہ نہ ہو۔ (جمع) لباس کے وہ کپڑے ، مہذب حلقوں میں جن کا ذکر معیوب ہو ؛ زیر جامے (مزاحاً)۔

unmerciful, a. بے رحم ؛ کٹھور ؛ سخت ؛ سخت دل یا بے درد ؛ ظالم ؛ بے ضمیر ؛ حد اعتدال سے بڑھا ہوا ؛ انتہا پسند۔

unmercifully, adv. بے رحمی سے ؛ بے دردی سے۔

unmerited, a. بلا استحقاق یا غیر مستحق ؛ بے جا ؛ نالائق ؛ ناحق ؛ ناسزا۔

unmindful, a. دھیان نہ رکھنے والا ؛ غافل ؛ بے پروا ؛ لاپروا ؛ بے ادب و آداب ؛ بے توجہ ؛ بے خبر۔

unmistakable, a. اچوک ؛ بے چوک ؛ جس میں غلطی یا مغالطے کا امکان نہ ہو ؛ بے مغالطہ ؛ واضح ؛ صریح۔

unmistakably, adv. صریحی طور پر ؛ بلا مغالطہ۔

unmitigated, a. جس میں نرمی نہ پیدا کی گئی ہو ؛ جس میں کوئی کمی نہ کی گئی ہو ؛ قطعی ؛ جس میں کوئی خوبی یا قابلیت نہ ہو (جیسے : an unmitigated scoundrel) ؛ ناقابل ترمیم۔

unmitigatedly, adv. غیر دھیمے پن سے ؛ قطعی طور پر ؛ بدمعاشی سے۔

unmolested, a. جسے چھیڑا ، دق یا پریشان نہ کیا گیا ہو ؛ چھیڑ چھاڑ یا پریشانی سے محفوظ ؛ بے روک ؛ بلامزاحمت ؛ بے خرخشہ ؛ بے خلش ؛ بے کھٹکے۔

unmoor, v.t. (جہاز رانی) کشتی ، جہاز وغیرہ کو لنگر سے کھول دینا ؛ لنگر اٹھانا۔ (فعل لازم) (جہاز رانی) لنگر سے کھل جانا یا لنگر سے آزاد ہو جانا۔

unmoral, a. غیر اخلاقی ؛ جس کا کوئی اخلاقی پہلو نہ ہو ؛ نہ اخلاقی اور نہ غیر اخلاقی۔

unmorality, n. غیر اخلاقیت ؛ اخلاق سے غیر متعلق ہونے کی کیفیت ؛ مخرب الاخلاقی۔

unmoved, a. بے حرکت ؛ غیر متزلزل ؛ کٹھور ؛ غیر متاثر ؛ اٹل ؛ بنا اثر لیے ؛ پتھر سا ؛ مضبوط ؛ جس پر جذبات و احساسات کا کوئی اثر نہ ہو ؛ بے حس۔

unmovable,(Brit.)unmoveable, a. جسے حرکت نہ دی جا سکے ؛ جس پر جذبات وغیرہ کا کوئی اثر نہ ہو۔

unmuffle, v.t. بے نقاب کر دینا ؛ کپڑے یا غلاف وغیرہ کو ہٹا دینا ، جس سے کوئی چیز ڈھکی یا چھپی ہوئی ہو۔ (فعل لازم) بے نقاب ہو جانا ؛ نقاب اتار دینا۔

unmuzzle, v.t. منہ کا چھینکا ہٹا دینا جیسے کتے وغیرہ کا ؛ دباؤ وغیرہ سے آزاد کر دینا جیسے کسی کو آزادی سے گفتگو کرنے کا موقع دینا۔

unnatural, a. غیر فطری ؛ فطرت کے اصولوں کے خلاف ؛ فطری احساسات و رجحانات کے برعکس ؛ فطری روش کے خلاف ؛ خلاف فطرت ؛ پراگندہ ؛ غلیظ ؛انتہائی ظالم ؛ مجبور ؛ متاثر ؛ مصنوعی ؛ نقلی۔

unnaturally, adv. غیر فطری طور پر ؛ غیر قدرتی طور پر ؛ فطری روش کے برخلاف ؛ مصنوعی طور پر۔

unnaturalness, n. غیر فطرتیت ؛ منافی فطرت ہونے کی حالت ؛ غیر طبعی کیفیت ؛ مصنوعی پن۔

unnecessary, a. غیر ضروری ؛ بے کار ؛ فضول ؛ فالتو۔

unnecessarily, adv. غیر ضروری طور پر ؛ بے کار ؛ ناحق ؛ بلا ضرورت۔

unneighborly,(Brit.)unneighbourly, a. خلاف آداب ہمسائیگی ؛ مغائرانہ ؛ غیر دوستانہ ؛ بے مروتانہ۔

unnerve, v.t. اعصابی قوت ، طاقت یا زور سے محروم کر دینا ؛ ہمت و حوصلہ اور اوسان سے محروم کر دینا جیسے صدمے سے ؛ شل کر دینا ؛ حواس باختہ کر دینا ؛ ہوش اڑا دینا ؛ گھبرا دینا۔

unnoticed, a. جس پر نظر نہ پڑے ؛ توجہ سے محروم۔

unnoticeable, a. ناقابل توجہ ؛ غیر نمایاں۔

unnumbered, a. جس پر نمبر نہ پڑے ہوئے ہوں ؛ بے شمار یا

unpardonable, a. ناقابل معافی ؛ جو معاف کیے جانے کے قابل نہ ہو۔
unparliamentary, a. غیر پارلیمانی ؛ پارلیمنٹ یا پارلیمانی جماعتوں کے دستور یا آداب کے خلاف۔
unparliamentarily, adv. غیر پارلیمانی طور پر۔
unparliamentariness, n. غیر پارلیمانی کیفیت یا صورت۔
unpaved, a. جس پر فرش نہ لگا ہو ؛ غیر فرشی۔
unpeg, v.t. کھونٹی یا کھونٹیاں اکھیڑنا ؛ کھونٹی ، میخ وغیرہ نکالنا ؛ کھولنا۔
unpeople, v.t. کسی جگہ سے بسنے والوں کو نکال دینا ؛ غیر آباد کرنا۔
unperceivable, a. ناقابل تصور ؛ جسے دیکھا ، محسوس کیا اور سمجھا نہ جا سکے ؛ اَن دیکھا ؛ محسوس نہ کردہ ؛ سمجھ سے باہر ؛ ناقابل ادراک۔
unperfect, a. ادھورا ؛ ناقص ؛ نامکمل ؛ خام۔
unperturbed, a. مطمئن ؛ پریشانی اور اضطراب سے مبرا ؛ غیر مضطرب ؛ پرسکون۔
unpile, v.t. ڈھیر یا انبار سے اٹھا لینا یا ہٹا لینا۔
unpin, v.t. پنوں میں سے نکال دینا ؛ پن نکال کر کھول دینا ؛ ایک چیز کو دوسری سے الگ کر دینا۔
unpleasant, a. ناخوشگوار ؛ ناپسندیدہ ؛ نامرغوب۔
unpleasantly, adv. ناخوشگواری سے ؛ ناپسندیدگی سے۔
unpleasantness, n. ناخوشگواری یا ناپسندیدگی ؛ ناپسندیدہ واقعہ یا صورت حال جیسے بحث و مباحثہ۔
unplumbed, a. پنسال یا عمق پیما سے نہ ناپا ہوا ، خصوصاً گہرائی ؛ جس کی گہرائی نہ ناپی گئی ہو ؛ جس کے متعلق تحقیق نہ کی گئی ہو ؛ جس گھر وغیرہ میں پانی کی نالیاں نہ لگی ہوں۔
unpopular, a. غیر مقبول ؛ غیر ہر دل عزیز ؛ جسے عام طور پر لوگ پسند نہ کرتے ہوں۔
unpopularity, n. غیر ہردل عزیزی ؛ نامقبولیت۔
unpopularly, adv. غیر ہر دل عزیز طریقے سے ؛ نامقبولیت سے۔
unprecedented, a. بے نظیر ؛ بے مثال ؛ جس کی نظیر نہ ہو ؛ جس کی پہلے کوئی مثال نہ ہو ؛ بے مثل ؛ ان سنا ؛ انوکھا۔
unprecedently, adv. معمول کے خلاف ؛ غیر مثالی طور پر ؛ غیر معمولی طور سے۔
unpredictable, a. ناقابل پیشگوئی ؛ جس کے متعلق کوئی پیش گوئی نہ کی جا سکے ؛ جو پہلے سے نظر نہ آئے ؛ ناپیش بیں۔
unpredictability, n. ناقابلیت پیشگوئی ؛ پیش گوئی نہ کی جا سکنے کی اہلیت۔
unpredictably, adv. غیر پیش گوئی کے طور پر۔
unprejudiced, a. بے تعصب ؛ طرف داری سے مبرا ؛ غیر جانب دار ؛ بے لاگ۔
unprepared, a. غیر مستعد ؛ غیر تیار شدہ حالت میں ؛ جو تیار نہ ہو ؛ جسے آئندہ پیش آنے والے کسی واقعے یا خطرے کے حساب سے تیار نہ کیا گیا ہو ؛ غیر آمادہ ؛ غیر مرتب ؛ نامکمل۔
unpreparedness, n. غیر مستعدی ؛ غیر آمادگی۔
unpresentable, a. کسی مجلس یا معاشرے میں جانے یا متعارف

ان گنت ؛ رتبے یا شناخت کے لیے جس پر نمبر نہ لگے ہوں ؛ لاتعداد ؛ ان گنا۔
unobjectionable, a. ناقابل اعتراض ؛ جسے ناقص قرار دے کر رد نہ کیا جا سکے ؛ جس پر اعتراض وارد نہ ہو سکے۔
unobjectional, a. غیر معترضانہ۔
unobservable, a. ناقابل مشاہدہ ؛ نظر نہ آنے والا۔
unobservant, unobserving, unobserved, a. مشاہدہ نہ کرنے والا ؛ جس میں قوت مشاہدہ نہ ہو ؛ نادیدہ ؛ مشاہدہ نہ کیا ہوا ؛ نظروں سے چھپا ہوا ؛ مخفی ؛ پوشیدہ ؛ نہاں۔
unobstructed, a. بلامزاحمت ؛ جس کے راستے میں رکاوٹیں نہ ہوں ؛ غیر مسدود ؛ بے روک۔
unobtrusive, a. خاموش ؛ محتاط ؛ لیا دیا ؛ متین ؛ چپ چاپ ؛ شرمیلا ؛ چپکے چپکے ؛ سلیم ؛ شرمگین ؛ دوسروں کی صحبت میں خواہ مخواہ نہ گھسنے والا ؛ منکسر۔
unobtrusively, adv. خاموشی سے ؛ منکسر مزاجی سے ؛ لیے دیے انداز میں۔
unobtrusiveness, n. منکسر مزاجی ؛ خاموشی۔
unoccupied, a. جس میں کوئی نہ رہتا ہو ؛ جس میں کوئی رہایش نہ رکھتا ہو، خالی (جیسے : an unoccupied building) ؛ غیر آباد ؛ غیر مقبوضہ ؛ جو دشمن کی فوجوں کے قبضے میں نہ ہو ؛ جس کے پاس ملازمت نہ ہو ؛ بے کار یا غیر مشغول ؛ غیر مصروف۔
unofficial, a. غیر دفتری ؛ غیر سرکاری ؛ غیر سرکاری حیثیت والا۔
unofficially, adv. غیر دفتری طور پر ؛ غیر سرکاری طور پر۔
unopened, a. بے کھلا ؛ بند ؛ ان کھلا۔
unopposed, a. بلا مقابلہ ؛ بے روک ؛ بلامزاحمت ؛ بے مخالفت؛ بغیر دباؤ کے ؛ جسے کسی مخالفت یا مقابلے کا سامنا نہ ہو۔
unopposable, a. غیر تقابل پذیر؛ جو مقابلے کے لائق نہ ہو۔
unorganized, a. غیر منظم ؛ غیر نامیاتی ساخت کا ؛ غیر نامیاتی ؛ جو کسی منظم یا مرتب کُل کی صورت میں تشکیل نہ دیا گیا ہو ؛ غیر متحدہ۔
unoriginal, a. غیر طبع زاد ؛ ماخوذ ؛ غیر اصلی ، نقلی ؛ مشتق۔
unorthodox, a. آزاد خیال ؛ غیر راسخ العقیدہ ؛ غیر روایتی ؛ مسلّمہ عقیدے یا دستور کے خلاف۔
unowned, a. لاوارث ؛ جسے کسی نے نہ اپنایا ہو ؛ غیر مقبول ؛ بے مالک ؛ جس کا مالک معلوم نہ ہو۔
unpack, v.t., v.i. پیکٹ یا بنڈل سے نکال دینا ؛ کسی چیز کی پیکنگ یا اس پر سے گتہ ، کاغذ وغیرہ اتار دینا ؛ کسی ڈبے ، بنڈل یا سوٹ کیس وغیرہ میں جو کچھ ہو اسے نکال باہر کرنا ؛ گاڑی وغیرہ سے مال اتار دینا ؛ بوجھ اتارنا ؛ گٹھڑی کھولنا ؛ خالی کرنا۔
unpaid, a. غیر ادا شدہ ؛ نہ چکایا ہوا جیسے قرض ؛ باقی ؛ واجب الوصول ؛ غیر وصول (تنخواہ یا اجرت)۔
unpalatable, a. بدمزہ ؛ ذائقے میں ناخوشگوار ؛ تلخ ؛ بے سواد ؛ بدذائقہ ؛ بے مزا ؛ کڑوا ؛ ناگوار ؛ نامطبوع۔
unparalleled, a. جس کا کوئی ثانی نہ ہو ؛ بے مثل ؛ بے نظیر ؛ بے مثال ؛ لاثانی ؛ عدیم النظیر ؛ یکتا ؛ لاجواب ؛ بے جوڑ۔

کرائے جانے کے ناقابل ؛ بدصورت ؛ بدنما ؛ بھدا ؛ بھونڈا ؛ ناقابل مجلس ۔

unpretentious, a. منکسر ؛ طمطراق یا نمایش سے پاک ؛ بے ادعا ؛ سیدھا ؛ منکسر مزاج ؛ غریب و سادا ۔

unpretentiously, adv. بے طمطراق کے ؛ انکسار کے ساتھ ؛ سیدھے سادے طور پر ۔

unpretentiousness, n. انکساری ؛ سادگی ۔

unprincipled, a. بے اصولا ؛ جو کسی اخلاقی اصول کا پابند نہ ہو ؛ بے ایمان ؛ ناہنجار ؛ بے اصول ؛ ادھرمی ؛ ابن الوقت ؛ زمانہ ساز ۔

unprintable, a. ناقابل طباعت و اشاعت عموماً فحاشی کی بنا پر ؛ جارحانہ یا توہین آمیز ۔

unproductive, a. غیر زرخیز ؛ جو اچھی و بہتر فصلیں نہ اگائے ؛ جو محنت کے مقابلے میں منافع بخش نہ ہو ؛ جو منافع یا سود نہ کمائے ؛ جو قابل استعمال اور قابل فروخت چیزیں پیدا نہ کرے ؛ غیر موثر ؛ لاحاصل ؛ بنجر ؛ اوسر ؛ بے منفعت ؛ غیر نفع بخش ؛ بے کار ؛ بے نتیجہ ؛ بے سود ؛ اکارت ؛ غیر پیداواری ؛ بے فائدہ ؛ ناکام ؛ بانجھ ؛ بے پھل ؛ فضول ؛ ناکارہ ۔

unproductively, adv. غیر منافع بخش طور پر ؛ غیر پیداواری طریقے سے ۔

unproductiveness, n. غیر زرخیزی ؛ غیر منفعت بخشی ؛ غیر پیدآوری ۔

unprofessional, a. غیر پیشہ ور ؛ کسی پیشے کے اصولوں یا ضابطوں کے منافی ؛ کسی پیشے سے تعلق نہ رکھنے والا ؛ کسی پیشے سے متعلق تعلیم و تربیت نہ رکھنے والا ؛ خارجی ۔

unprofessionally, adv. غیر پیشہ ورانہ ؛ پیشے کے آداب کے خلاف ۔

unprofitable, a. غیر نفع بخش ؛ فائدہ نہ لانے والا ؛ کوئی مفید کام سرانجام نہ دینے والا ؛ بے کار ؛ غیر منفعت بخش ؛ لاحاصل ؛ غیر مفید ۔

unprofitableness, n. غیر نفع بخش حالت ؛ غیر مفید ہونے کی کیفیت ؛ لاحاصلی ؛ بے منفعتی ۔

unprofitably, adv. غیر منافع بخش طریقے سے ؛ غیر مفید طریقے سے ؛ لاحاصل طور پر ۔

unpronounceable, a. جس کا تلفظ صحیح طور پر ادا نہ کیا جا سکے ؛ جس کو نام نہ دیا جا سکے ؛ ناقابل ذکر ؛ ناقابل اعلان ؛ ناقابل اظہار ۔

unprovoked, a. بے اشتعال ؛ بلا کسی اشتعال کے ؛ بلا وجہ ؛ بے سبب ؛ جو حق پر مبنی سبب کا نتیجہ نہ ہو ۔

unpublished, a. غیر مطبوعہ ؛ غیر شائع شدہ ؛ جسے عوام پر ظاہر نہ کیا گیا ہو ؛ جسے شائع کر کے عوام کے سامنے نہ لایا گیا ہو ، جیسے مسودہ یا کتاب ۔

unqualified, a. نااہل ؛ ناقابل ؛ غیر سندیافتہ ؛ جس کے پاس مطلوبہ قابلیت نہ ہو ؛ بغیر مناسب تعلیم ، قابلیت یا اہلیت کے ؛ جو قانوناً کسی خاص کام کے کرنے کا مجاز نہ ہو ؛ جس میں حالات اور مستثنیات سے ترمیم نہ کی گئی ہو (جیسے : unqualified praise) ؛ غیر مجاز ؛ غیر مشروط ۔

unqualifiedly, adv. بغیر قابلیت یا اہلیت کے ؛ قطعی طور پر ۔

unquenchable, a. جسے بجھایا نہ جا سکے جیسے پیاس ؛ جسے بجھایا یا ٹھنڈا نہ کیا جا سکے جیسے آگ ؛ ناقابل اطفا ؛ جو دبایا نہ جا سکے ۔

unquestionable, a. ناقابل شبہ ؛ جس سے متعلق سوال نہ کیا جا سکے ؛ مستند ؛ بلا شک و شبہ ؛ لاریب ؛ ناقابل تردید ؛ بلا شبہ (جیسے : unquestionable fact) ؛ یقینی ؛ مسلمہ ؛ بلاحجت ۔

unquestionably, adv. بلاشبہ ؛ بلاحجت ؛ یقینی طور پر ؛ مسلمہ طور پر ؛ بے شک ۔

unquestioned, a. غیر مسؤلہ ؛ مسلّمہ ؛ جس سے سوال نہ کیا گیا ہو ؛ جس سے استفسار نہ کیا گیا ہو ؛ جس سے متعلق چھان بین نہ کی گئی ہو ؛ جس پر شبہ ظاہر نہ کیا گیا ہو ؛ بے شبہ ۔

unquestioning, a. بے حجت ؛ بے چون و چرا ۔

unquestioningly, adv. بغیر حجت کے ؛ بغیر چوں و چرا کے ۔

unquiet, a. مضطرب ؛ بے چین ؛ بے سکون ؛ بے کل ؛ بے قرار ؛ پریشان ۔

unquietly, adv. بے کلی سے ؛ بے چینی سے ؛ بے سکونی سے ؛ پریشانی سے ؛ اشتعال سے ۔

unquietness, n. بیکلی ؛ بے چینی ؛ بے سکونی ۔

unquote, v.i., v.t. کسی حوالے کو اختتام تک پہنچانا ؛ اقتباس کو ختم کرنا ۔

unratified, a. غیر موثق ؛ غیر توثیق شدہ ؛ جس کی توثیق نہ کی گئی ہو ، جیسے کوئی معاہدہ ؛ جس کی منظوری نہ دی گئی ہو ۔

unravel, v.t. ادھیڑنا ؛ الجھی ہوئی یا پیچیدہ حالت سے نکالنا ؛ سلجھانا ؛ کسی چیز کے تاگے یا ریشے الگ کرنا جیسے کسی کپڑے یا بنی ہوئی چیز کے ؛ کسی گتھی کا سلجھانا ؛ کسی بھید کو کھولنا ۔ (مجازاً) کسی الجھن یا مصیبت سے آزاد کرنا ؛ حل کرنا (جیسے : unravel a mystery) ۔ (فعل لازم) سلجھنا یا پیچیدہ حالت سے نکل جانا ؛ الجھن سے نجات ہونا ۔

unravelment, n. سلجھاؤ ۔

unread, a. غیر خواندہ ؛ نہ پڑھی ہوئی یا مطالعہ نہ کی گئی جیسے کتاب ؛ مطالعے سے علم حاصل نہ کردہ ؛ بے پڑھا ہوا ۔

unreadable, a. ناقابل خواندگی ؛ جو پڑھا نہ جا سکے جیسے بدخطی کی بنا پر ؛ جو پڑھنے کے لیے نامناسب ہو ؛ جو پڑھنے میں دلچسپ نہ ہو ؛ پڑھنے میں غیر دلچسپ ؛ ناقابل فہم یا سمجھ سے باہر ۔

unreadiness, n. ناآمادگی ؛ تیاری نہ ہونے کی حالت ؛ غیر مستعدی ؛ غیر آمادگی ۔

unready, a. ناآمادہ ؛ غیر راغب ؛ غیر مستعد یا غیر آمادہ ؛ غیر مستعد یا غیر ہوشیار ؛ سست ؛ مَٹّھا ۔

unreal, a. غیر حقیقی ؛ غیر واقعی ؛ خیالی ؛ غیر مستند ؛ جعلی ؛ غیر حقیقی یا تصوراتی ؛ مصنوعی ؛ موہوم ۔

unreality, n. غیر واقعیت ؛ جس کا وجود نہ ہو ؛ موہومیت ؛ ناقابل عمل یا تصوراتی کردار یا خصوصیت ؛ وہ چیز جو حقیقی نہ ہو ؛ غیر عملی اور خیالی شخص ؛ غیر حقیقی کردار ۔

unreason, n. دلیل کی کمی کی حالت ؛ خلاف عقل یا خلاف منطق حالت ؛ خلاف عقل یا خلاف منطق بات ؛ لغویت یا نامعقولیت ؛ دیوانگی ؛ بے استدالی ۔

unreasonable, a. ناروا ؛ جسے دلیل کی رہنمائی حاصل نہ ہو ؛ جو منطق یا صحیح فیصلے کے خلاف ہو ؛ دلیل کے فقدان والا ؛ دلیل سے خالی یا دلیل کے خلاف ؛ بعید از عقل ؛ خلاف عقل ؛ جو منطق کی

حدود سے باہر ہو ؛ غیر معقول ؛ غیر واجبی ؛ غیر معقول پسندانہ ؛ ناواجب ـ

unreasonableness, n. غیر معقولیت ؛ غیر معقول پسندی ؛ ناروائی ـ

unreasonably, adv. غیر معقول طور پر ؛ ناواجب طور پر ـ

unreasoning, a. غیر عقلی یا جس کا عقل سے تعلق نہ ہو ؛ بے سوچا سمجھا ؛ جلد باز ؛ غیر عقلیت پسندانہ ؛ غیر معقول ؛ ناواجب ـ

unreasoningly, adv. غیر معقولیت سے ؛ غیر معقول طور پر ـ

unrecompensed, a. بے اجر یا تلافی سے محروم ؛ معاوضے سے محروم ـ

unreconciled, a. جن میں صلح صفائی نہ ہوئی ہو ؛ جنھیں یک رنگ نہ بنایا گیا ہو ؛ دوبارہ دوستی یا ملاپ یا صفائی نہ ہوئی ہو ؛ جن میں دشمنی ابھی باقی ہو ؛ روٹھے ہوئے ؛ بے تطبیق ـ

unreconstructed, a. غیر نوتعمیر شدہ ؛ بدلے ہوئے حالت سے خود کو ہم آہنگ بنانے سے انکاری ـ (امریکی تاریخ) امریکی خانہ جنگی کے خاتمے پر جنوبی علاقوں میں تعمیر نو کی مخالفت کرنے والے ـ

unrecorded, a. غیر مرقوم ؛ ان لکھا یا بن لکھا ؛ غیر قلم بند یا غیراندراج شدہ خصوصاً سرکاری کاغذات میں ؛ جسے قومی یادگاروں کی شکل میں محفوظ نہ کیا گیا ہو ؛ جس کا کسی تاریخی دستاویز میں تذکرہ نہ کیا گیا ہو ؛ غیر مندرج ـ

unreel, v.t. چرخی سے مچھلی پکڑنے کی ڈوری کھولنا ؛ ریل پر سے فلم کو کھولنا ـ (مجازاً) اسرار کو اس طرح کھولنا جیسے چرخی سے ڈور اتاری جا رہی ہو ـ (فعل لازم) ڈوری کا کھلنا ؛ کہانی کے اسرار کا کھلنا ـ

unreeve, v.t. (جہاز رانی) رسے کو لوہے کے حلقے یا لکڑی کی چرخی یا ایسی ہی کسی چیز پر سے ہٹا دینا یا نکال دینا ـ (فعل لازم) رسے کا چرخی پر سے نکلنا یا چرخی پر سے کھل جانا ـ

unrefined, a. ناشایستہ ؛ غیر شستہ ؛ جو منجھا ہوا نہ ہو ؛ صاف نہ کیا ہوا ؛ تیار حالت میں نہ لایا ہوا ؛ ناصاف (جیسے : unrefined sugar) ؛ زبان ، ذائقے ، مذاق یا ادب آداب میں غیر شایستہ ـ

unregenerate, unregenerated, a. گمراہ ؛ جس نے دلی یا روحانی طور پر اصلاح یا دوبارہ زندگی نہ پائی ہو ؛ جس کی اصلاح نہ ہوئی ہو ؛ جس کی تجدید یا اصلاح نہ کی گئی ہو ؛ گناہ گار ؛ غیر اصلاح یافتہ ـ

unregeneracy, n. گمراہی ؛ غیر اصلاح یافتگی ـ

unregenerately, adv. نااصلاح یافتہ طور پر ؛ نااصلاح یابی کے طور پر ؛ گمراہی سے ـ

unrelated, a. غیر متعلقہ ؛ جس کا نسلی اور خونی رشتہ نہ ہو ؛ جس کا کسی قسم کا کوئی تعلق نہ ہو ؛ غیر مربوط ؛ غیر متعلق ـ

unrelenting, a. کٹھور ؛ بے درد ؛ سنگ دل ؛ پتھر دل ؛ نہ پسیجنے والا ؛ رحم یا ترس نہ کھانے والا ؛ اکھڑ ؛ سست نہ پڑنے والا ؛ سخت یا بے درد ؛ بے رحم ؛ شقی ـ

unrelentingly, adv. مضبوطی سے ؛ استقلال سے ؛ بے رحمی اور بے دردی سے ـ

unreliable, a. ناقابل اعتماد ؛ جس پر بھروسا یا اعتماد نہ کیا جا سکے ؛ بے توثیق ؛ غیر معتبر ؛ بے بھروسا ؛ ناقابل اعتبار ، غیر ذمہ دار ـ

unreliability, unreliableness, n. بے اعتباری ؛ نامعتبری ؛ ناقابل اعتماد ہونے کی حالت ؛ بے اعتمادی ـ

unreliably, adv. ناقابل اعتماد طور پر ؛ غیر معتبر طور پر ـ

unreligious, a. غیر مذہبی ؛ جس کا مذہب یا دین سے کوئی رشتہ یا تعلق نہ ہو ؛ غیر جانبدارانہ انداز جو مذہبی ہو نہ مذہب کے خلاف ہو ؛ بے تعلق مذہب ـ

unremitted, a. جو معاف نہ ہوا ہو جیسے قرض ؛ جو معاف نہ کیا گیا ہو ؛ جس میں کسی قسم کی رعایت یا تخفیف نہ کی گئی ہو ـ

unremitting, a. کم نہ ہونے والا ؛ سست نہ پڑنے والا ؛ ان تھک ؛ لگا تار ؛ مسلسل یا دائمی ـ

unremittingly, adv. مسلسل طور پر ؛ ان تھک طریقے سے ـ

unrepair, n. مرمت نہ ہونے کی حالت ؛ بے مرمتی ـ

unrepaired, a. جس کی مرمت نہ ہوئی ہو ؛ بے مرمت ؛نا درست ؛ غیر اصلاح شدہ ـ

unrepentant, a. غیر منفعل ؛ اپنے گناہ پر نادم نہ ہونے والا ؛ بے ندامت ؛ ناپریشان ـ

unreported, a. نا اطلاع کردہ ؛ جس کی اطلاع نہ دی گئی ہو ؛ جس کا کسی جگہ اندراج یا ریکارڈ نہ ہو ـ

unrepresentative, a. غیر نمائندہ ؛ جو مناسب طور پر نمائندگی نہ کر سکے ؛ غیر مثالی ؛ جو کسی چیز یا کسی کی نمائندگی یا نیابت نہ کرتا ہو ؛ غیر نیابتی ـ

unrepresented, a. نیابت سے محروم ؛ نمائندگی سے محروم ؛ بے اظہار ؛ بے نیابت ـ

unreserve, n. جس میں لیا دیا پن نہ ہو ؛ صاف بیانی ؛ صاف گوئی ؛ بے تکلفی ـ

unreserved, a. بے تکلف ؛ بغیر تکلف کے ؛ پوری ؛ قطعی (جیسے : unreserved obedience) ؛ تکلف سے آزاد ؛ کھلا یا بے تکلف جیسے تقریر میں بے تکلف ؛ غیر مشروط ؛ بے شرط ؛ کُھلا ملا ـ

unreservedly, adv. غیر مشروط طور پر ؛ قطعی طور پر ؛ بے تکلفی سے ـ

unreservedness, n. غیر مشروطیت ؛ بے تکلفی ؛ گھل مل جانے کی عادت ـ

unresponsive, a. ردعمل کی صلاحیت نہ رکھنے والا ؛ بے حس ؛ غیر ہمدرد ؛ غیر اثر پذیر ؛ غیر متاثر ؛ دیر حس ـ

unresponsiveness, n. بے حسی ؛ غیر اثر پذیری ؛ غیر ہمدردی ـ

unresponsively, adv. بے حسی سے ؛ غیر ہمدردی سے ـ

unrest, n. ذہنی پریشانی ؛ بے چینی ؛ تشویش ؛ عوام میں بے چینی کی حالت ؛ تحریک ، ہلچل یا شورش ؛ ہنگامہ یا اضطراب ؛ بلڑ ؛ بدامنی ؛ گڑ بڑ ـ

unrestrained, a. بے ضبط یا بے قابو ؛ غیر محدود ؛ بے قید ؛ کھلا ہُوا ، آزاد ؛ بے دریغ ؛ بے روک ـ

unrestrainedly, adv. بے دریغی سے ؛ بے باکی سے ؛ بے قابو طور پر ـ

unrestraint, n. روک ، بندش یا مزاحمت سے آزادی ـ

unrestricted, a. بے روک ؛ غیر محدود ؛ پابندیوں سے آزاد ؛ بے قید و بند ؛ انتخاب یا پسندیدگی کی آزادی رکھنے والا ؛ بے حد ـ

unrevenged, a. جس کا بدلہ یا انتقام نہ لیا گیا ہو ـ

unrewarded, a. اجر یا صلے سے محروم ؛ جس نے صلہ یا اجر نہ لیا ہو ؛ جس کو صلہ یا اجر نہ دیا گیا ہو ؛ بے صلہ ؛ بے اجر۔

unrewarding, a. بغیر صِلے یا اجر کے۔

unriddle, v.t. گتھی کھولنا یا سلجھانا ؛ پہیلی بوجھنا ؛ کسی راز کی وضاحت کرنا ؛ تعبیر کرنا۔

unrig, v.t. مستول وغیرہ کے سازوسامان سے محروم کر دینا جیسے کسی جہاز کو ؛ سازوسامان یا کیل کانٹے سے محروم کر دینا۔

unrighteous, a. غلط ؛ غیر عادل ؛ بے انصاف ؛ غیر عادلانہ ؛ بدمعاش ؛ گناہ گار ؛ کھوٹا ؛ بد دیانت ؛ غیر متقی ؛ غیر صالح ؛ فاسق ؛ بے ایمان۔

unrighteously, adv. بے انصافی سے ؛ بے ایمانی سے۔

unrighteousness, n. بے انصافی ؛ بے ایمانی ؛ بدی۔

unrightful, a. غیر منصفانہ ؛ نادرست ؛ ناجائز ؛ بے انصافی پر مبنی ؛ غلط۔

unrip, v.t. ادھیڑ کر یا پھاڑ کر کھول دینا ؛ کاٹنا یا کاٹ کر کھول دینا ؛ چاک کرنا ؛ ظاہر یا افشا کرنا۔

unripe, a. ناپُخت ؛ اَن پکّا ؛ خام ؛ نہ پکا ہُوا جیسے پھل ؛ نابالغ ؛ کچا ؛ جو پوری طرح تیار نہ ہو ؛ نامکمّل۔

unripeness, n. کچا پن ؛ خامی ؛ خام کاری۔

unripened, a. کچا ؛ نابالغ۔

unrivaled, (Brit.) unrivalled, a. جس کا کوئی حریف ، مدِمقابل یا ثانی نہ ہو ؛ بے نظیر ؛ بے مثل ؛ انوپ ؛ لاثانی ؛ بے مقابل ؛ بے حریف۔

unrobe, v.t. لباس اتار دینا ؛ چوغہ اتار دینا۔ (فعل لازم) لباس کا اترنا ؛ چوغہ اترنا۔

unroll, v.t. کھول دینا جیسے کسی لپٹی ہوئی چیز کا ؛ کھول دینا یا نمایش کرنا۔ (فعل لازم) تہیں کھلنا ؛ کنڈلی یا بل کھلنا ؛ کنڈلی یا بَل کا کھل جانا۔

unromantic, a. غیر رُومانی ؛ رومانی تخیلات سے خالی ؛ جس کے ساتھ کوئی رومان وابستہ نہ ہو ؛ خشک ؛ بے ذوق۔

unroof, v.t. چھت اُتار دینا ؛ پردہ یا غلاف اتار دینا ؛ ننگا کرنا۔

unroot, v.t. کاٹ ڈالنا یا اکھاڑ پھینکنا جیسے جڑوں کا ؛ جڑ سے اکھاڑنا۔

unround, v.t. (صوتیات) ہونٹوں کو گردش دیے بغیر تلفظ کا ادا کرنا جیسے لفظ شی (she) میں حرفِ علّت ای (e) کا۔

unrounded, a. محولہ بالا معنی میں۔

unruffled, a. پُر سکون ؛ پُر اطمینان ؛ غیر مضطرب ؛ ہموار ؛ ضبطِ نفس رکھنے والا ؛ ساکن ؛ بے موج یا بے لہر ؛ مطمئن۔

unruly, a. غیر مطیع ؛ سرکش ؛ بے آئین یا بے قانون ؛ متلاطم یا آشوب ؛ جس پر حکومت نہ کی جا سکے ؛ درہم برہم ؛ متمرّد ؛ بے قابو ؛ ہنگامہ پرور ؛ شورشی ؛ مُنہ زور ؛ باغی ؛ قابو سے باہر ؛ بَس سے باہر ؛ بگڑا ہوا ؛ بے لگام۔

unruliness, n. سرکشی ؛ بغاوت ؛ مُنہ زوری۔

unsaddle, v.t. زین اتارنا ؛ بے نشست کرنا ؛ گھوڑے کو گاڑی سے ہٹانا ؛ بوجھ اتار دینا جیسے کسی کام یا فرض کا۔ (فعل لازم) کسی حیوان پر سے زین کا اُتارنا۔

unsafe, a. غیرمحفوظ ؛ مکمل حفاظت کے فقدان والا ؛ پر خطر ؛ خطرناک۔

unsafely, adv. غیر محفوظ طور پر ؛ خطرناک طور پر ؛ پُرخطر حالات میں۔

unsafety, n. حفاظت کا فقدان ؛ خطرہ ؛ بے سلامتی ؛ پُر خطری ؛ غیر محفوظ پن۔

unsaid, a. ان کہی ؛ ناگفتہ ؛ بن کہا ؛ بے کہا ہوا۔

unsalted, a. بے نمک ؛ سیٹھا ؛ پھیکا ؛ جس چیز کو محفوظ کرنے کے لیے نمک نہ لگایا گیا ہو ؛ تازہ۔

unsanctified, a. غیر متبرک یا غیر مقدّس ؛ غیر مذہبی یا دنیوی ؛ بدکار ؛ گناہ گار ؛ بے تقدس۔

unsanitary, a. حفظانِ صحت کے خلاف ؛ غیر صحت بخش۔

unsatisfactory, a. ناقابل اطمینان ؛ غیر اطمینان بخش ؛ جو خاطر خواہ نہ ہو ؛ غیر تسلی بخش ؛ ناکافی ؛ غیر معقول۔

unsatisfactorily, adv. ناقابل اطمینان طور پر ؛ غیر تسلی بخش طور پر۔

unsatisfactoriness, n. ناقابل اطمینان ہونے کی کیفیت ؛ غیرتسلی بخش حالت۔

unsatisfied, a. غیر مطمئن ؛ ناشاد ؛ جس کو پورا معاوضہ نہ دیا گیا ہو ؛ جو پورا اطمینان نہ دے رہا ہو ؛ غیر قانع ؛ ناخوش ؛ جسے پوری طرح باور نہ کرایا جا سکا ہو یا آمادہ نہ کر لیا گیا ہو ؛ جسے ادائیگی نہ کی گئی ہو ؛ بے تسکین۔

unsaturated, a. ناسیر شُدہ یا غیر سیر شُدہ ؛ مزید گھلانے یا جذب کرنے کی طاقت رکھنے والا۔ (کیمیا) غیر سیر شدہ (مرکب) ؛ دوسرے عناصر یا مرکبات کی تشکیل کے بغیر ، کسی عنصر کا براہ راست کیمیائی اتصال کرنے والا (جیسے : unsaturated compound)۔

unsaturate, n. ناسیر جیسے کوئی مرکب۔

unsavory, (Brit.) unsavoury, a. بے مزا ؛ سیٹھا ؛ بد مزا ؛ غیر خوش ذائقہ ؛ جو مزے یا قوت شامہ کو بھلا نہ لگے ؛ ناخوشگوار ؛ بدبودار یا ناگوار۔ (مجازاً) اخلاقی طور پر قابل اعتراض (جیسے : an unsavory character)۔

unsay, v.t. کہہ کر توبہ کرنا یا انکار کرنا ؛ فسخ یا منسوخ کرنا ؛ واپس لینا جیسے کسی بیان کو ؛ کہے کو اَن کہا کرنا ؛ کہہ کر الفاظ کو واپس لینا۔

unscathed, a. جسے آنچ نہ آئی ہو ؛ جس کا بال بھی بیکا نہ ہوا ہو ؛ جسے نقصان نہ پہنچا ہو ؛ جسے زخم نہ آئے ہوں۔

unscheduled, a. بلا فہرست ؛ جسے پہلے سے فہرست یا پروگرام وغیرہ میں شامل نہ کیا گیا ہو یا پہلے سے تیار نہ کیا گیا ہو۔

unschooled, a. ناپُختہ کار ؛ جِسے تعلیم نہ دی گئی ہو ؛ جِسے پڑھایا نہ گیا ہو ؛ غیر تربیّت یافتہ ؛ فطری ؛ غیر مصنوعی ؛ ناتجربہ کار ؛ بے ضبط ؛ بے تربیت۔

unscientific, a. غیر علمی ؛ غیر سائنسی ؛ علمی اصولوں کے خلاف ؛ جو سائنسی شرائط پر پورا نہ اترتا ہو ؛ جو سائنسی اصولوں یا قواعد کے خلاف ہو ؛ جو سائنسی قواعد و ضوابط کے مطابق نہ ہو۔

unscientifically, adv. غیر سائنسی طور پر ؛ غیر علمی طور پر۔

unscramble, v.t. کش مکش کی حالت سے نکال لانا ؛ انتشار کو ضابطے میں بدل دینا ؛ قابل فہم بنانا جیسے ناقابل فہم پیغام کو ؛ بے ترتیبی یا بے نظمی کو ترتیب یا نظم میں بدلنا۔

unscrew, v.t. کسی چیز سے پیچ نکال ڈالنا ؛ پیچ نکال کر کھول ڈالنا ؛ کھول دینا جیسے کسی بوتل یا مرتبان کے ڈھکن کو گھما کر۔ (فعل لازم) کُھلے ڈھکن کا ہو جانا ؛ ڈھکن کُھل جانا۔

unscrupulous, a. بلا پس و پیش ؛ جس کے کوئی اُصول نہ ہوں ؛ بے ایمان ؛ بے اصولا ؛ بے ایمانی کا۔

unscrupulously, adv. بے ایمانی سے ؛ بے اصولی سے۔

unscrupulousness, n. بے اصولا پن ؛ بے ایمانی ؛ بے اُصولی۔

unseal, v.t. مہر توڑنا ؛ مہر بند چیز کو کھولنا۔

unseam, v.t. سیون کھولنا یا کسی کے ٹانکے ادھیڑنا ؛ پھاڑ کر الگ کر دینا ؛ بگاڑنا یا تباہ کرنا۔

unsearchable, a. ناقابلِ تلاش ؛ جسے تلاش نہ کیا جا سکے یا جسے سمجھا نہ جا سکے ؛ جسے ڈھونڈا نہ جا سکے ؛ جس کی تہ تک نہ پہنچ سکیں ؛ پُر اسرار ؛ چھپا ہُوا۔

unsearchably, adv. ناقابلِ تلاش انداز سے ؛ تلاش سے ماورا ؛ فہم و ادراک سے بالا طور پر۔

unseasonable, a. بے موسم ؛ جو سال کے وقت سے مطابقت نہ رکھتا ہو ؛ غیر موسمی ؛ بے موسمی ؛ بے وقت کی راگنی ؛ بے موقع ؛ بے وقت ؛ جو وقت یا موقع سے مطابقت نہ رکھتا ہو ؛ غیر مناسب ؛ بے فصل کا ؛ خلاف موسم ؛ بے محل۔

unseasonableness, n. بے محلی ؛ بے موقع پن ؛ بے موسمی پن۔

unseasonably, adv. بے موقع طور پر ؛ بے محل طریقے پر۔

unseasoned, a. گرم و سرد نا چشیدہ ؛ کچّا ؛ ناپُختہ ؛ ناتجربہ کار ؛ غیر عادی ؛ جسے مسالے دار یا چٹپٹا نہ بنایا گیا ہو۔

unseat, v.t. کسی نشست پر سے اٹھا دینا ؛ کسی نشست یا گھوڑے کی زین پر سے گرا دینا ؛ کسی سیاسی عہدے سے ہٹا دینا۔

unseaworthy, a. بحری سفر کے ناقابل ؛ ناموزونِ بحر۔

unseaworthiness, n. ناموزونیتِ بحر ؛ بحری سفر کی صلاحیت کا فقدان۔

unsecured, a. غیر مستحکم ؛ جس کے نقصان کا بیمہ نہ کرایا گیا ہو، جیسے کسی پرونوٹ یا ضمانت سے ؛ جو بند نہ کیا یا باندھا نہ گیا ہو ؛ بے کفالت ؛ بے ضمانت۔

unseemly, a. نازیبا ؛ ناموزوں، جو ادب آداب کے مطابق نہ ہو ؛ ناشایستہ ؛ بے ہودہ ؛ غیرمناسب ؛ نارَوا ؛ قبیح ؛ بے جا۔ (متعلق فعل) نازیبا طور پر ؛ بے جا طور پر ؛ ناشایستہ طور پر۔

unseemliness, n. غیر مناسب حالت ؛ ناشایستگی ؛ بے ہودہ پن ؛ نارَوائی۔

unseen, a. نادیدہ ؛ غیر مرئی ؛ اَن دیکھا ؛ جو نظر نہ آئے ؛ جسے سمجھا بوجھا نہ جا سکے ؛ بے مشاہدہ ؛ موسیقی میں ترتیب نا یافتہ۔

unsegregated, a. علیحدہ نہ کیا ہُوا خصوصاً نسلی طور پر ؛ مکمل طور پر جذب شُدہ۔

unselfish, a. بے غرض ؛ ایثار پیشہ ؛ جو خود غرض نہ ہو ؛ جو اپنے مفادات یا بھلائی سے خود غرضانہ طور پر چمٹا ہوا نہ ہو ؛ فیّاض۔

unselfishly, adv. بے غرضانہ طور پر۔

unselfishness, n. ایثار پیشگی ؛ بے غرضی ؛ بے لوثی ؛ اخلاص۔

unsentimental, a. غیر رقیق القلب ؛ غیر جذباتی ؛ جو رقیق القلب نہ ہو ؛ جو جذبات میں بہ جانے پر مائل نہ ہو ؛ حقیقت پسند ؛ جذبات سے عاری۔

unsentimentally, adv. غیر جذباتی طور پر۔

unset, a. نرم ؛ جو مضبوط یا ٹھوس نہ ہو، جیسے جیلی یا تارکول جسے پہلی بار بچھایا گیا ہو ؛ بے جَڑا ہوا جیسے نگینہ ؛ جو غروب نہ ہوا ہو۔

unsettle, v.t. اُتھل پتھل کرنا ؛ مطمئن حالت سے بدل دینا یا اکھاڑ دینا ؛ غیر یقینی یا غیرمستحکم بنا دینا ؛ منتشر کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ سکون میں خلل ڈالنا۔ (فعل لازم) بے ترتیب ہو جانا یا درہم برہم ہو جانا۔

unsettled, a. غیر معیّن ؛ غیر مستحکم ؛ قرار نا پذیر ؛ جس کی کوئی طے شُدہ ترتیب نہ ہو ؛ جس کا کوئی ٹھور ٹھکانا نہ ہو ؛ ڈھلمل یقین ؛ غیر طے شدہ یا مشکوک ؛ متزلزل یا غیر یقینی جیسے رائے یا عمل ؛ بے عزم یا مذبذب ؛ غیر آباد جیسے کوئی علاقہ ؛ بے آباد ؛ جس کا حساب کتاب نہ کیا گیا ہو جیسے کھاتہ یا زمین وغیرہ۔

unsettledness, n. بے ٹھکانا پن ؛ غیر معین حالت ؛ غیر یقینی پن ، غیر آباد کیفیت۔

unsex, v.t. خصّی کرنا ؛ جنسی صِفات سے محروم کرنا خاص طور پر عورت کو۔

unshackle, v.t. بیڑیاں اتارنا ؛ پابندیوں سے آزاد کرنا۔

unshaped, a. غیر متناسب ؛ بھدّا ؛ جس کی کوئی معین وضع قطع نہ ہو یا شکل صورت نہ ہو ؛ اُٹنگا ؛ بے ڈھنگا ؛ بے ڈھب ؛ ناتراشیدہ ؛ ناموزوں۔

unshapen, a. جسے وضع قطع نہ دی گئی ہو ؛ بغیر شکل و صورت کے ؛ بھدی شکل و صورت میں ؛ بھونڈا ؛ ناتراشیدہ ؛ بے وضع ؛ اٹنگا ؛ بے ڈھنگا ؛ غیر مُشکّل۔

unsheathe, v.t. نیام سے باہر نکالنا جیسے تلوار یا خنجر یا ایسی ہی کوئی چیز ؛ کسی غلاف یا کسی اور ڈھکی ہوئی چیز سے باہر نکالنا ، دھمکی دیتے ہوئے یا ڈراوے کے طور پر۔

unshed, a. بن بہائے جیسے بن بہے آنسو ؛ بن جھڑا جیسے بن جھڑے پر ، بال یا پتے ؛ بن گرے جیسے پتّے۔

unsheltered, a. بے سایہ ؛ بے خانماں ؛ غیر محفوظ ؛ بغیر کسی پناہ یا حفاظت کے۔

unship, v.t. جہاز پر سے اتارلینا جیسے آدمیوں یا سامان کو ؛ کشتی یا جہاز کی مخصوص جگہ سے کسی سازوسامان کو استعمال کے لیے ہٹا لینا ، جیسے پتوار یا چپّو۔ (فعل لازم) الگ کر دیا جانا یا الگ کیے جانے کے قابل ہونا۔

unshod, a. برہنہ پا ؛ بغیر جُوتے کے ؛ ننگے پاؤں ۔

unshorn, a. بے مُنڈا ؛ غیر تراشیدہ ؛ اَن کتری یا اَن مونڈی ، جیسے بھیڑ کی اُون ۔

unshrinking, a. خطرے یا مشکل یا ادائیگی فرض کے موقع پر پیچھے نہ ہٹنے والا ؛ بے سکڑا ؛ بغیر بازگشت کے ؛ نہ سُکڑنے والا ۔

unshrinkingly, adv. بلاجھجک یا بلاخوف کے ؛ بغیر بازگشت کئے یا بے سکڑے ہوئے ۔

unsifted, a. جسے چھلنی سے چھان کر صاف نہ کیا گیا ہو ؛ بے چھنا ؛ بے پھٹکا ہوا ؛ جسے پھٹک کر صاف نہ کیا گیا ہو ؛ جس کی پوری طرح چھان بین نہ کی گئی ہو ؛ بے جانچا ۔

unsight, a. نادیدہ ؛ ان دیکھا ؛ جس کا امتحان نہ لیا گیا ہو یا معائنہ نہ کیا گیا ہو (جیسے: to buy a thing unsight) ؛ بے دیکھے بھالے ۔

unsightly, a. بدزیب ؛ جو نظر کو ناگوار گزرے ؛ بدنما ؛ بھدا ؛ بد صورت ۔

unsightliness, n. بدنمائی ؛ بدصورتی ؛ بھدا پن ؛ بدزیبی ۔

unsingable, a. جو گائے جانے کے لائق نہ ہو ؛ جسے گایا نہ جا سکے یا گانے میں نہ ڈھالا جا سکے ۔

unsized, a. بغیر سائز کے ؛ بے سائز ؛ جس کے سائز یا ناپ کی مخصوص نشان دہی نہ کی گئی ہو ؛ جسے مسالا ، کاغذ یا استر لگا کر سخت نہ کیا گیا ہو ۔

unskilled, a. اناڑی ؛ بے ہنر ؛ ناآزمودہ کار ؛ غیر ماہر ؛ بے تربیت یافتہ ؛ بے مہارت (جیسے: unskilled labor) ؛ ناموزوں یا بے محل ؛ اناڑی پن ظاہر کرتا ہوا ۔

unskillful,(Brit.)unskilful, a. اناڑی ؛ غیر ماہر ؛ نااہل ۔

unskillfully,(Brit.)unskilfully, a. غیر ماہرانہ طور پر ؛ اناڑی پن سے ؛ بھونڈے پن سے ۔

unskillfulness,(Brit.)unskilfulness, n. بے مشقی ؛ بے مہارتی ؛ اناڑی پن ؛ بھونڈا پن ۔

unslaked, a. تشنہ ؛ جو سیراب نہ ہوا ہو ؛ اَن بُجھی جیسے پیاس ؛ جسے پانی ملائے بغیر سفُوف کی شکل دے دی گئی ہو (جیسے: unslaked lime) ۔

unsling, v.t. ہٹانا جیسے تھیلے یا جھولے کو اُس جگہ سے جہاں وہ لٹکایا گیا ہو ۔ (جہازرانی) رسّیاں الگ کرنا جیسے صندوق وغیرہ کی ؛ رسّیوں یا زنجیروں سے آزاد کرنا ۔

unsmiling, a. غیر متبسّم ؛ رنجیدہ ؛ سنجیدہ ۔

unsmilingly, adv. نہ ہنستے ہوئے ؛ بے تبسّم ۔

unsnap, v.t. کھولنا یا ڈھیلا کرنا جیسے خودکار چٹخنی وغیرہ ہٹا کر ۔

unsnarl, v.t. الجھی ہوئی حالت سے نکالنا ؛ سُلجھانا ؛ چھڑانا ۔

unsociable, a. ناملنسار ؛ لوگوں کی صحبت میں دوستانہ طور پر نہ بیٹھنے والا ؛ اکل کھرا ؛ کم آمیز ؛ الگ تھلگ ۔

unsociability, unsociableness, n. اکل کھرا پن ؛ غیر صحبت پسندی ؛ ناملنساری ؛ کم آمیزی ۔

unsociably, adv. ناملنساری سے ؛ کم آمیزی سے ۔

unsocial, a. غیر مجلسی ؛ اکل کھرا ؛ مردم بیزار ؛ غیر معاشرت پسند ؛ لوگوں کی صحبت پسند نہ کرنے والا ؛ غیر صحبت پسند ۔

unsocially, adv. غیر معاشرت پسندی سے ؛ غیر صحبت پسندی ۔

unsoiled, a. غیر آلودہ ؛ جو میلا ، گندا یا نجس نہ ہُوا ہو ؛ غیر صدی ؛ نا بدمزاج ؛ پاک صاف ۔

unsolicited, a. بے طلب ؛ بن مانگا ؛ بے ڈھونڈا ۔

unsolicitous, a. غیر آرزو مند ؛ لاتعلق ؛ غیر جانب دار ۔

unsophisticated, a. سادا ؛ سماجی رسوم و رواج سے ناواقف یا اُن سے غیرمرعوب ؛ بھولا ، سیدھا سادا ؛ بے تصنّع ؛ غیر پیچیدہ ؛ بے ملاوٹ ؛ خالص ؛ اصلی ؛ بے لوث ؛ اَن گھڑ ۔

unsophisticatedly, adv. سادے پن سے ؛ بھولے پن سے ؛ سادگی سے

unsophisticatedness, unsophistication, n. بھولا پن ؛ سادگی ؛ ناتجربہ کاری ؛ خالص پن ۔

unsought, a. بے مانگے ؛ بن بلائے ؛ بے طلب ۔

unsound, a. غیر مضبوط یا معتبر ؛ بیمار ؛ معذور ؛ ناقص ؛ غیر مستحکم ؛ بے بنیاد یا غیر مدلّل ؛ مغالطے میں ڈالنے والا ؛ بظاہر صحیح ؛ خراب ؛ کمزور ؛ غیر متوازن ؛ فاترالعقل ۔

unsoundly, adv. غیر مضبوط طور پر ؛ غیر معقول طریقے پر ؛ بیماری یا معذوری سے ۔

unsoundness, n. عدم صحت ؛ ناقص پن ؛ غیر مدلل کیفیت ؛ غیرمعقولیت ؛ فاترالعقلی ۔

unsparing, a. بے درد ؛ آزاد خیال ؛ فراواں ؛ بے دریغ ؛ فضول خرچ ؛ بے رحم ؛ ظالم ۔

unsparingly, adv. بے رحمی سے ؛ بے دردی سے ؛ دل کھول کر ؛ بے دریغی سے ۔

unsparingness, n. بے رحمی ؛ سخت گیری ۔

unspeakable, a. ناقابل بیان یا بیان سے باہر؛ جسے الفاظ میں بیان نہ کیا جا سکے ؛ ناگفتہ بہ ، اتنا بُرا جو بیان نہ کیا جا سکے ؛ نا گفتنی ؛ اَن کہی ؛ ہولناک ؛ بہت بُرا ۔

unspeakably, adv. ناقابل بیان طریقے سے ؛ ناگفتہ بہ طریقے سے ۔

unspecified, a. جس کی صراحت نہ کی گئی ہو ؛ جس کا پوری تصریح یا وضاحت سے ذکر نہ کیا گیا ہو ؛ غیرمُصرح؛ بے تصریح ۔

unsphere, v.t. کسی کو اُس کے حلقہ اثر و اختیار یا میدان عمل سے نکال دینا ؛ جگہ سے ہٹا دینا ۔

unspoken, a. ناگفتہ ؛ بِن کہا ؛ جو بیان نہ کیا گیا ہو لیکن سمجھا گیا ہو (جیسے: unspoken criticism) ۔

unspotted, a. بے داغ ؛ داغ یا دھبّوں سے پاک ؛ اخلاقی داغوں یا گناہ سے پاک یعنی غیر آلودہ ۔

unsprung, a. بے کمانی کا ؛ جس میں کمانیاں یا اسپرنگ نہ ہوں ؛ دباؤ سے کھلنے والا (کھٹکا) جو کھلا ہوا نہ ہو ۔

unstable, a. ناپائدار ؛ مذبذب ، جیسے اپنے جذبات پر قابو نہ ہو ؛ غیر مستحکم ؛ بے قرار ؛ بودا ؛ کمزور ؛ تبدیل پذیر ؛ غیر مستقل ؛ ناقابل استحکام ؛ ناقابلِ حفاظت ؛ نہ ماننے کے لائق ۔ (کیمیا) جو آسانی سے تحلیل ہو جائے یا گل سڑ جائے یا خود بخود تبدیل ہو جائے ؛ ناقرار ؛ ناقائم ۔

unstableness, n. ناقراری ؛ ناپائداری ؛ عدم استحکام ۔

unstably, adv. ناقراری سے ؛ ناپائداری سے ؛ تذبذب سے ۔

unstatesmanlike, a. غیر مُدبّرانہ ؛ جو کسی مدبر یا سیاست دان کی طرح یا اس کے شایانِ شان نہ ہو ۔

unsteady, a. غیر مستحکم ؛ متزلزل ؛ ڈگمگاتا ہُوا ، لڑکھراتا ہوا ؛ ڈانواں ڈول ؛ گھٹتا بڑھتا ہوا ؛ متلون مزاج ؛ ناپائدار؛ غیر مستقل؛ بے قاعدہ یا غیریکساں ؛ بدلتا ہُوا ؛ بد چلن ؛ آوارہ ؛ تغیّر پذیر ؛ غیر معین ؛ بے استقلال ۔ (فعل متعدی) متزلزل کرنا ؛ ڈگمگانا ؛ لڑکھڑانا ۔

unsteadily, adv. ڈگمگاتے ہوئے ؛ غیر مستقل یا غیر معین طور پر ؛ بے استقلالی یا تلوّن سے ۔

unstep, v.t. (جہازرانی) مستول کو اس کے خانے سے نکالنا ۔

unstinted, a. بے دریغ ؛ کثیر ؛ وافر ؛ بے روک ٹوک ۔

unstop, v.t. رکاوٹ سے آزاد کر دینا جیسے بد رو یا نالی کو ؛ بوتل کو کھولنا ڈھکن یا کارک نکال کر ۔ (موسیقی) آلہ موسیقی کی روکیں ہٹانا جیسے ارگن کی ۔

unstrap, v.t. پٹی یا تسمے ڈھیلے کرنا یا الگ کر دینا ؛ کسی کی پٹی یا تسمہ کھول دینا ۔

unstressed, a. جس پر زور نہ دیا گیا ہو ؛ جس کی تاکید نہ کی گئی ہو ؛ غیر تاکیدی ۔

unstring, v.t. تار یا تاریں نکال دینا ؛ تار ڈھیلے کر دینا یا بے سُرے کر دینا ؛ لڑی سے نکال دینا ؛ اعصاب کے تناؤ کو کم کرنا ؛ کمزور کرنا جیسے اعصاب کو ۔

unstudied, a. بے غور ؛ بے مطالعہ ؛ جس پر پہلے سے سوچ بچار نہ کی گئی ہو ؛ جس پر محنت نہ کی گئی ہو ؛ قدرتی ؛ جسے مطالعے سے حاصل نہ کیا گیا ہو ؛ غیرماہر (بعد میں in کے ساتھ) ۔

unsubstantial, a. غیر حقیقی یا غیر ٹھوس ؛ مادے کے بغیر؛ خیالی ؛ واہمی یا غیر مرئی ؛ بے وجود ۔

unsubstantiality, n. خیالی پن ؛ موہومیت ؛ کھوکھلا پن ۔

unsubstantially, adv. غیر حقیقی یا خیالی طور پر ؛ برائے نام ؛ خفیف مقدار میں ۔

unsubstantiated, a. غیر مصدقہ ؛ جو ثبوت یا شہادت سے تصدیق شدہ نہ ہو ؛ بے تصدیق ؛ بے ثبوت ۔

unsubstantiation, n. عدم ثبوت ؛ غیرمصدقیت ۔

unsuccessful, a. ناکامیاب ؛ ناکام ؛ بغیر پیش رفت ؛ نامراد ۔

unsuccessfully, adv. ناکامی سے ؛ ناکامیابی کے ساتھ ؛ نامرادی سے ؛ بہ ناکامی ؛ بلا پیش رفت ۔

unsuitable, a. نامناسب ؛ ناموزوں یا غیر حسبِ منشا ؛ نازیبا؛ بے میل ؛ ناموافق ؛ بے جوڑ ؛ بے موزوں ۔

unsuitableness, n. ناموزونیت ؛ نازیبائی ؛ بے میل پن ؛ بے جوڑ پن ۔

unsuitably, adv. ناموزوں طور پر ؛ نامناسب طریقے پر ۔

unsung, a. ناگایا ہُوا ؛ بے نام ؛ جو گانے میں یا شاعری میں شہرت یافتہ نہ ہو ؛ جسے داد یا پُر جوش تائید حاصل نہ ہوئی ہو ۔

unsurpassed, a. بلا ۔ قت ؛ جس پر کوئی سبقت نہ لے جا سکا ہو ۔

unsuspected, a. غیر مشکوک ؛ غیر مشتبہ ؛ جس پر شک و شبہ نہ ہو ؛ جس کا گمان نہ کیا گیا ہو یا جس کا تصوّر نہ کیا گیا ہو ۔

unswathe, v.t. پٹیاں کھول دینا ؛ پٹی یا پٹّیوں سے آزاد کر دینا ۔

unswear, v.t. تردید کرنا خصوصاً باقاعدہ طریقے سے ؛ بعد میں قسم کھا کر انحراف ۔ واپس لینا ۔ (فعل لازم) انکاری قسم کھانا یا منحرف ہونا ۔

unswerving, a. کسی اصول یا ضابطے سے منحرف نہ ہونے والا ؛ ثابت قدم ؛ پکا ؛ غیر منحرف ؛ اڈگ ؛ مضبوطی سے جما ہوا ۔

unswervingly, adv. غیر منحرف طریقے پر ؛ ثابت قدمی سے ۔

unsymmetrical, a. غیرمتناسب ؛ غیرتشاکلی ؛ بے ڈول ؛ غیر متشاکل ؛ بے ہنگم ؛ حصوں یا اعضاء کی غیر مناسبت والا ؛ بے تشاکل ؛ غیر ہم آہنگ ۔

unsymmtrically, adv. غیر متناسب طور پر ؛ بے ہنگم انداز سے ۔

untangle, v.t. اُلجھی ہوئی صورتِ حال سے نکالنا ؛ سُلجھانا ؛ کھولنا یا سیدھا کرنا یا صاف کر دینا جیسے کسی گڈ مڈ یا درہم برہم یا پریشان کُن چیز کو ؛ اُلجھن دُور کرنا ؛ بل نکالنا ۔

untaught, a. ناتربیت یافتہ ؛ ناخواندہ یا ناتعلیم یافتہ ؛ جاہل ؛ طبعی ، فطری یا جبلّی ۔

unteach, v.t. بُھلا دینا ؛ فراموش کر دینا ؛ سیکھے ہوئے کو بُھلا دینا ؛ بے اعتقاد ہونا یا نہ ماننا یا اُسے چھوڑ دینا جو پڑھایا گیا تھا ؛ کسی علم کے خلاف پڑھانا ۔

unteachable, a. ناتربیت پذیر ؛ ناقابلِ تربیت و تعلیم ؛ جسے پڑھایا نہ جا سکے ؛ جو تعلیم و تربیت کی مزاحمت کرتا ہو ۔

untenable, a. ناقابلِ مدافعت ؛ جو دلیل سے ثابت نہ ہو سکے ؛ جس کا دفاع نہ کیا جا سکے ؛ نامعقول ؛ لچر ؛ کمزور ۔

untenability, n. بودا پن ؛ کمزوری ۔

untether, v.t. رسّی سے کھول دینا جیسے گائے کو ؛ آزاد کر دینا ۔

unthanked, a. جس کا شکریہ ادا نہ کیا گیا ہو ۔

unthankful, a. ناشکر گزار ؛ ناشُکرا ؛ ناخوش آئند ؛ ناسپاس ؛ حق ناشناس ؛ احسان فراموش ۔

unthink, v.t. خیال دُور کرنا ؛ اپنی سوچ سے باز آنا یا رائے کو واپس لینا ؛ کسی چیز سے متعلق اپنا ارادہ بدل لینا ۔ (فعل لازم) اپنی سوچ کے دھارے کو بدل لینا یا ختم کر دینا ۔

unthinkable, a. جو ذہن کی گرفت میں نہ ہو ؛ ناقابلِ تصوُّر ؛ جسے سوچ یا غور کا موضوع نہ بنایا جائے ؛ بعید از قیاس ؛ محال ۔

unthinking, a. نہ سوچنے والا ؛ بے پروا ؛ جو سوچ بچار کو ظاہر نہ کرتا ہو ؛ جس میں سوچنے کی قوت یا صلاحیت نہ ہو ؛ لاابالی ؛ بے اعتنا ؛ بے فکر ؛ غافل ؛ بے احتیاط ۔

unthinkingly, adv. بے سوچے ہوئے ؛ بے پروائی سے؛ لاابالی پن سے ؛ بے سوچے سمجھے ۔

unthread, v.t. کسی چیز سے تاگا کھینچ لینا یا نکال دینا (جیسے : to unthread a needle) ؛ مشکل سے راستہ تلاش کر لینا (جیسے : to unthread a labyrinth) ۔

unthrone, v.t. تخت سے اتارنا ۔

untidy, a. ناصاف ستھرا ؛ پھوہڑ پن کا یا بے سلیقہ ؛ بے ترتیب ؛ میلا کچیلا ؛ بے قرینہ ۔

untidily, adv. بے ترتیبی سے ؛ پھوہڑ پن سے ۔

untidiness, v.t. پھوہڑ پن ؛ بے ترتیبی ؛ بے قرینہ پن ۔

untie, v.t. گرہ کھولنا ؛ کسی بندھی چیز کو ڈھیلا کرنا یا کھولنا ؛ گرہ کھول کر ڈھیلا کرنا یا کھولنا ؛ کسی چیز کی رسّی یا رسّا کھولنا ؛ کھولنا جیسے رسّی یا گرہ کا ؛ دباؤ سے آزاد کر دینا ؛ دور کرنا جیسے پریشانی یا پیچیدگی ۔ (فعل لازم) کُھل جانا ۔

until, conj. تاوقتیکہ ؛ تاآنکہ ؛ جب تک کہ ؛ حتیٰ کہ ؛ تک ؛ تا ؛ یہاں تک کہ ، عموماً نفی کے ساتھ (جیسے : He did not come until the meeting was half over) ۔ (حرف جار) مخصوص وقت کے لیے (جیسے : He did not go until night) ۔

untimely, a. بے وقت ؛ بے موقع یا بے موسم ہونے والا ؛ ناموزوں ؛ قبل از وقت ؛ ناوقت ؛ بے وقت کی راگنی ۔ (متعلق فعل) بغیر موسم کے ۔

untimeliness, n. بے وقت ہونے کی حالت ؛ ناوقتی ۔

untiring, a. نہ تھکنے والا ؛ اَن تھک ۔

untiringly, adv. ان تھک طور پر ۔

untitled, a. غیرخطاب یافتہ ؛ بغیرکسی حق یا دعوٰی کے ۔

unto, prep. (قدیم ، شاعری) کو ؛ تمام معنوں میں مستعمل ، سوائے علامت مصدر کے ؛ یہاں تک کہ ؛ جب تک کہ ؛ تک ؛ تا ۔

untold, a. بن کہا ؛ نہ بیان کیا گیا یا ظاہر نہ کیا گیا ؛ جو بیان ہونے سے رہ گیا ہو ؛ ناگفتہ ؛ اَن گنا ؛ نہ شمار کیے جانے والا (جیسے : untold plates of food) ؛ بے شمار ؛ اَن گنت ؛ لاتعداد ؛ جسے بیان نہ کیا جا سکے ۔

untouchable, a. اچُھوت ؛ رسائی سے پرے ؛ پہنچ سے باہر ؛ جو اس قدر قریب نہ ہو کہ اُسے چُھوا جا سکے ؛ جس تک پہنچ نہ ہو سکے ؛ جسے چھونا منع ہو یا جسے چھونے کی ممانعت ہو ؛ جو چھونے میں ناخوشگوار ہو یا جسے چُھونا خطرناک ہو ۔ (مجازاً) جسے رشوت نہ دی جا سکے یا جس میں دخل اندازی نہ کی جا سکے ؛ جسے قابو نہ کیا جا سکے یا جس پر تنقید نہ کی جا سکے ۔ (اسم) ہندوستان میں نیچ ذات کا فرد جسے ہندوؤں کے اعلیٰ طبقے کے مطابق چھونا نجس ہو جاتا ہے ؛ ہریجن ؛ شُودر ۔

untouchability, n. اچُھوت پن ۔

untouchably, adv. نہ چھوتے ہوئے ؛ اچھوت پن سے ۔

untoward, a. بدقسمت ؛ مخالف ؛ جس کی آسانی سے راہبری نہ کی جا سکے یا جسے آسانی سے پڑھایا نہ جا سکے ؛ تکلیف دہ ؛ سرکش ؛ ضدی ، نامعقول ؛ ناگوار ؛ تکلیف دہ ؛ بے جا ۔

untowardly, adv. ضدی پن سے ؛ سرکشی سے ؛ بدقسمتی سے ۔

untowardness, n. بدقسمتی ؛ مخالفت ؛ ضدی پن ؛ سرکشی ؛ ہٹ ۔

untrained, a. غیر تربیت یافتہ ؛ جس میں حُسن تربیت نہ ہو ؛ جس نے کسی خاص فن کی تربیت نہ پائی ہو ؛ غیر تعلیم یافتہ ؛ بے مشق ۔

untrainable, a. ناقابل تربیّت ؛ جسے تربیت نہ دی جا سکے ۔

untraveled,(Brit.)untravelled, a. جس راستے پر گاڑیاں یا مسافر سفر نہ کرتے ہوں ؛ جس نے سفر نہ کیا ہو ؛ جس نے سفر سے تجربہ حاصل نہ کیا ہو ؛ جس میں سفر نہ کیا گیا ہو ؛ بُھولا یا ناتجربہ کار ۔

untread, v.t. کھوج لگانا ؛ سراغ لگانا ، تلاش کرنا ؛ دوبارہ غور کرنا ؛ واپس آنا ؛ باز آنا ۔

untreated, a. جس کا علاج نہ کیا گیا ہو ؛ غیر عمل شدہ ۔

untried, a. نا آزمودہ ؛ جس کی کوشش نہ کی گئی ہو یا جس کا تجربہ نہ کیا گیا ہو ؛ مقدمہ جس کی سماعت کسی عدالت میں نہ ہوئی ہو ؛ نامسموع ؛ بلاتجویز ۔

untrimmed, a. تراش خراش کے بغیر ؛ جس کی کاٹ چھانٹ نہ کی گئی ہو ؛ جسے آراستہ نہ کیا گیا ہو ؛ جسے کاٹا چھانٹا نہ گیا ہو ؛ اَن تراشا ؛ اَن کٹا ؛ جس کی اُون کتری نہ گئی ہو جیسے بھیڑ ۔

untroubled, a. پریشانی سے آزاد ؛ دُکھ ، افسوس یا پریشانی سے مبرا ؛ غیر مشتعل یا غیر برہم ؛ سطح آب جو پُر موج نہ ہو ؛ غیر متلاطم ۔

untrue, a. جُھوٹا ؛ جو کسی نصب العین ، قسم یا آدمی سے مخلص نہ ہو ؛ بے وفا ؛ واقع کے خلاف ؛ غلط ؛ ناراست ۔

untrueness, n. جھوٹا پن ؛ غیر مخلص پن ؛ ناراستی ۔

untruly, adv. خلاف واقع طور پر ؛ غلط طور پر ؛ غیر مخلصانہ ۔

untruss, v.t., v.i. (قدیم) پیل پایہ یا کھم وغیرہ سے کھول دینا ؛ کھول دینا ۔ (متروک) کپڑے اتارنا یا اُتروا دینا ۔

untrustworthy, a. ناقابل اعتبار؛ جس پر بھروسا نہ کیا جا سکے ؛ بے بھروسا ۔

untrustworthily, adv. ناقابل اعتباری سے ۔

untrustworthiness, n. نااعتباری ؛ بھروسا نہ کر سکنے کی حالت ؛ بے اعتباری ؛بے اعتمادی ۔

untruth, n. ناراستی ؛ دروغ ؛ جھُوٹ ؛ سچا نہ ہونے کی حالت یا خاصیت ؛ سچ کے برعکس ؛ صداقت کی کمی ؛ جھوٹا دعوی ۔ (متروک) بے وفائی ؛ خیرخواہی یا نمک حلالی کا فقدان ۔

untruthful, a. غیرمخلص ؛ خلوص سے عاری ؛ دروغ گو ؛ جس میں سچ یا صداقت کی کمی ہو ؛ جھوٹا ؛ غلط ۔

untruthfully, adv. دروغ گوئی سے ؛ جُھوٹ موٹ ۔

untruthfulness, n. دروغ گوئی ؛ غلط بیانی ؛ جھوٹا پن ۔

untuck, v.t. سمٹی یا لپٹی ہوئی حالت سے کھولنا یا آزاد کرنا ؛ استعمال کرنا ۔

untunable, a. جس کا سُر ٹھیک نہ کیا جا سکے یا جس کا سُر ملایا نہ جا سکے ؛ بے [illegible] ؛ غیر سُرور آگین ؛ بے نغمہ و ساز ۔

untune, v.t. بے سُرا کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ گڈ مڈ کرنا یا درہم برہم کرنا ۔

untu[illegible] ناآموختہ ؛ بے تعلیم ؛ بے اُستادا ؛ جسے پڑھایا نہ گیا ہو ؛ ناتربیت یافتہ ؛ اکھڑ ؛ بھولا یا سیدھا سادا ؛ غیر مہذّب ؛ اَن پڑھ ؛ کندۂ ناتراش ۔

untwine, v.t. اُدھیڑنا ؛ کھولنا ؛ بل کھولنا ، کسی لپٹی ہوئی چیز کو کھولنا ؛ لچھا یا اسپرنگ کا کھولنا ؛ سُلجھانا ۔ (فعل لازم) بل کھل جانا ،لچھے ، اسپرنگ یا رسّی وغیرہ کا ؛ سلجھنا ۔

untwist, v.t. کھولنا ؛ ادھیڑنا ؛ علیحدہ کرنا اور کھولنا جیسے بٹے بونے دھاگوں کا ؛ بٹ کھولنا۔ (فعل لازم) بٹوں کا کھل جانا یا سلجھنا۔

untwisted, a. نہ بٹا ہُوا ؛ جس کے بل کُھلے ہوئے ہوں۔

unused, a. غیر مستعمل ؛ جسے استعمال میں نہ لایا گیا ہو ؛ جو کبھی استعمال نہ ہُوا ہو ؛ غیرعادی یا غیر خوگر (اس کے بعد "to" لگاتے ہیں ، جیسے : Hands unused to labor)۔

unusual, a. غیر معمولی ؛ انوکھا ؛ بے دستور ؛ بے قاعدہ ؛ غیرمعمول ؛ نرالا ؛ شاذ و نادر۔

unusually, adv. غیر معمولاً ؛ غیر عادتاً ؛ خلاف قاعدہ ؛ خلاف معمول۔

unusualness, n. غیر معمولی پن ؛ انوکھا پن ؛ ندرت۔

unutterable, a. ناگفتنی ؛ بے بیان ؛ ناقابل بیان ؛ بیان سے باہر؛ جو بیان نہ ہو سکے ؛ جس کا اظہار نہ کیا جا سکے۔

unutterably, adv. ناقابل بیان طور پر ؛ ناگفتہ بہ طریقے سے۔

unuttered, a. ان کہی ؛ ناگفتہ ؛ جو الفاظ میں ظاہر نہ کیا گیا ہو مگر دل میں ہو۔

unvalued, a. غیر قیمتی یا بے قدر ؛ غیر اہم ؛ جس کی قیمت کا اندازہ نہ کیا گیا ہو ؛ بے وقر۔

unvaried, a. نامتغیر ؛ غیر متبدل ؛ دائمی ؛ غیرمتنوع ؛ غیر متغیر ؛ غیر گوناگوں ؛ ہمیشہ ایک سا۔

unvarying, a. غیر متغیر ؛ دائمی ؛ نہ بدلنے والا ؛ یکساں۔

unvarnished, a. جس پر روغن نہ کیا گیا ہو ؛ بے روغن ؛ جو خوبصورتی سے آراستہ نہ کیا گیا ہو ؛ سادا ؛ کھرا یا بے لاگ۔

unveil, v.t., v.i. نقاب اٹھانا ؛ نمایش کے لیے بے نقاب کرنا ؛ پردہ اُٹھانا ؛ نقاب کُشائی کرنا ؛ گھونگھٹ اُٹھانا ؛ کسی کا نقاب اُٹھانا یا چھپی ہوئی بات ظاہر ہونا ؛ بھانڈا پھوڑنا ؛ طشت از بام کرنا۔

unventilated, a. غیر ہوا دار ؛ جس میں ہوا اور روشنی کا انتظام نہ ہو۔

unversed, a. ناواقف یا غیر ماہر ، اس کے بعد "in" لگاتے ہیں ؛ ناتجربہ کار اس کے بعد "in" لگاتے ہیں۔

unvocal, a. جس کی آواز نمایاں ترغیب دلانے والی نہ ہو ؛ دبُو ؛ دبا ہوا۔

unvoice, v.t. (صوتیات) بے صوت کرنا جیسے بولی ہوئی آواز کو ؛ بے صوت یا بغیر آواز کے ادا کرنا ؛ صوتی خصوصیت کے بغیر ادا کرنا۔

unvoiced, a. جو زبان سے ادا نہ کیا گیا ہو ؛ بن کہا ؛ بغیر بیان کیے۔ (صوتیات) جسے سانس سے مُمیز آواز میں ادا نہ کیا گیا ہو؛ بے صوت۔

unwanted, a. بے طلب یا بے خواہش ؛ ناخوانده ؛ بے ضرورت ؛ غیر مطلوب ؛ زبردستی کا ؛غیر مطلوبہ ؛ زائد از ضرورت ؛ ناپسندیدہ ؛ ضرورت سے زیادہ ؛ بے مانگا ؛ بن چاہا۔

unwarrantable, a. جس کا دفاع نہ کیا جا سکے ؛ ناجائز ؛ ناروا ؛ بے جا۔

unwarrantably, adv. بے جا طور پر ؛ ناجائز طور پر۔

unwarranted, a. جو جائز نہ ہو ؛ ناجائز ؛ غیر مجاز ؛ بے جواز ؛ غیر موزوں۔

unwary, a. ناہوشیار ؛ ناعاقبت اندیشانہ ؛ لاابالی ؛ غیر محفوظ۔

unwarily, adv. بے احتیاطی سے ؛ غفلت سے ؛ عاقبت ناندیشی سے۔

unwariness, n. غفلت ؛ عاقبت نا اندیشی ؛ بے احتیاطی۔

unwashed, a. بے دُھلا ؛ اَن دُھلا ؛ پانی سے پاک و صاف نہ کیا ہُوا ؛ سمندری لہروں اور بہتے پانی سے نہ دھویا ہوا۔ (اسم) (ادب) ادنی طبقے یا جاہل لوگ ، عموماً اس سے پہلے the لگاتے ہیں۔

unwavering, a. ثابت قدم ؛ اٹل ؛ غیر متزلزل ؛ جو جُھنا ازتا نہ ہو ؛ مستحکم یا جما ہُوا ؛ مستقل مزاج۔

unwaveringly, adv. ثابت قدمی سے ؛ غیر متزلزل طور پر؛ مضبوطی سے ؛ استقلال سے۔

unwearable, a. جو پہنا نہ جا سکے ؛ پہننے کے ناقابل۔

unwearied, a. تازہ دم ؛ نہ تھکا ہوا ؛ ان تھک ؛ نہ تھکنے والا۔

unweave, v.t. کھولنا یا ادھیڑنا جیسے کوئی بُنی ہوئی چیز ؛ سُلجھانا ؛ بل کھولنا۔

unwed, unwedded, a. کنوارا ؛ غیر شادی شدہ ؛ بن بیاہا ؛ مجرد۔

unweeded, a. جس میں سے گھاس پُھوس کو الگ نہ کیا گیا ہو ؛ ناصاف۔

unwelcome, a. جس کے آنے یا ملنے سے خوشی نہ ہو ؛ جس کا اچھی طرح استقبال نہ کیا جائے ؛ ناگوار یا ناخوشگوار ؛ تکلیف دہ ؛ ناپسند ؛ نامرغوب ؛ نامطبوع ؛ گراں خاطر ؛ بار خاطر ؛ ناگوار خاطر ؛ اَن چاہا۔

unwell, a. علیل ؛ جس کی طبیعت ناساز ہو ؛ بیمار؛ کسل مند۔

unwept, a. جس کا ماتم نہ کیا گیا ہو؛ بے ماتم ؛ جس کا سوگ نہ منایا گیا ہو ؛ نہ بہائے گئے جیسے آنسو۔

unwholesome, a. غیر مفید ؛ غیر صحت بخش ؛ ضرررساں جسمانی یا اخلاقی لحاظ سے یعنی مضر صحت اور مخرب اخلاق ؛ جس کی صحت اچھی نہ ہو ؛ غیر صحت مند خصوصاً شکل و صورت سے ؛ بیماری پیدا کرنے والا ؛ ناسازگار؛ کراہت پیدا کرنے والا ؛ قابل نفرت ؛ مضرت رساں ؛ مُضر ؛ نقصان دہ ؛ نقصان رساں۔

unwholesomely, adv. مضر طور پر؛ مخرب اخلاق طریقے سے ؛ مضر صحت طور پر۔

unwholesomness, n. ضرر رسانی ؛ مخرب الاخلاقی ؛ ناموافقت ؛ ناسازگاری۔

unwieldy, a. جسے مشکل سے حرکت دی جا سکے ؛ حرکت دینے کے لیے بہت بھاری اور بے ڈھب یا جسے آسانی سے ہلایا نہ جا سکے؛ وزن کے اعتبار سے قابو سے باہر ؛ بوجھل ، بھاری اور بے ڈھب ؛ بے ڈھنگا ؛ ثقیل ؛ بہت زیادہ یا بڑا ؛ بے ڈول ؛ بے ہنگم ؛ دشوار ؛ دِقت طلب۔

unwieldiness, n. بوجھل پن ؛ بھاری پن ؛ بے ڈھب پن ؛

بے ڈھنگا پن ۔

unwilled, a. بلا ارادہ ؛ بلا مقصد ؛ پہلے سے سوچا یا تجویز نہ کیا ہوا ۔

unwilling, a. نارضامند ؛ رغبت نہ رکھنے والا ؛ مُتأمّل ؛ بے دِل ؛ ناخوش ۔

unwillingly, adv. نارضامندی سے ؛ ناخوشی سے ؛ بے رغبتی سے ۔

unwillingness, n. نارضامندی ؛ بیدلی ؛ تأمل ؛ ناخُوشی ۔

unwind, v.t. سیدھا کرنا ؛ بل کھولنا جیسے کسی لپٹی ہوئی چیز کا ؛ پیچ کھولنا ؛ ڈھیلا کرنا ؛ سلجھانا ؛ کھچاؤ کم کرنا ۔ (فعل لازم) کھل جانا ؛ کھچاؤ یا تناؤ کا کم ہو جانا (جیسے: to unwind after work) ۔

unwinking, a. جو پلک نہ جھپکاتا ہو ؛ جو آنکھوں کو کھولتا بند کرتا نہ ہو ۔

unwisdom, n. غیر دانشمندی ؛ عقل کافقدان ؛ غیرعقلمندانہ اقدام ؛ بیوقوفی ۔

unwise, a. بے عقل ؛ بیوقوف (جیسے: an unwise thing to do) ؛ عاقبت نااندیش ؛ کوتاہ اندیش ؛ غیر دانشمندانہ ؛ ناسمجھ ؛ احمق ۔

unwisely, adv. بےعقلی سے؛ بیوقوفی سے ؛ عاقبت نااَندیشی سے ۔

unwish, v.t. کسی چیز کی تمنا یا آرزو کو ترک کر دینا ؛ کسی چیز کی تمنا، آرزو چھوڑ دینا ؛ ترکِ آرزو کرنا ۔

unwished, unwished-for, a. جس کی تمنا نہ کی گئی ہو ، غیرمطلوب ؛ ناخواستہ ۔

unwitnessed, a. بلاشہادت ؛ گواہی کے بغیر ؛ جو دیکھا نہ گیا ہو ؛ جس کی شہادت کسی گواہ نے نہ دی ہو (جیسے an unwitnessed signature) ۔

unwitting, a. نادانستہ ؛ بے ہوش ؛ ناواقف یا بے خبر ؛ اتفاقی یا ناگہانی ۔

unwittingly, adv. نادانستہ طور پر ؛ اتفاقی طور پر ؛ ناگہانی طور پر ۔

unwomenly, a. خلاف نسائیت ؛ عورتوں کے طریقے کے خلاف ؛ عورتوں کے لیے نامناسب ۔

unwonted, a. خلاف معمول ؛ رسم ، عادت یا معمول کے خلاف ؛ خلاف دستور ۔ (متروک) غیر عادی یا غیر مستعمل ۔

unwontedly, adv. خلافِ عادت ۔

unwontedness, n. خلاف عادت حرکت ؛ خلافِ رسم ؛ بے رواجی ۔

unworkable, a. نہ چلنے والا ؛ ناقابلِ عمل ؛ ناقابل انتظام ؛ ناممکن العمل جیسے منصوبہ ۔

unworked, a. جس پر کام نہ کیا گیا ہو ؛ جسے ترقی نہ دی گئی ہو یا جس سے فائدہ نہ اٹھایا گیا ہو جیسے عملی میدان ۔

unworldly, a. غیر ارضی ؛ جس کے پیش نظر دنیاوی یا گھٹیا اغراض نہ ہوں ؛ بھولا ، سیدھا ؛ غیر دنیاوی یا رُوحانی ۔

unworldliness, n. غیر دنیاوی پن ؛ روحانیت ؛ دنیا سے لاتعلقی ۔

unworn, a. نہ پہنا ہُوا جیسے کپڑا ؛ جو استعمال سے گھسا ہوا نہ ہو؛ نیا یا تازہ ، غیر فرسُودہ ؛ غیر مستعمل۔

unworthy, a. غیرمستحق ؛ جس میں قابلیت یا فضیلت کی کمی ہو ؛ جو لائق تعریف یا تحسین نہ ہو ؛ موزوں و مناسب کردار ، اہلیت و قابلیت کا نہ رکھنے والا ، اِس کے بعد of لگاتے ہیں ؛ غیر شایانِ شان (اس کے بعد of لگاتے ہیں) ؛ ناسزاوار ؛ نالائق ۔

unworthily, adv. ناقابلیت سے ؛ بلااستحقاق ؛ بے اہلیت کے ؛ نالائقی سے ۔

unworthiness, n. نالیاقتی ؛ عدم استحقاق ؛ نااہلی ؛ ناقابلیت ؛ نالائقی ۔

unwounded, a. غیر زخمی ؛ زخم سے محفوظ ؛ سالم ۔

unwrap, v.t. کاغذ یا گتا وغیرہ اُتارنا ؛ غیر ملفوف کرنا یا کھولنا ۔ (فعل لازم) کھلنا ؛ غیرملفوف ہونا ۔

unwreathe, v.t. بَل یاچکر کھولنا یا ہار اُتار دینا ؛ ادھیڑنا ۔

unwrinkle, v.t. شکنیں نکالنا یا دور کرنا ؛ ہموار کرنا ۔

unwritten, a. غیر نوشتہ ؛ روایات پر مبنی ؛ زبانی ؛ جو کسی چیز پر لکھا ہُوا نہ ہو ؛ خالی یا سادہ جیسے کاغذ بن لِکھا ؛ اَن لِکھا ؛ غیر تحریری ۔

unwritten constitution, n. غیر تحریری آئین ؛ وہ آئین جو کاغذ پر لکھا ہوا نہ ہو لیکن دستور یا رواج پر دلالت کرتا ہو اور مسلمہ آئین ہو اور نظیر پر مبنی ہو جیسے آئین انگلستان ۔

unwritten law, n. غیرتحریری قانون ؛ ایسا قانون جو اگرچہ لکھا ہوا بھی ہو مگر دستور، رواج یا قانونی فیصلوں کی سند پر مبنی ہو ؛ اُس قانون سے مُمتاز جس کا سرچشمہ لکھا ہوا آئین یا فرمان ہو ؛ اُصول یا دستور جو بمنزلہ قانون کے ہو، جیسے کسی فرد کا اپنی ذاتی یا خاندانی عزت و آبرو کے انتقام لینے کا حق خصوصاً جب اس کا تعلق مرد و زن کے رشتہ سے ہو ، عموماً اس سے پہلے the لگاتے ہیں ۔

unwrought, a. ناساختہ ؛ بے بنا ؛ خام ؛ طبعی ؛ نامکمل ؛ ناتمام ۔

unyielding, a. بے لوچ ؛ فریاد نہ کرنے والا ؛ کڑا ؛ نہ جُھکنے والا ؛ سخت ؛ ضدی ؛ بے لچک ۔

unyoke, v.t. آزاد کرنا ؛ جُوا کھول دینا ؛ جُوا اُتار دینا ؛ الگ کرنا ؛ علیحدہ کرنا جیسے جُوا ہٹا کر ۔ (فعل لازم) جوا ہٹانا ۔ (قدیم) کام چھوڑ دینا ؛ کام بند کر دینا ۔

unzip, v.t. زِپ کھولنا ۔ (فعل لازم) زِپ کا کھلنا ۔

up, adv. اوپر ؛ بالا ؛ اوج پر ؛ بلندی کی طرف ؛ کسی خاص طرف یا کسی بلندی پر (جیسے: to climb upto the top of a ladder) ؛ کھڑی حالت میں (جیسے: to stand up) ؛ بستر سے باہر (جیسے: to get up) ؛ افق کے اوپر ؛ ایسے نقطے یا مقام پر یا اس کی طرف جسے زیادہ اونچا خیال کیا جائے (جیسے: up north) ؛ کسی منبع یا مرکز یا ایسی ہی جگہ پر یا اُس کی طرف (جیسے: to follow a stream up to its head) ؛ کسی بلند تر نقطے ، درجے پر یا اس کی طرف جیسے عہدے ، حجم ، قدر و قیمت یا انتہا تک ؛ آگے بڑھنے کے کسی نقطے یا حد تک (جیسے : to catch up in a race) ؛ مسلسل باخبری کی حالت میں (جیسے: keeping up with the times)؛ کسی سرگرمی یا تحریک میں یا اُس کے ساتھ (جیسے: to stir up rebellion) ؛ وجود میں آنا (جیسے: a deed drawn up

in an office) ؛ منظر پر آنا ، نمایاں ہونا یا زیر غور آنا (جیسے: the lost papers have turned up) ؛ کسی محفوظ جگہ پر یا گودام یا گوشۂ تنہائی میں (جیسے: to put up preserves) ؛ اتحاد ، پیوستگی یا بندش کی حالت میں (جیسے: to fold or shrivel up) ؛ مطلوبہ یا آخری حد تک (جیسے: to pay up one's debts, burned or used up) ؛ اختتام پر یا اُس کی طرف ۔ (جہازرانی) ہوا کے رُخ پر ۔ (بیس بال) بلّے پر ۔ (گالف) اپنے مدمقابل سے آگے معیّن تعداد کے روزنوں میں ۔ (کھیل) آگے بڑھا ہوا (جیسے: came up from behind) ؛ فی کس یا برابر (جیسے: The score stood at six up) ۔ (صفت) نسبتاً اونچا ؛ بلندی پر یا اس کی طرف جاتا ہوا (جیسے: the up conveyor belt) ؛ اوپر کی جانب مائل یا رواں ۔ (بول چال) مطلع یا آگاہ (جیسے: they are up on recent discoveries) ؛ دوش بدوش ؛ ختم یا انجام کو پہنچا ہوا (جیسے: the joke is up) ۔ (بول چال) واقع یا کُچھ ہونے والا (جیسے: what's up) ؛ کسی بلند مقام ، مرتبے یا عہدے پر؛ ایستادہ یا کھڑا ہُوا ؛ بستر میں سے نکلا ہوا (جیسے: to be up) ؛ سطح ، زمین یا افق پر؛ عمومی یا سابقہ حیثیت ، مقدار یا درجے سے اوپر جیسے پانی سیلاب کی سطح کے قریب ؛ مشتعل ، پُر جوش یا متحرک حالتیں (جیسے: His ire was up) ؛ استعمال یا عمل وغیرہ کے لیے تیار ؛ غور یا سوچ و بچارکے لیے پیش کردہ (جیسے: the proposal is up before the voters) ؛ الزام یافتہ یا مقدمے میں ملوث (جیسے: up for theft) ۔ (کھیل) کسی مدِمقابل سے بڑھا یا آگے نکلا ہوا ؛ کسی عدد کے ساتھ مستعمل (جیسے: the score was 6-up) ؛ داؤ پر جیسے جُوئے میں ۔ (بیس بال) بلّے پر ۔ (حرف جار) کو ، کی طرف ؛ کسی اونچی جگہ یا عہدہ میں یا اُس پر (جیسے: up the stairs) ؛ کسی اہمیت یا وقعت والے مقام پر یا اس کی طرف (جیسے: up the street)؛ منبع یا سرچشمہ کی طرف (جیسے: up the stream) ؛ کسی خطے یا ملک کے اندرون یا اُس کی طرف (جیسے: the explorer went up country) ؛ مخالف سمت میں ، مرکب استعمال ہوتا ہے (جیسے: upwind) ۔ (اسم) اوپرکی طرف حرکت ؛ چڑھائی ؛ قسمت کا عروج (جیسے: ups and downs) ۔ (فعل متعدی) (بول چال) اونچا کرنا ؛ بہتر کرنا ؛ بڑھانا ۔ (فعل لازم) (بول چال) چلنا یا شروع ہو جانا ؛ کوئی کام جلدی سے شروع کر دینا ، عموماً اس کے بعد "and" اور فعل لگاتے ہیں (جیسے: He upped and left school) ۔

all up with, خاتمے کے قریب ، شکست کھانے کے قریب ۔

up against, (عوامی) نبردآزما (جیسے: up against dilemma) ۔

up against it, (عوامی ، بول چال) مشکل صورت حال میں خصوصاً مالی صورت حال ۔

up on or in, (بول چال) جسے پوری پوری معلومات حاصل ہوں ، جو پوری طرح باخبر ہو ۔

upto, برابر یا اس قابل ۔ (بول چال) منصوبہ بنانے والا ، کرنے والا (جیسے: What's the baby up to now?) ؛ ناگزیر یا کسی کا دستِ نگر (جیسے: The decision is up to us) ۔

up-and-down, a. سلسلہ وار ؛ اوپر اورنیچے کو حرکت کرتی ہوئی ؛ آگے پیچھے ؛ اوپر نیچے ؛ اوپر تلے ؛ اِدھر اُدھر ؛ یہاں وہاں ؛ نشیب و فراز ؛ اتار چڑھاؤ ؛ اونچا نیچا ؛ اُس سطح سے متعلق جو ہموار نہ ہو (جیسے: up-and-down terrain) ؛ قرینِ تغیّر و تبدل (جیسے: an up-and-down existence) ؛ عمودی ۔

Upanishad, n. [سنسکرت] (ہندومت) اپنشد ؛ فلسفیانہ تصنیف جو ویدوں کے تیسرے حصے میں ہے ، جس میں مابعد الطبیعیاتی ،اخلاقی، علم الوجود سے متعلق خیالات و تصورات درج ہیں ۔

upas, n. [ملائی : زہر] اُپاس ؛ جنوب مشرقی ایشیا اور جزائر شرق الہند کا ایک سدا بہار درخت جس سے زہر نکلتا ہے ، جس میں وہاں کے مقامی باشندے اپنے تیر بُجھاتے ہیں ۔ (مجازاً) وہ چیز جو انتہائی نقصان دہ ہو یعنی مہلک یا ضرر رساں ۔

upbeat, n. (موسیقی) موسیقی کے پیمانے میں آخری تال ؛ موسیقی میں مدھم تال ؛ موسیقاروں کے طائفے کے اُستاد کے ہاتھ کی اوپر کی طرف حرکت جو کسی مدھم تال کا اشارہ کرتی ہے ۔

upbeat, a. (بول چال) خوش یا رجائیت پسندانہ ؛ دل بہلانے والا ۔

up-bow, n. (موسیقی) تاروں والے ساز کو بجاتے وقت اُس کے گز کی ضرب جس میں گز کی حرکت اس کے پچھلے حصے کی طرف ہو ۔

upbraid, v.t. نکتہ چینی کرنا یا کسی غلطی یا دل شکن حرکت پر سرزنش کرنا ؛ سختی سے ملامت کرنا ؛ جھڑکنا ؛ کسی کے لیے موجب شرم یا باعث ننگ ہونا ؛ لتاڑنا ؛ پھٹکارنا ؛ ڈانٹنا ؛ آڑے ہاتھوں لینا ؛ خوب بُرا بھلا کہنا ؛ خوب خبر لینا ؛ جھڑکی دینا ؛ لعنت ملامت کرنا ۔

upbraider, n. نکتہ چینی کرنے والا شخص ؛ سرزنش کرنے والا شخص ۔

upbraiding, n. سرزنش؛ ملامت ؛ طعنہ زنی ۔

upbraidingly, adv. ملامت آمیز طریقے سے ؛ سرزنش کرتے ہوئے ؛ طعنہ زنی سے ۔

upbringing, n. تعلیم و تربیت کا عمل ؛ تربیت ؛ پرورش ؛ تعلیم ؛ دیکھ بھال ۔

upbuild, v.t. تعمیر کرنا ؛ وسیع کرنا ؛ مستقل بنیاد پر قائم کرنا ۔

upbuilder, n. تعمیر کرنے والا شخص ؛ مستقل بنیاد پر قائم کرنے والا شخص ۔

upcast, a. اُوپر اُٹھایا ہُوا ؛ اوپرکی طرف پھینکا ہُوا یا مُڑا ہُوا؛ اوپر کو اُبھرا یا اُٹھا ہوا ؛ اوپر کی طرف رُخ والا ۔ (اسم) کان میں نکاس کی چمنی جس میں سے ہوا کان میں گردش کرنے کے بعد باہر نکلتی ہے ؛ کوئی چیز جو اوپر کی طرف اُٹھائی گئی ہو ۔

upchuck, v.i., v.t. (عوامی) قے کرنا ؛ قے ہونا ۔

upcoming, a. عنقریب ہونے یا پیش آنے والا ۔

upcountry, a., n. ساحل سمندر یا سرحد سے بہت دور یا دور رہنے والا ؛ اندرونِ ملک (جیسے: an upcountry village) ۔ (متعلق فعل) ملک کے اندرونی حصّے کی طرف ۔

update, v.t. جدید یا تازہ ترین بنانا ۔

updo, n. اوپر کو سمیٹے ہوئے بال ۔

updraft, n. ہوا یا گیس کی اوپر کی جانب حرکت ۔

upend, v.t. ایک سرے پر سیدھا کھڑا کرنا جیسا کہ ڈرم کو ؛ درہم برہم کرنا ، شکست دینا یا تہ و بالا کر دینا ۔ (فعل لازم)

میں کاشت ہوتی ہیں ۔

upland plover, Bartramian sandpiper, n. (طیوریات) ٹٹیری ؛ سینڈ پائپر ؛ بڑی جسامت کا مرطوب ریتلے مقام پر رہنے والا پرندہ جو زقزاق (plover) سے شکل و شباہت اور عادات میں مشابہ ہے ۔

uplift, v.t. اُونچا کرنا ؛ اوپر اٹھانا ؛ اُٹھانا یا بلند کرنا ، سماجی ، اخلاقی ، تہذیبی طور پر، بلند کرنا (جیسے: to uplift the masses) ؛ جذباتی یا روحانی طور پر بڑھانا ۔ (فعل لازم) اوپر ہونا ۔ (اسم) اوپر اٹھانے یا ترقی دینے کا عمل ؛ بلندی یا عروج ؛ سماجی ، اخلاقی اور تہذیبی طور پر بلند کرنے کا عمل یا کام ؛ ایسی انگیا جو چھاتیوں کو اوپر اٹھاتی ہے ۔ (ارضیات) تغیّر عظیم ۔

uplifter, n. اوپر اٹھانے والا شخص ؛ سماجی ، اخلاقی اور تہذیبی طور پر بلند کرنے والا شخص۔

upmost, a. (برطانوی) سب سے اوپر کا ، بالا ترین ؛ سب سے اونچا ؛ سب سے برتر ؛ بلند ترین ؛ اعلیٰ ترین ۔

upon, prep. اوپر؛ پر ؛ بالا ؛ on کے معنی ہی میں عام طور پر مستعمل ہے، اس کا استعمال مطلوبہ وزن یا حسن صوت حاصل کرنے کے لیے ہوتا ہے ۔ (متعلق فعل) اس صورت میں فعل کے تصوُّر کو وُسعت دینے یا مکمل کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے (جیسے : a page that has been scribbled upon) ۔

upper, a. اوپر کا ؛ اوپرلا ؛ بالاتر ، جیسے بالا تر جگہ ، بالاتر رتبہ یا درجہ ؛ اعلیٰ تر ، جیسے حیثیت میں ،عزت و وقار میں یا درجے میں ؛ اُن مقامات سے متعلق جو سطح سمندر سے زیادہ بلندی یا دوری پر واقع ہوں ۔ (ارضیات) کسی زمانے یا نظام کے بعد کے دور کی ساخت کی نشاندہی کرنے والا ۔ (اسم) اَپر ؛ جوتے یا بوٹ کا اوپر کا حصہ جو تلے کے اوپر جڑا ہوتا ہے اور پنجے اور چار ٹکڑوں پر مشتمل ہوتا ہے ۔ (جمع) کپڑے کے گیٹس ، اوپر کے دانت یا اوپر کے جبڑے کی مصنوعی دانتوں کی پلیٹ ۔ (بول چال) اوپر کی برتھ یا سونے کا تختہ جو نچلے تختے کے اوپر ہو۔

on one's uppers, (بول چال) انتہائی درجے کے افلاس اور خستہ حالت کو پہنچ جانا ۔

upper case, n. (طباعت) بالائی تختہ ؛ جلی حروف ؛ کمپوز کرنے والے کا اوپرلا حروف دان (ٹرے) جس میں بڑے حروف ، حوالہ جات کے نشان اور دوسرے کم استعمال ہونے والے حروف رکھے جاتے ہیں ؛ بڑے حروف ۔

upper-case, a. (طباعت) جلی ؛ بالائی تختے کا ؛ کسی بڑے حرف سے متعلق ؛ شروع کا حرف ؛ بڑے حروف میں شامل یا اُن سے متعلق ۔ (اسم) بڑے حروف ؛ جلی حروف ۔ (فعل متعدی) جلی یا بڑے حروف جوڑنا یا لگانا ۔

upper-class, a. اونچا طبقہ ؛ بالائی طبقہ ؛ طبقۂ خواص ؛ معاشرے کے سب سے اوپر والے طبقے سے متعلق ؛ کسی ہائی اسکول یا کالج کی ادنیٰ (جونیئر) اور اعلیٰ (سینئر) جماعتوں سے متعلق ۔

upperclassman, n. کسی ہائی اسکول یا کالج میں جونیئر یا سینئر ۔

upper crust, n. (بول چال) سماج کا سب سے اعلیٰ طبقہ ۔

uppercut, n. مکّہ بازی میں ٹھوڑی یا جبڑے پر اوپر کی طرف تیز ضرب ۔ (فعل متعدی و لازم) (مکہ بازی) ٹھوڑی یا جبڑے پر اوپر کی طرف ضرب لگانا؛ اوپر کے حصے پر ضرب لگانا ۔

کھڑا ہونا یا سرے پر کھڑا کر دینا ۔

upgrade, n. اوپر چڑھتی ڈھلان یا سڑک ؛ حیثیت ، عہدے اور قدروقیمت میں اضافہ عموماً اس سے پہلے ''on the'' لگاتے ہیں (جیسے : His fortunes are on the upgrade) ۔ (فعل متعدی) کسی کے عہدے یا حیثیت کو بلند کرنا ؛ کسی چیز کی خوبی یا اچھائی کو زیادہ کرنا، جیسے مویشیوں کی چنیدہ نسل کشی سے ۔

upgrade, a. پہاڑ کے اوپر ہونے کی صورت ؛ چڑھائی ؛ فراز ؛ بلندی ؛ بلندی ، چڑھائی کے ساتھ یا اس سے متعلق ۔ (متعلق فعل) چڑھائی کی طرف ۔

upgrowth, n. نشوونما کا عمل ؛ ترقی ؛ وہ چیز جو اُگتی ہے ؛ بڑھنے کا عمل ؛ بڑھوتری ۔

upheaval, n. انقلاب کا عمل ؛ انقلابی حالت ؛ اچانک تبدیلی یا پُر تشدد فسادات ۔ (ارضیات) تَراکُم ؛ اُبھار ؛ قشرارض کے کچھ حصے کا اوپر کو اُٹھ جانا کسی اندرونی پھیلاؤ یا اوپر اٹھانے والی قوت سے ۔

upheave, v.t. اُونچا کرنا ؛ اوپر اٹھنا یا اٹھانا ؛ بلند ہونا یا اوپر کی طرف اُٹھنا ۔ (فعل لازم) اوپر کو اٹھایا جانا ؛ اوپر اٹھنا جیسے دھکے سے ۔

upheaver, n. اوپر کو اٹھانے والا شخص یا قُوت ۔

uphill, adv. بلندی کی طرف جیسے چڑھتی یا اوپر کی جانب ڈھلان پر ؛ رکاوٹوں کے خلاف ۔ (صفت) اوپر کو جاتا ہوا جیسے اوپر کی جانب ڈھلان پر ؛ بلند سطح یا اونچی زمین پر واقع ؛ مشکل ؛ تھکا دینے والا ؛ کٹھن ؛ محنت طلب ؛ دشوار۔ (اسم) بلندی کی طرف مائل ؛ چڑھائی ؛ فراز ۔

uphold, v.t. اُوپر اٹھانا یا اٹھائے رکھنا ؛ اوپر اٹھائے رکھنا یا ڈوبنے سے بچانا ؛ مخالفت کے خلاف حمایت کرنا ؛ سنبھالے رکھنا یا دستگیری کرنا ؛ تھامنا ؛ بحال رکھنا ؛ تائید کرنا؛ سہارنا ۔

upholder, n. مُرید ؛ حامی ؛ اٹھانے والا ؛ قائم رکھنے والا؛ تقویت دینے والا ؛ حمایتی ؛ علمبردار ۔

upholster, v.t. کرسیوں یا صوفوں کو کپڑے ، گدیوں ، بھرتی کی چیزوں اور اسپرنگوں سے بھرنا ؛ کمروں کو آراستہ کرنا فانوسوں ، پردوں ، قالینوں وغیرہ سے ؛ فرش فروش بیچنا ۔

upholsterer, n. کمروں کے لیے سازوسامان جیسے فرنیچر ، پردے ، قالین وغیرہ فروخت کرنے والا ؛ فرش فروش بیچنے والا ۔

upholstery, n. اسبابِ خانہ ؛ فرش فروش ؛ کپڑا ؛ سازوسامان یا سامانِ آرایش جو صوفہ ساز مہیا کرتا ہے جیسے گدیاں ، فرنیچر کے لیے کپڑا ، پردے ، فانوس وغیرہ ؛ صوفہ سازی یا صوفہ فروشی ۔

upkeep, n. نگہداشت یا خبر گیری کا عمل ؛ کسی ادارے یا مشین کو اس کی مطلوبہ حالت میں مرمت وغیرہ کے ساتھ چلانے کا عمل ؛ نگہداشت کے مصارف ۔

upland, n. اونچی زمین ؛ کسی خطّے یا ضلع کی بلند زمین ؛ وہ خطۂ زمین جو مرغزاروں، وادیوں اور دریاؤں سے بلند ہو ۔ (صفت) اونچائی والا ۔

upland cotton, n. چھوٹے ریشے کی کپاس اور دوسری بہت سی اقسام جو اس کی نسل سے ہیں اور جو عموماً ریاستہائے متحدہ امریکا

upper hand, n. بالادستی ؛ برتری ؛ غلبہ ؛ اعلیٰ تر رتبہ ؛ فوقیت (جیسے :He has the upper hand in the group) ۔

uppermost, upmost, a. بالاتر ؛ سب سے اُونچا ؛ سب سے اوپر ؛ رتبے یا مرتبے میں اعلیٰ ترین ؛ قوت اور اختیار میں اعلیٰ ترین ؛ سوچ ، فکر یا زمانے میں سب سے اوّل ۔ (متعلق فعل) سب سے اعلیٰ رتبے یا مرتبے پر یا قوت میں ؛ اولین ۔

uppish, a. (بول چال) مغرور ؛ خُودسر ؛ من مانی کرنے والا ؛ امارت پرست ۔

uppishly, adv. غرور سے ؛ گستاخی سے ۔

uppishness, n. خود سری ؛ گستاخی ۔

uppity, a. (بول چال) خود سر ؛ گستاخ ؛ مغرور ۔

upraise, v.t. اوپر اٹھانا ؛ بلند کرنا ؛ اونچا کرنا ۔

uprear, v.t. کھڑا کرنا ؛ پالنا یا پروان چڑھانا ؛ اٹھانا ؛ تعمیرکرنا یا ایستادہ کرنا ۔ (فعل لازم) اٹھنا ۔

upright, a., adv. عمودی ؛ قائم یا سیدھا ؛ پاؤں پر کھڑا ؛ بے لچک ایمانداری اور اخلاقی راست روی سے متعلق ؛ راستباز ؛ متدین ۔ (اسم) سیدھی کھڑی چیز ؛ عمودی اور بالکل سیدھا کھڑے ہونے کی حالت ؛ سیدھا پن (کسی چیز کا) ۔

uprightly, adv. راست بازی سے ؛ دیانت داری سے ۔

uprightness, n. راست بازی ؛ دیانت داری ؛ ایستادگی ۔

upright piano, n. پیانو جو مستطیل شکل کا بنا ہو اور جس کے تار عمودی شکل میں ترتیب دیے گئے ہوں ۔

uprise, v.i. اُٹھنا جیسے بستر یا نشست سے ؛ افق کے اوپر اُٹھنا ؛ طلوع ہونا ؛ اُوپر کی جانب ڈھلوان ہونا ؛ بغاوت کرنا یا بغاوت میں شامل ہونا ؛ حجم یا شدت میں زیادہ ہونا ؛ وجود میں آنا یا قدر و منزلت پانا ۔ (اسم) اٹھنے کا عمل ؛ طلوع ؛ اوپر کو اٹھتی ہوئی ڈھلوان یا سلوپ ۔

upriser, n. اوپر کو اٹھانے والا شخص یا چیز ؛ طالع ۔

uprising, n. اُوپر کو اُٹھنے کا عمل ؛ شورش یا بلوہ ؛ بغاوت ؛ چڑھائی ؛ بلندی ؛ طلوع ۔

uproar, n. پرشدت ہنگامہ ؛ شوروغوغا ؛ افراتفری ؛ آشوب ؛ ہانک پکار ؛ غل غپاڑہ ؛ مجمع کا شور ؛ ہنگامہ یا شورش کی سی حالت ؛ شور و غل ؛ ہاہاکار ؛ بلّڑ ۔

uproarious, a. شور و غوغا یا ہنگامے والا ؛ شور و غل کرنے والا ؛ درہم برہم یا پریشان ؛ بہت ظریفانہ یا مسخرے پن کا ۔

uproariously, adv. شوروغل کے ساتھ ؛ ظریفانہ یا مسخرے پن سے ۔

uproariousness, n. ہنگامہ خیزی ؛ شورش پسندی ؛ ظریفانہ پن ۔

uproot, v.t. جڑ سے اکھاڑ پھینکنا یا جڑ سے اُکھاڑ ڈالنا ؛ بیخ کنی کرنا ؛ جڑیں کھودنا ؛ استیصال کرنا ؛ زبردستی الگ کر دینا ، جیسے وطن سے یا روایات سے ۔

uprooter, n. جڑ سے اکھاڑنے والا ؛ استیصال کرنے والا ؛ بیخ کنی کرنے والا ؛ جڑیں کھودنے والا ۔

ups and down, n. قسمت کا اتار چڑھاؤ ؛ قسمت کے چکّر ؛ خوش حالی اور بدحالی کے دن ؛ نشیب و فراز ؛ سُکھ دُکھ ؛ اچھے بُرے دن ؛ ہیر پھیر ۔

upset, v.t. الٹ دینا ؛ اوندھانا ؛ تلے اوپر کرنا ؛ (جیسے : to upset a glass of water) ؛ ذہنی ، جسمانی اور جذباتی طور پر پریشان کرنا (جیسے :. the news of accident up set her) ؛ مکمل طور پر پراگندہ و ابتر کر دینا ؛ دیوانہ کر دینا ؛ ناکارہ بنا دینا ؛ اُلٹ پلٹ کر دینا (جیسے : to upset a house) ؛ غیر متوقع طور پر مدمقابل کو چت کر دینا یا شکست دے دینا جیسے کھیلوں ، مقابلے یا انتخابات میں ۔ (میکانیات) گرم شدہ لوہے کے ٹکڑے کے سرے پر ہتھوڑے مار کر اُسے چھوٹا اور موٹا کرنا ، سانچے میں لوہا ڈھال کر مختلف چیزیں بنانا ؛ چھوٹا کرنا جیسے کسی پہیے کے دھاتی ہال کو پہیے پر چڑھانے کے لیے چھوٹا کرنا ۔ (فعل لازم) پریشان ہونا یا الٹ جانا ۔ (اسم) پریشان کرنے والی یا پریشانی کی حالت ؛ بازی پلٹ جانے کا عمل یا شکست خصوصاً اس حریف کی جس کے جیتنے کی امید ہو ؛ ذہنی ، جسمانی یا جذباتی اضطراب کی حالت یا پریشانی ؛ خللِ دماغ یا ابتری ۔ (میکانیات) اوزار یا سانچا جو الٹ پلٹ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ پرزہ ، حصّہ یا ٹکڑا جسے الٹ پلٹ کیا گیا ہو ۔ (صفت) الٹا ہُوا ؛ پریشان یا ابتر ؛ ذہنی ، جسمانی یا جذباتی طور پر مضطرب یا پریشان ۔

upsetter, n. پریشان کرنے والا ؛ الٹ پلٹ کرنے والا ؛ ابتر کرنے والا ۔

upset price, n. کم سے کم قیمت جس پر کسی چیز کو نیلام میں فروخت کرنے کی اجازت ہو ۔

upshot, n. آخری تنقیح ؛ نتیجہ یا اختتام ؛ انت ؛ ثمرہ ؛ انجام ؛ ماحصل ؛ خاتمہ ؛ اخیر ۔

upside, n. کسی چیز کی اوپر والی سطح ، پہلو یا حصہ ۔

upside down, adv. مکمل طور پر درہم برہم ؛ تلے اوپر ۔ (صفت) اوندھا ؛ الٹا ؛ بے ترتیب ۔

upside-down cake, n. ایسا کیک جس کی سطح پر میوہ جات کی پیٹھی اِس طرح ڈالی جاتی ہے کہ جب اسے کھانے کو پیش کیا جاتا ہے تو کیک کی بالائی سطح میوہ جات کی ہوتی ہے ۔

upsilon, a. اپسلون ؛ یونانی حروف تہجی کا بیسواں حرف جس کی آواز انگریزی کے حروف y,u کی ہوتی ہے ۔ v,y

upspring, v.i. یک دم نکل آنا جیسے زمین میں سے ؛ پھوٹ پڑنا ؛ وجود میں آنا ۔

upstage, adv. (تھیٹر) اسٹیج کے پچھلی طرف یا اس کے قریب سامعین و ناظرین کی نگاہوں سے اُوجھل ، اداکار کے پشت کی جانب ۔ (صفت) اسٹیج کے پچھلی طرف کا یا اس سے متعلق ۔ (بول چال) مغرور ، متکبر ؛ الگ یا دوسروں کو حقیر سمجھنے والا ؛ نخوت پسند ؛ حقارت آمیز ۔ (فعل متعدی) سبب بننا ، جیسے کسی اداکار کے سامعین کی توجہ کھو دینے کا سبب بننا ، اسکے سامنے کھڑے ہو کر یا اسے مجبور کرکے کہ وہ سامعین کی طرف پشت کرکے اداکاری کرے ؛ کسی دوسرے اداکار کی جگہ خود منظر پر چھا جانا ۔ (بول چال) کسی کو حقیر سمجھنا یا اس سے متکبرانہ سلوک کرنا ۔

upstairs, a. مکان کی اوپر والی منزل کا یا اُس سے متعلق ۔ (متعلق فعل) اوپر والی منزل میں یا اُس کی طرف ۔ (اسم) (جمع لیکن ترکیب میں واحد) اوپر کی منزل ؛ بالائی منزل ۔

kick upstairs, بظاہر بہتر عہدے پر ترقی دے دینا لیکن در

حقیقت نافرمانبردار یا سرکش ملازم سے گلو خلاصی حاصل کرنے کے لیے ایسا کرنا ۔

upstanding, a. سیدھا کھڑا ؛ سیدھا اور لمبا ؛ اچھے چہرے مہرے اور مضبوط جسم کا ؛ دیانت دار یا عزت دار ۔

upstandingness, n. راست بازی ؛ دیانت داری ۔

upstart, n. نودولتیا ؛ نو دولت ؛ نیا نواب ؛ وہ شخص جو غربت کی حالت سے اچانک دولت، قوت ، مرتبہ حاصل کر لے ۔ (صفت) چھچھورا ؛ نودولتیا ۔ (فعل لازم) اچانک نمودار ہو جانا ؛ اٹھ کھڑا ہونا ۔

upstate, a. کسی ریاست کے شمالی حصے سے یا وہاں کا یا اُس کو ظاہر کرنے والا ، خصوصاً اس علاقے کا جو کسی بڑے شہر کے شمال میں ہو ۔ (اسم) کسی ریاست کا شمالی حصہ خصوصاً نیویارک ریاست کا ۔

upstater, n. کسی ریاست کے شمالی حصے کا رہنے والا شخص یا ریاست نیویارک کے شمالی حصے کا رہنے والا شخص ۔

upstream, adv. کسی نہر یا ندی کے اوپر کے حصے کی طرف یا اسے کے منبع پر ؛ پانی کے بہاؤ کے مخالف ۔ (صفت) اوپر کے رخ والا ۔

upstroke, n. اوپر کے رُخ کی لکیر ، جیسےلکھنے میں قلم یا پنسل سے بنائی جاتی ہے ۔

upsurge, v.i. موجیں مارنا ؛ تلاطم میں ہونا ؛ اُمنڈنا ۔

upsweep, v.t., v.i. اوپر کی جانب موڑنا ؛ برش کرنا یا ترتیب دینا ۔ (اسم) اوپر کی طرف اُٹھتا ہُوا یا خم کھاتا ہُوا جیسے بُل ڈاگ کا نیچے کا جبڑا ؛ بالوں کی وہ بناوٹ جس میں بالوں کو سر کے اوپر والے حصے کی طرف موڑ کر باندھا جاتا ہے ۔

upswept, a. اوپر کی جانب گھوما یا مُڑا ہوا ؛ ان بالوں کے متعلق جنھیں سر کے اوپر والے حصّے کی طرف کنگھی یا برش سے بنایا گیا ہو ۔

upswing, n. اوپر کی جانب جنبش یا جھولنے والی حرکت جیسے گھڑی کے پنڈولم کی ؛ اضافہ یا بیشی ، ترقی یا بہتری (جیسے: an upswing in business) ۔ (فعل لازم) اوپر کی جانب جھولتے ہوئے حرکت کرنا ۔

uptake, n. متوجہ ہونے کا عمل ؛ اُٹھان ؛ ادراک یا زود فہمی (جیسے: quick on the uptake) ؛ پائپ یا راستہ جو نیچے سے اوپر کو جاتا ہو جیسے دھوئیں ، ہوا کی رو یا ایسی ہی کسی چیز کو اوپر لے جانے کے لیے ۔

upthrow, n. اوپر پھینکنے یا پھینکے جانے کا عمل ؛ انقلاب ۔ (ارضیات) رخنے کے ایک پہلو پر چٹان کا اوپر کی طرف انتقال یا حرکت ، نیچے کی طرف حرکت کے برعکس ۔

upthrust, n. اوپر کی جانب دباؤ ۔ (ارضیات) اُبھار ۔

uptilt, v.t. اوپر کی طرف جھکا ہوا ہونا یا جھکانا ۔

up-to-date, a. تازہ ترین ؛ تاحال ؛ تاریخ جاریہ تک ؛ تا تاریخ یا تازہ ترین حقائق کے مشمول کے ساتھ (جیسے: an up-to-date account or record) ؛ تازہ ترین اور جدید ترین معیار ، تصور اور اسلوب کے مطابق ؛ زمانے کے دوش بدوش جیسے اطلاعات ، خیالات ، طریقے یا اسلوب ۔

up-to-dately, adv. تاریخ جاریہ تک کا ؛ مکمل طور پر ۔

up-to-dateness, n. تاریخ جاریہ تک مکمل ہونے کی کیفیت ۔

uptown, adv. کسی شہر یا قصبے کے بالائی حصے کو یا اُس میں ۔ (صفت) شہر یا قصبے کے بالائی حصے کی طرف حرکت کرتا ہوا ، اُس میں واقع یا اُس سے متعلق ۔ (اسم) شہر یا قصبے کا بالائی حصہ ۔

uptrend, n. بہتری یا اوپر کی طرف رجحان خصوصاً اقتصادی معاملات میں ؛ بڑھوتری ۔

upturn, v.t. الٹا دینا ؛ اوندھانا ؛ تلے اوپر کرنا ؛ جوتنا ؛ ہل چلانا ؛ پلٹنا ؛ کھود ڈالنا ؛ نچلی سطح اوپر کر دینا (جیسے: to upturn earth with a plow) ؛ مڑنا یا اوپر کی جانب کرنا ۔ (فعل لازم) اوپر کی جانب مڑنا ۔ (اسم) اضافہ، خصوصاً قیمتوں میں یا اقتصادی حالات میں ۔

upward, adv., a. اوپر کی طرف ؛ اونچے عہدے یا جگہ کی طرف ؛ اونچی رقم ، اونچے درجے یا رتبے کی طرف ؛ اونچے یا اوپر والے حصے سے متعلق (جیسے: upward from the foot) ؛ ذریعہ یا منبع کی طرف ؛ زیادہ ۔

upwards, adv. اوپر کا ؛ اوپر کو یا اوپر کی طرف ۔

upward or upwards of, زائد ؛ زیادہ یا کسی سے زیادہ ۔

upwardly, adv. اوپر کی طرف ۔

upwardness, n. اوپر کی طرف جانے کی حالت ۔

upwind, adv. ہوا کے مخالف یا ہوا کی طرف ؛ ہوا کے مخالف رخ پر ۔ (صفت) ہوا کی طرف والا ۔ (اسم) ہوا سمت چیز ۔

uracil, n. (حیاتی کیمیا) ایک قلمی مختلف حلقی مرکب جو عموماً مرکزائی تیزاب کی آب پاشیدگی (hydrolysis) سے حاصل کیا جاتا ہے اور جو نشونما کی تحقیق میں استعمال ہوتا ہے ۔

uraeus, n. مقدّس ناگ جو قدیم مصر کی مقدس ہستیوں ، دیوتاؤں اور بادشاہوں کے سرپوش پر عموماً پیشانی کے بالکل اوپر بطور اقتدار اعلی کی علامت کے بنا ہوتا تھا ۔

Ural-Altaic, a. یورالی،التائی زبانوں کے اُس بڑے خاندان کے متعلق جو شمال مشرقی یورپ اور تمام شمالی اور مرکزی ایشیا میں بولی جاتی ہیں اور جن میں فنویورائی ، ترکی سمودک ، تنجوگی اور منگولی اور ذیلی زبانیں وغیرہ شامل نہیں ؛ ان لوگوں سے متعلق جو ان زبانوں کو استعمال کرتے ہیں؛ اُس بڑے ایشیائی خطے سے متعلق جو یورال کے پہاڑوں اور التائی پہاڑوں کے درمیان واقع ہے ۔

Uralian, Uralic, a. یورالی ؛ یورال کے پہاڑوں کا یا اُس سے متعلق یا اُس خطے کے لوگوں کے متعلق ؛ زبان کے اُس خاندان سے متعلق جو فنویورالی اور منگولی کے ذیلی خاندانوں سے ہیں ۔ (اسم) یورالی خطہ ؛ یورالی زبانیں ۔

uralite, n. یورالائٹ ؛ سبز عموماً ریشہ دار دو رُخی مرکب ۔

uralitic, a. یورالائٹ سے متعلق ؛ سبز رنگ کا ۔

uranic, a. بہشت یا عالم بالا سے متعلق ؛ سماوی ، بہشتی ۔ (کیمیا) یورینیم کے ان مرکبات کے متعلق جن میں یورینیم کی گرفت زیادہ ہو ۔

uraninite, n. یورانی نائٹ ؛ ایک سیاہی مائل معدن جو پچ بلینڈ سے مشابہ ہے، جس میں یورینیم ، ریڈیم ، سیریم ، تھوریم ، سیسہ

اور دوسرے بہت سے عناصر شامل ہیں ؛ یورینیم اور ریڈیم کا اہم کچدھات ۔

uranium, n. (کیمیا) یورینیم ؛ ایک بھاری تابکار دھاتی عنصر جو یورانی نائٹ ، قیرانی اشیا ، دیگر بہت سی معدنیات میں پایا جاتا ہے جو دیکھنے میں نقرئی ، لچک دار، نرم ، متورق ہوتا ہے ۔

uranium 235, n. یورینیم ۲۳۵ ؛ یورینیم کی ہم جائی شکل جو ایٹم بم اور ری ایکٹر ایندھن میں مسلسل ردعمل سے پھٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہوتا ہے ۔

uranium 238, n. یورینیم ۲۳۸ ؛ یورینیم کا عام قسم کا ہم جا جو پلوٹونیم ۲۳۹ بنانے اور فولاد کو سخت کرنے کے کام آتا ہے ۔

uranography, uranology, n. افلاک نگاری ؛ فلکیات کی وہ شاخ جو آسمانوں کی نقشہ سازی اورکیفیت سے متعلق ہے خصوصاً قرار پذیر ستاروں کے متعلق ۔

uranograph, n. نگارش افلاک ؛ نقشہ افلاک ۔

uranographer, n. افلاک نگار ؛ افلاک کے نقشے بنانے والا شخص ۔

uranographic, uranographical, a. افلاک نگارانہ ؛ تشریح افلاک کے متعلق ۔

uranology, n. (فلکیات) افلاک نگاری ؛ تشریح افلاک ؛ علم ہیئت کا تشریحی یا بیانی حصہ ۔

uranological, a. افلاک نگارانہ ؛ علم تشریح افلاک کا ۔

uranometry, n. (فلکیات) افلاک پیمائی ؛ افلاک کا چارٹ، نقشہ یا فہرست کامل خصوصاً وہ چارٹ یا نقشہ جو دکھائی دینے والے ساکن ستاروں کے محل و مقام دکھاتا ہو ؛ اجرام فلکی کے درمیان فاصلوں کی پیمایش اور محل و مقام کا تعیُن ۔

uranous, a. یورینیمی ؛ یورینیم کے مرکب والا خصوصاً جس میں یورینیم کم گرفت حالت میں ہو ۔

Uranus, n. (فلکیات) یورانس ؛ نظامِ شمسی کا ساتواں بڑا سیارہ جس کا مدار زحل اور نیپچون کے درمیان ہے جس کا فلکی دور ۸۴ برس کا ہے اور اُس کے پانچ طفیلی سیارچے ہیں ۔ (اساطیری) آسمان کی تجسیم ، دنیا کا حکمران ، گئیا (Gaea) کا بیٹا اور خاوند ، ٹائٹانس (Titans) ، سائکلوپس (Cyclops) اور فیوریز (Furies) کا باپ جس نے اپنے بچوں کو ٹارٹرس (Tartarus) میں مقید رکھا اور جسے اُس کے بیٹے کرونس (Cronus) نے گئیا(Gaea) کے اکسانے پر تخت سے اُتار دیا ۔

unranyl, n. (کیمیا) دو عنصری جزو مستقل جو یورینیم کے بہت سے مرکبات میں موجود ہے ۔

urate, n. (کیمیا) یوریٹ ؛ یورک ایسڈ کا نمک ۔

uratic, a. مدر ؛ پیشاپ آور ۔

urban, a. شہر یا قصبے کا یا اُس میں شامل ؛ شہری ؛ شہروں کی خصوصیات والا ؛ ایسی بستی کا جو شہر بنا دی گئی ہو ۔

urbane, a. مہذب ؛ شایستہ ؛ شُستہ ؛ خوش خلق ؛ دنیا داری ، تصنع ، شستگی کا حامل یا خصوصیات والا ؛ خلیق ؛ صاحب مروت (دیہاتی ، گنوار ، اکھڑ ، اُجڈ کے برعکس) ۔

urbanely, adv. مہذب طریقے سے ، شایستگی سے ؛ شُستگی سے ۔

urbaneness, n. شایستہ پن ؛ شایستگی ، شستگی ۔

urba ism, n. شہروں یا شہری علاقوں کی خصوصیات یا طرز زندگی ؛ شہرداری ۔

urbanist, n. شہری طرزِ زندگی کا حامل شخص ۔

urbanistic, a. شہری طرز زندگی کی خصوصیات رکھنے والا ۔

urbanistically, adv. شہریوں کی طرح ؛ شہری طرز زندگی سے ۔

urbanite, n. شہری علاقے کا یا شہری علاقے کا رہنے والا ؛ شہری باشندہ ۔

urbanity, n. شہریوں کی سی خصوصیت جیسے شایستگی یا خوش اخلاقی ۔ (جمع) شایستگی ؛ خوش اخلاقی ؛ انکساری ؛ شہرداری ؛ تمدن ، تہذیب ، مروّت ؛ آدمیت ؛ خُلق ۔

urbanize, v.t. شہر بنانا جیسے خصوصیت میں (جیسے: to urbanize a district or its people) ؛ شہری انداز پیدا کرنا ؛ شہر کاری کرنا ۔

urbanization, n. شہر کاری ؛ شہری رنگ پیدا ہونے کا عمل ۔

urbiculture, n. شہری ثقافت ؛ مسائل اور خصوصیات جو شہروں یا شہری زندگی سے مخصوص ہیں ۔

urceolate, a. مٹکانما ؛ وضع قطع میں گھڑے یا مرتبان جیسا (جیسے کاسۂ گل ،پھول کٹوری)۔

urchin, n. شریر یا بدمعاش لڑکا یا بچہ ؛ بحری خار پشت ؛ دھاگا بنانے والی چرخی ۔ (برطانوی بولی) وہ شخص جس کے ساتھ نبھانا مشکل ہو ؛ خارپُشت ؛ سیہی ۔

urd, black gram, n. [اُردو ، ہندی] اُرَد کی دال جو برصغیر پاک و ہند میں بہت پسند کی جاتی ہے اور کثرت سے کاشت کی جاتی ہے ؛ ماش ۔

urdu, n. اردو زبان ؛ پاکستان کی قومی زبان ؛ ہندآریائی خاندان کی وہ بڑی زبان جو سارے برصغیر میں بولی اور سمجھی جاتی ہے اور اسی لیے اسے لِنگوا فرینکا بھی کہا جاتا ہے ۔

urea, n. (کیمیا) یوریا ؛ بول ؛ بے رنگ حل ہو جانے والا شفاف مادہ جو میمل جانوروں کے پیشاب میں موجود ہوتا ہے ، اسے کیمیائی طور پر بھی ادویات، صنعت اور زراعت میں استعمال کے لیے تیار کیا جاتا ہے ۔

ureal, ureic, a. پیشاب سے متعلق ؛ یوریائی ۔

urea-formaldehyde resin, n. (کیمیا) یوریا فارملڈی ہائیڈرال ؛ بہت سی مصنوعی رالوں میں سے کوئی جس میں یوریا اور فارمل ڈی ہائیڈ ہوتا ہے ، جو ڈھلے ہوئے پلاسٹک کی چیزیں ، لیس دار مادہ اور انیمل بنانے کے کام آتا ہے ۔

urease, urase, n. (حیاتی کیمیا) ایک خامرہ جو پیشاب کی تحلیل کرکے امونیم کاربونیٹ کی تشکیل کرتا ہے اور پیشاب اور خون میں یوریا کی مقدار معلوم کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

uredinium, uredium, n. (نباتیات) فطرات زنگ کے انبار ۔

uredinial, a. فُطرات زنگ کا ۔

uredium, n. دیکھیے : Uredinium ۔

uredo, n. (امراضیات) ایک جلدی بیماری جس میں خارش

ہوتی ہے اور سرخ دانے ، پتی اور ددوڑے نکلتے ہیں ؛ چٹھے ؛ چھپاکی ؛ دانے ؛ ددوڑے ۔

unredospore, n. (نباتیات) یک خلوی بذرہ جو گرمیوں میں فُطرات زنگی بناتا ہے ۔

uredo stage, n. (نباتیات) فُطرات زنگی کی زندگی میں ایسا دور جب اُس میں یک خلوی بذرے نشوونما پاتے ہیں ۔

ureide, n. (کیمیا) یوریا میں سے اخذ کردہ شورینی (nitrogenous) گروہ میں سے کوئی ایک ، جن میں بہت سے خاصیت کے اعتبار سے سکون آور ہوتے ہیں ۔

uremia, uraemia, n. (امراضیات) تسمّم بَولی ؛ خون میں اُن فضلات کے اکٹھے ہو جانے کے نتیجے کی حالت جو عام طور پر پیشاب کے ذریعے خارج ہو جاتے ہیں ۔

uremic, uraemic, a. تسمّمِ بَولی کا مریض ۔

ureter, n. (تشریح الاعضا) نالی جو گردے سے پیشاب کو مثانے میں منتقل کرتی ہے ؛ حالب ۔

ureteral, a. گردے سے پیشاب کو مثانے میں منتقل کرنے والی نالی کا ۔

ureteric, a. پیشاب آور ۔

urethane, ethyl carbamate, urethan, n. (کیمیا) ایک سفید شفاف مادہ جو ادویات اور فطرکش مادہ بنانے کے کام آتا ہے ؛ یوریتھین ۔

urethra, n. (تشریح الاعضا) نیازہ ؛ متنی ؛ ڈنڈی ؛ نائزہ ؛ اکثر میمل میں موجود وہ نالی جس کے ذریعے سے پیشاب مثانے سے خارج ہوتا ہے، اسی نالی سے مادہ منویہ خارج ہوتا ہے ۔

urethral, a. پیشاب خارج کرنے والی نالی کا ۔

urethritis, n. (امراضیات) مثانے سے پیشاب خارج کرنے والی نالی کی سُوجن یا ورم ؛ ورم نائزہ ۔

urethritic, a. اِس مرض کا (مریض) ۔

urethroscope, n. (طِب) نائزہ نما ؛ ایسا آلہ جو مثانے سے پیشاب خارج کرنے والی نالی کو روشن کرکے معائنہ کرتا ہے ۔

urethroscopic, a. نائزہ نمائی کا ؛ پیشاب کی نالی کے معائنہ کے متعلق ۔

urethroscopy, n. نائزہ نمائی ؛ مثانے سے پیشاب خارج کرنے والی نالی کا معائنہ ۔

urge, v.t. دھکیلنا یا آگے کی طرف زور دینا ؛ طاقت یا قوت سے ٹھیلنا ؛ ترغیب دینا کوشش اور تیزی کی ؛ مہمیز کرنا ؛ عجلت کرنا ؛ ٹھیلنا ؛ کسی عمل پر مجبور کرنا ؛ تحریک پیدا کرنا ؛ اشتعال دلانا ؛ اکسانا ؛ کسی کو آمادہ یا راغب کرنے کی جدوجہد کرنا جیسے منت سماجت سے یا پر زور مشورے سے؛ ترغیب یا سفارشوں سے مجبور کرنا ، ماننے کے لیے ، کسی کام کے کرنے کے لیے یا کسی چیزکواستعمال کرنے کے لیے؛ پر زور حمایت کرنا۔(فعل لازم) پورا زور لگا دینا ؛ دلیل یا الزامات پر زور دینا ؛ منت سماجت اور سفارش سے کام لینا ۔ (اسم) غیر ارادی یا بلا قصد ، فطری یا جِبلّی تحریک ؛ اصرار ، تاکید یا جبر کا عمل ؛ خواہش ؛ طلب ؛ بڑک ؛ ولولہ ؛ چاہ ؛ شوق ؛ لگن ؛ تحریک ؛ قُوّتِ محرکہ ۔

urger, n. دھکیلنے ، زور دینے یا عجلت کرنے والا شخص ۔

urgingly, adv. دھکیلنے ، زور دینے یا عجلت کرنے کے طور پر ۔

urgency, n. فوری ضرورت ؛ عجلت ؛ تقاضا ؛ تاکید ؛ نہایت ضروری ہونے کی ہیئت یا حقیقت ؛ قطعیت ؛ اصرار یا ضد ؛ ابرام ؛ فوری حاجت ۔

urgent, a. فوری ؛ تاکیدی ؛ اشد ضروری ؛ بہت یا نہایت ضروری ؛ نہایت شدید ؛ فوری عمل کا طالب ؛ پُر اصرار ؛ لازمی؛مبرَم ۔

urgently, adv. تاکیداً ؛ بالضرور ؛بضد یا نہایت تاکید سے؛ بے حد اصرار سے ؛ بہت شدت سے ۔

uric, a. بولی ؛ پیشاب سے متعلق یا اس سے حاصل کیا گیا (جیسے: uric acid) ۔

uric acid, n. (حیاتی کیمیا) بَولی تیزاب ؛ یورک ایسڈ ؛ ترشۂ بولی ؛ شورے کا حل ہو جانے والا قلمی تیزاب جو پیشاب میں پایا جاتا ہے اور طبعی حالت میں زراعت میں استعمال ہوتا ہے ، زراعت اور صنعت دونوں کے لیے یہ کیمیائی ترکیب اور تلخیص کے ذریعے بھی حاصل کیا جاتا ہے ۔

urinal, n. پیشاب گاہ ؛ موتری ؛ بول دان ؛ پیشاب خانہ ، پیشاب دان جو دیوار کے ساتھ لگایا جاتا ہے ، جسے مرد پیشاب کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں اور جس میں پیشاب کو پانی سے بہانے کا انتظام بھی ہوتا ہے ؛ کمرہ یا ایسی کوئی جگہ جس میں ایک یا زیادہ پیشاب دان لگے ہوئے ہوں ؛ برتن جو پیشاب اکٹھا کرنے کے لیے ہو خصوصاً اُن مریضوں کے لیے جو بستر سے اُٹھ نہ سکتے ہوں ۔

urinalysis, uranalysis, n. امتحان قارورہ ؛ پیشاب کا کیمیائی تجزیہ ۔

urinary, a. بولی ؛ پیشاب کا ؛ پیشاب سا ؛ پیشاب یا اُس سے متعلق یا اُن اعضاء سے متعلق جو پیشاب کا اخراج کرتے ہیں ۔ (اسم) حوض جس میں حیوانی پیشاب جمع کیا جاتا ہے اور جسے بطور زرخیز گر استعمال کیا جاتا ہے ؛ پیشاب خانہ ؛ پیشاب کا ہودا ۔

urinary bladder, n. مثانہ ؛ پھولنے والا ؛ جِھلی دار عضو یا تھیلی جس میں پیشاب آتا یا جمع ہوتا اور خارج ہوتا ہے ۔

urinate, v.i. پیشاب کرنا ؛ مُوتنا ؛ موت کا نکلنا ۔

urination, n. پیشاب کرنے کا عمل ۔

urine, n. پیشاب ؛ بول ؛ مُوت ؛ گردوں کی رطوبت جو دُودھ پلانے والے اکثر جانوروں میں گُردے کی نالی کے ذریعے مثانے میں جاتی ہے اور پیشاب والی نالی کے ذریعے خارج ہوتی ہے ۔

urinous, a. پیشاب کا ؛ پیشاب سا ؛ پیشاب یا اُس سے ملتی جلتی یا اُس کی خصوصیات کا جیسے رنگ اور بو ۔

uriniferous tubule, n. (حیاتیات) فقاری جانوروں میں گردے کی چھوٹی سی نالی جو پیشاب لے جاتی ہے ۔

urn, n. پُھول دان ؛ اُرن ؛ پیندے والا مختلف شکلوں کا مرتبان یا ظرف جس میں مُردوں کے پھول (ہڈیاں اور خاکستر) رکھے جاتے ہیں ؛ مختلف حجموں میں ملنے والا ایک ٹونٹی والا مُنھ بند ظرف جو شراب سازی اور گرم مشروبات کی تواضع کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ صراحی ؛ جھجھر ۔ (نباتیات) سانپ کی چھتری ؛ نم گیاہ ڈوڈے کا بذرہ دان ۔

urochord, n. (حیوانیات) غضروف ؛ حبل ظہر ؛ غلاف دار اجسام کی حبل ظہر جو اکثر لاروں میں ملتی ہے اور دم والے حصے تک محدود ہوتی ہے ۔

urochordal, a. غضروفی ساخت کا ؛ حبل ظہر والا ۔

urochrome, n. (حیاتی کیمیا) پیلا رنگ جو پیشاب کو رنگ دار کرتا ہے ؛ بَولی لون ۔

unrodele, a. جل تھلیا نسل کا جن کی تمام عمر دم برقرار رہتی ہے جیسے سلامندر یا آبی چھپکلی ۔ (اسم) جل تھلیا جانور ۔

urogenital, urinogenital, a. بَولی یا آلات تناسل کا یا اُس سے متعلق ؛ آلات تناسُل کے عِلم کا ؛تناسلِ بولی کا ۔

urolith, n. (امراضیات) سنگ مثانہ ؛ مثانے کی پتھری ۔

urolithic, a. جس کے مثانے میں پتھری ہو ؛ پتھری دار ۔

urology, n. عِلم البول ؛ طب کا وہ شعبہ جو پیشاب کی نالیوں کی تشخیص یا اس کی ناقص کارکردگی یا مرض کے مطالعے کے لیے مخصوص ہے ۔

urologic, urological, a. علم البولی ؛ پیشاب کی نالیوں کی تشخیص، ناقص کارکردگی یا مرض کے متعلق ۔

urologist, n. ماہر علم اُلبول ؛ مذکورہ بالا مرض کا طبیب یا ڈاکٹر ۔

uropod, n. (حیوانیات) دنبالہ پا ؛ بعض قشری (خول دار) جانوروں کے پیٹ پر ایک پیرنما پچھلے حصے کا دنبالہ جیسے کیکڑے کا ۔

uropodal, uropodous, a. دنبالہ پائی کا ۔

uropygial, a. (طیوریات) دُنبالی ؛ پرندے کے آخری حصّے پر ابھار (جس میں سے اُس کی دُم کے پر نکلتے ہیں) کا یا اُس سے متعلق ۔

uropygial gland, n. (طیوریات) غدود روغن ؛ پرندے کی دُم کی جڑ میں ایک غدود جس سے ایسا تیل نکلتا ہے جس سے پرندہ اپنے پروں میں کریال کرتا ، سنوارتا اور اُنھیں آب روک بناتا ہے ۔ نیز : oil gland –

uropygium, n. (طیوریات) پرندے کے جسم کا پچھلی طرف کو باہر کو نکلا ہُوا وہ حصہ جس میں سے اس کی دُم کے پر نکلتے ہیں ۔

Ursa Major, Charles's Wain, the Plow, n. (فلکیات) دبِّ اکبر ؛ آسمان کی شمالی جانب پر سب سے نمایاں مجموعۂ نجوم جو سات چمک دار ستاروں پر مشتمل ہے، جس سے دب اکبر بنتا ہے ؛ پلنگ پیڑھی ؛ خرس اکبر ۔

Ursa Minor, n. (فلکیات) دُبّ اصغر ؛ آسمان پر شمالی جانب مجموعۂ نجوم جو اُن ستاروں پر مشتمل ہے جو دب اصغر بناتے ہیں جن میں آخری ستارہ قطبی ستارہ ہوتا ہے ؛ خرسِ اصغر ۔

ursiform, a. خرس شکل ؛ ریچھ شکل ؛ جس کی شکل ریچھ کی سی ہو ؛ ریچھ کی شکل والا ۔

ursine, a. ریچھ کا ؛ ریچھ کی طرح ؛ خُرسی ؛ خُرس نُما ؛ ریچھ یا ریچھوں سے مشابہ یا اُن سے متعلق ؛ ریچھ جیسا ۔ (حشریات) سخت بالوں والا یا اُن سے ڈھکا ہُوا جیسے بعض جھانجھے ۔

Ursprache, n. مادری پدری زبان ؛ بنیادی یا ابتدائی زبان ، وہ زبان جسے ماہرین لسانیات نے ہند یورپی زبانوں کے تقابلی مطالعے کی مدد سے فرضی سطح پر تشکیل کیا ہے ۔

urticant, a., n. (امراضیات) کھجلی یا خارش پیدا کرنے والی یا ڈنک مارنے کی کیفیت والی ؛ خارش زا ۔

urticaria, n. (امراضیات) چھپاکی ؛ ددوڑا ؛ پتّی ؛ جلد کی ایک بیماری جس میں الرجی کی وجہ سے جلد پر کھجلی پیدا کرنے والے عارضی ابھار یا پھنسیاں نکل آتی ہیں ؛ بچھوا چٹھے ؛ جلد میں پھنسیاں یا ورم ۔

urticarial, a. چھپاکی دار ؛ ددوڑے دار ۔

urticate, v.t. بچھوا پودے سے یا اُس کی طرح ڈنک مارنا ؛ بچھوا پودے سے زدو کوب کرنا ۔ (فعل لازم) ڈنک کھانا ۔

urtication, n. (طب) قدیم علاج جس میں کسی مفلوج عضو یا حصّے کو بچھوے سے زدوکوب کیا جاتا تھا تاکہ اُس میں حِس پیدا ہو ؛ چھپاکی ؛ خارش کے چٹّے ، ددوڑے ۔

urus, aurocks, n. ایک قسم کا جنگلی سانڈ جواب ناپید ہو چکا ہے اور جو جولیس سیزر کے زمانے میں یورپ میں عام تھا ۔

urushiol, n. سماقیہ ؛ ایک زہریلا سیّال جس میں ہیجان پیدا کرنے والا عنصر ہوتا ہے جو جنس سماق (Rhus) کی مختلف جنس کے پودوں میں پایا جاتا ہے جیسے زہریلا عشق پیچاں یا زہریلی سماق ۔

us, pron. ہمیں ؛ ہم کو ؛ ''ہم'' کی مفعولی حالت ۔

usable,(Brit.) useable, a. قابل صرف ؛ قابل استعمال ؛ قابِل افادہ ؛ استعمال کے لیے آسان یا مناسب حالت میں ۔

usableness, useableness, n. افادیت ۔

usably, useably, adv. قابل استعمال طور پر ۔

usability, useability, n. افادیت ؛ استعمال ہونے کی صلاحیت ۔

usage, n. استعمال ؛ چلن ؛ رواج ؛ عادتاً یا رواجاً استعمال یا دستور یا معمول ؛ رِیت ؛ کسی زبان کی آوازوں، الفاظ یا محاورات کا دستور کے مطابق یا مُسلّمہ استعمال ؛ زبان کے ایسے استعمال کی مخصوص مثال ؛ کسی آدمی یا چیز کے استعمال کا طریقہ؛ سلوک ؛ استعمال کرنے کا عمل ۔

usance, n. (تجارت) ایام مقررہ ؛ مدت ؛ میعاد ؛ میعاد معینہ ؛ بیرونی ممالک کی ہنڈیوں کی ادائیگی کے لیے رواج یا دستور کے مطابق وقت کی مدت ۔ (معاشیات) دولت کی ملکیت سے حاصل شدہ منافع ۔ (متروک) ملازمت ؛ استعمال ؛ سُود ؛ رسم ، قاعدہ یا طریقہ ۔

use, v.t. کسی کام کے لیے استعمال کرنا ؛ کام میں لگانا ؛ کام میں لانا ؛ استعمال میں لانا (جیسے: to use a knife) ؛ فائدہ اٹھانا (موقع وغیرہ سے) ؛ ملازم رکھنا ؛ معمول یا دستور بنا لینا (جیسے: to use common sense) ؛ کسی چیز کا استعمال میں صرف کر دینا یا خرچ کرنا ، جس کے بعد عموماً up استعمال ہوتا ہے ؛ کسی سے پیش آنا ؛ برتاؤ کرنا ، پیش آنا ؛ سلوک کرنا ؛ عادتاً اور معمولاً کرنا ؛ عادی کرنا ؛ معمول بنا لینا ؛ عادی یا خوگر بننا (اب صرف ماضی معطوفہ میں استعمال ہوتا ہے ،جیسے: to be used to hardships) ؛ کسی چیز کو برت ڈالنا ، کھا پی جانا ؛ کھانا یا پینا جیسے ادویات کا ، باقاعدگی سے یا عادتاً ۔ (فعل لازم) عادی ہونا ، خوگر یا معمولاً عادی ہونا (اب صرف ماضی مطلق میں مصدر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے، جیسے: He used to go every day) ۔

use, n. استعمال ؛ مصرف ؛ خدمت ؛ کام ؛ شغل ؛ چلن ؛ دستور ؛ رواج ؛ مشق ؛ پیشہ ؛ استعمال ہونے کی حالت ؛ کسی چیز کے

audience to their seats) ؛ متعارف کرانا یا آغاز کرنا ، بطور پیش رو نقیب کے (اِس کے بعد عموماً in or forth استعمال ہوتا ہے ، جیسے: He ushered in the new fishing season) ۔

usual, a. عموماً ؛ حسب دستور ؛ مروجّہ ؛ رائج ؛ جاری ؛ رواجی ؛ عام ۔

usually, adv. بالعموم ؛ عام طور پر ؛ رواجاً ؛ معمولاً ؛ عموماً ؛ عادتاً ؛ اکثر ؛ بیشتر ؛ حسبِ معمول ۔

usualness, n. حسبِ معمول ہونے کی حالت ؛ عمومیت ؛ رواج ۔

usufruct, n. (قانون) واصلات :کسی دوسرے کی چیز کے استعمال سے تمام فوائد سے متمتع ہونے کا مناسب و موزوں حق ، جس سے چیز کی اصلیت کو نقصان نہ پہنچے یا وہ برباد نہ ہو ۔

usufructuary, n. (قانون) حق استفادہ رکھنے والا شخص ؛ واصلاتی ۔ (صفت) حقِ استفادہ سے متعلق یا حق استفادہ کی ماہیت کا ۔

usurer, n. وہ شخص جو بہت زیادہ یا غیر قانونی شرح سود پر روپیہ دیتا ہو ؛ سود خور؛ بیاج خور ۔

usurious, a. سودی کاروبار کرنے والا ؛ جو روپے پر بہت زیادہ یا غیر قانونی شرحِ سود وصول کرتا ہو ؛ سود خوری سے متعلق یا اُس ماہیت کا ۔

usuriously, adv. سود خوروں کی طرح ؛ بہت بھاری سود پر ۔

usuriousness, n. بیاج خوری ؛ سود خوری ۔

usurp, v.t. غصب کرنا ؛ دبا بیٹھنا ؛ قبضہ کرنا یا قابو میں کر لینا جیسے کسی عہدے یا حقوق کو جبراً یا بغیرقانونی حق کے ؛ قبضہ کر لینا یا حق مارلینا ، غیر قانونی طور پر یا ناجائز طور پر ۔ (فعل لازم) غیر قانونی قرقی یا قبضے کا اقدام کرنا ؛ تجاوز کرنا ؛ ہضم کر جانا ۔

usurpation, n. غصب ؛ زبردستی ؛ تعدی ؛ دست درازی ۔

usurper, n. غصب کرنے والا ؛ غاصب ۔

usury, n. روپے کے ادھار پر مروجہ یا قانونی شرح سے زیادہ سود ؛ استحصال کرنے والا سود ؛ بہت زیادہ یا غیر قانونی شرحِ سود وصول کرنے کا کاروبار ؛ سودخوری ؛ بیاج خوری ۔

ut, n. (موسیقی) guido d'Arezzo کے طرز پر ترتیب دیتے ہوئے سرگم کا پہلا سُر 'c' جسے اب 'do' نے منسوخ کر دیا ہے ۔

utensil, n. ظرف ؛ باسن ؛ بھانڈا ؛ گھر کے استعمال کا ظرف ، آلہ یا برتن وغیرہ (جیسے: Kitchen utensils) ؛ کوئی آلہ یا اوزار جو کسی خاص مقصد کے لیے تیارکیا گیا ہو جیسے کان کنی یا کاشت کاری کے لیے ۔

utarine, a. رحم یا بچہ دانی سے متعلق ؛ ایک ہی ماں کے پیٹ سے پیدا شدہ ، لیکن جن کے باپ مختلف ہوں ، جیسے سوتیلے ؛ اخیافی ۔

uterus, n. (تشریح الاعضا) دُودھ پلانے والی مادہ میں ایک عضو جو بیضہ کے لیے محافظ جگہ کا کام دیتا ہے جب کہ وہ جنین یا پوری طرح نشونما پایا ہوا جنین (fetus) بنتا ہے؛ یونی؛ دھرن ؛ بچہ دان ؛ رحم ؛ حیوانوں میں اسی سے مشابہ عضو ۔

utilitarian, a. افادیت پسند ؛ افادی ؛ افادیت

استعمال کی مثال یا طریقہ (جیسے: A poor use of good material) ؛ مدعایا مقصد جس کے لیے کوئی چیز استعمال کی جاتی ہے ، مقصد ؛ فرض منصبی ؛ کسی چیز کے استعمال کا اختیار یا حق یا استحقاق (جیسے to have the use of a car) ؛ استعمال ہونے یا کرنے کا فائدہ ؛ مسلسل یا عادتاً یا رواجاً استعمال ۔ (قانون) کسی جائیداد سے استفادہ اس کے استعمال ، قبضے یا منافع کے ذریعے ؛ جائیداد کا فائدہ یا منافع ، جیسے زمینوں اور جائیداد کا ، جو کسی اور کے قبضے میں ہوں ، جو اُنھیں اپنے پاس مالکان کے فائدے کے لیے رکھے ہوئے ہو ؛ ٹرسٹ یا قانونی انتظام جس کے ذریعے سے یہ فوائد حاصل ہوتے ہیں ۔ (عیسائی مذہب) مخصوص قسم کی رسوم یا آداب عبادت جو کسی خاص کلیسا ، بشپ کے حلقے یا فرقے میں مستعمل ہوں (جیسے: Roman use) ۔

have no use for, (بول چال) بیکار یا ناقابل برداشت ۔

make use of, کام میں لگانا ، کسی کو اپنے مقصد یا فائدے کے لیے استعمال کرنا؛ استعمال میں لانا یا فائدہ اٹھانا ۔

of no use, نکمّا ؛ کسی خدمت ، فائدے یا مدد کے لیے بیکار ؛ بے فائدہ ۔

used, a. مستعمل ؛ استعمال شدہ ؛ کسی کام کی تکمیل یا کسی مقصد کو پورا کرنے کے لیے مستعمل ؛ جس کا استعمال ہو چکا ہو ؛ پُرانا ۔

useful, a. استعمال یا کام کے لیے قیمتی ؛ کسی مقصد کے لیے مناسب یا اپنایا گیا ؛ فائدہ مند یا کارآمد ؛ سودمند ؛ مفید ؛ کام کا ؛ افادیت پسند ؛ افادی ۔

usefully, adv. مفید طریقے سے ؛ کارآمد طور پر ۔

usefulness, n. سود مندی ؛ فائدہ مندی ؛ افادیت ۔

useless, a. بے فائدہ ؛ بے سود ؛ جو کسی مقصد کو حل نہ کرتا ہو یا کسی مقصد کا نہ ہو ؛ جس میں کوئی کارآمد خصوصیات نہ ہوں ، جو کسی عملی فائدے کا نہ ہو ؛ غیر موثر یا بے کار؛ بے نتیجہ ؛ عبث ؛ لاحاصل ؛ اکارت ؛ نکما ؛ بے مصرف ؛ ناکارہ ؛ رائیگاں ۔

uselessly, adv. بے فائدہ طور پر ؛ غیر مفید طور پر ؛ بے وجہ ؛ ناحق ۔

uselessness, n. نکما پن ؛ لاحاصلی ۔

user, n. استعمال کُنندہ ؛ صارف ؛ استعمال کرنے والا شخص ۔ (قانون) جائیداد کا استعمال یا اُس کے استعمال کا حق ۔

use up, v.t. کھا جانا ؛ کھا پی کر بالکل ختم کر دینا ؛ سب کا سب استعمال کرلینا ؛ قوت یا طاقت کا ختم ہو جانا جیسے کام کی زیادتی یا دباؤ سے ۔

usher, n. حاجب ؛ وہ شخص جو لوگوں کو اُن کی نشستوں تک اُن کی رہنمائی کرے جیسے تھیٹر ، ہال یا گرجے میں ؛ کوئی افسر یا ملازم جو کسی عدالت ، ہال یا ایوان کے داخلے کے دروازے کی دیکھ بھال کرتا ہے ؛ کوئی افسر جس کا فرض منصبی کسی بڑے عہدے کی شخصیت سے اجنبیوں کا تعارف کر انا ہوتا ہے یا اُس کے نقیب کے طور پر چلنا ہوتا ہے ؛ وہ مرد جو شادی کی تقریب میں دولھا کے ساتھ ہوتا ہے ؛ شہ بالا ۔ (قدیم) (برطانوی) نائب استاد ؛ کسی اسکول کے ماسٹر کا نائب ۔ (فعل متعدی) نشستوں تک رہنمائی کرنے والے کے طور پر کام کرنا ؛ سفر میں ہمرکاب ہونا (جیسے: to usher members of an

کو معیار مانتے والا۔خاص طور پر حسن اور عیش و عشرت کے مقابلے میں ؛ افادیت پسندی کا قائل۔

utilitarianism, n. افادیت پسندی ۔ (فلسفہ) اخلاقی نظریہ کہ صحیح طرزعمل کا تعیّن فائدہ مند نتائج سے ہوتا ہے خصوصاً جب اُس کا میلان زیادہ سے زیادہ لوگوں کے لیے زیادہ سے زیادہ بھلائی ہو۔

utility, n. افادیت ؛ افادہ ؛ فائدہ ؛ منفعت ؛ فائدہ مند ہونے کی حالت یا ماہیت ؛ فائدہ مندی ؛ استعمال کی کوئی چیز ؛ کوئی چیز جو فائدہ مند خدمت سر انجام دیتی ہو خصوصاً عوام الناس کو جیسے ٹیلی فون یا بجلی کا نظام ۔ (معاشیات) کسی شے یا خدمت کی بنی نوع انسان کے لطف و آرام کو زیادہ کرنے کی استعداد ؛ زیادہ سے زیادہ تعداد کی بھلائی و بہتری کا اُصول ۔ (جمع) کسی یوٹیلٹی کمپنی کے حصص کا اجرا ؛ افادیات ۔ (صفت) جو محدود کی بجائے عام استعمال کے لیے ہو ؛ جیسے خوبصورتی کے لیے نہیں بلکہ کارکردگی کے لیے ترتیب دیا گیا ہو۔ (بیس بال) جس کھلاڑی میں کئی پوزیشنوں پر کھیلنے کی صلاحیت ہو (جیسے: utility outfielder) ۔

utilize, v.t. کام میں لانا ؛ فائدہ اٹھانا ؛ استفادہ کرنا ؛ مفید مطلب بنانا ؛ ایسے استعمال میں لانا کہ اس سے کوئی فائدہ حاصل ہو۔

utilizable, a. قابلِ استعمال ؛ کام کا ؛ جو کام میں لایا جا سکے ؛ قابل استفادہ ۔

utilization, n. استفادہ کاری ؛ استعمال ۔

utilizer, n. استعمال یا کام میں لانے والا شخص ؛ مستفید۔

utmost, uttermost, a. حتی الامکان ؛ حتی المقدور ؛ مقدور بھر؛ حدِغایت ؛ بعید ترین ؛ بہت زیادہ تعداد یا مقدار کا انتہائی درجے میں (جیسے: A message of the utmost significance) ؛ بہت دور یا بعید ترین نقطے پر (جیسے: The utmost mountain peak in the range) ۔ (اسم) انتہائی حد یا آخری انتہائی مقام (جیسے: the utmost in fashion) ؛ کسی کی انتہائی طاقت یا جدوجہد (جیسے: to try your utmost)۔

Utopia, n. یوٹوپیا ؛ خیالی جنت ؛ مثالی معاشرت ؛ مثالی دنیا ؛ سرطامِس مُور کی کتاب یوٹوپیا جس میں ایک فرضی جزیرے کا ذکر ہے جس میں ایک مکمل مثالی تمدنی و سیاسی نظام رائج تھا ۔ (چھوٹے u سے) ایک مثالی بے نقص صورت حال یا جگہ ؛ معاشرے کی بہتری کے لیے ایک تصوری یا ناممکن العمل منصوبہ۔

Utopian, a. یوٹوپیا کا یا اُس سے متعلق ۔ (چھوٹے u سے) غیر واقعی ؛ آدرش وادی ؛ مثالی ؛ خیالی ؛ تخیّلی ؛ محض خیالی ؛ جس کی بنیاد تصوری یا مثالی کاملیت ہو ۔ (اسم) یوٹوپیا کا رہنے والا شخص ۔ (چھوٹے u سے) پُر جوش لیکن غیر عملی ؛ خیال پرست ؛ غیرعملی ؛ مثال پرست ؛ خیال پرست ۔

utopianism, utopism, n. خیال پرستی ؛ غیر عملی پن ؛ مُصلحانہ جوش ۔

utopist, n. خیال پرست شخص ۔

utopistic, a. تصور پرستانہ ؛ مثالی ۔

utopian socialism, n. یوٹوپین سوشلزم ؛ ایک اقتصادی نظریہ کہ اگر پیداواری ذرائع کی نجی ملکیت سے رضاکارانہ طور پر دستبرداری اختیار کرلی جائے تو اس سے ساری خلقت کا بھلا ہو گا ۔

utricle, n. (نباتیات) خلیہ ؛ چھوٹی سی تھیلی ؛ ایک چھوٹی تھیلی یا تھیلا نما شے جیسے سمندری کائی کا ہوائی خلیہ ؛ ایک پتلی مثانہ نما بیج دانی یا پھل ۔ (تشریح الاعضا) کان کی جھلی کی بھول بھلّیوں میں دو تھیلیوں میں سے بڑی تھیلی ۔

utricular, utriculate, a. حلوی ؛ کان کی تھیلی یا اُس کی ماہیت سے متعلق ؛ تھیلی نما ، جس میں تھیلی یا تھیلیاں ہوں ۔

utriculus, n. دیکھیے : Utricle ۔

utter, a. مکمل ، کُلی یا انتہائی (جیسے: utter refusal)؛ قطعاً ، مطلقاً (جیسے : utter nonsense) ؛ سراسر ؛ نرا ؛ قطعی۔

utter, v.t. آواز نکالنا ؛ زبان یا منھ سے نکالنا ؛ ادا کرنا ۔ (قانون) چلانا جیسے نوٹ ، سکّے وغیرہ چلانا خصوصاً جعلی روپیہ ۔

utterable, a. قابل ادا ؛ کہا جا سکنے والا ؛ قابلِ اظہار۔

utterer, n. آواز نکالنے ، زبان سے نکالنے والا شخص ۔

utterance, n. بولنے کا فعل ؛ آواز سے ادائیگی ؛ لہجہ ؛ تلفظ ؛ بول ؛ بولنے یا ادا کرنے کا انداز یا قوت ؛ ارشادات ؛ فرمودات ؛ نگارشات ۔ (لسانیات) بامعنی جملہ جس میں تطابق زمانی ہو ؛ افعال کی ،ایک جملے میں بہ لحاظ زمانہ' ایک دوسرے سے مطابقت ۔

uttermost, a., n. بعید ترین ؛ بہت دُور کا ؛ حتی الامکان ؛ حتی المقدور ؛ بساط بھر ؛ غایت درجہ ؛ انتہائی ؛ آخری ۔

unvarovite, n. ہرے رنگ کے زمرد کی ایک قسم ، جس میں کرومیم ہوتا ہے ، جس کی بنا پر یہ رنگ پیدا ہوتا ہے ۔

uvea, n. (تشریح الاعضا) آنکھ کی درمیانی تہ جو ہَدبی پھٹّے ، مَشیمیہ اور قزحیہ پر مشتمل ہے ۔

uveal, uveous, a. آنکھ کی درمیانی تہ والا ۔

uveitis, n. (امراضیات) آنکھ کی درمیانی تہ کی سوجن یا ورم ۔

uvula, n. (تشریح الاعضا) لہات ؛ حلق کا کوّا ؛ اسی قسم کی کوئی اور بناوٹ خصوصاً مثانے کی گردن پر ؛ لہات مثانہ ۔

uvular, a. لہاتی ؛ حلق کے کوّے سے متعلق ۔ (صوتیات) آواز جو زبان کے پچھلے حصّے سے ، زبان کو حلق کے قریب لے جا کر، نکالی گئی ہو۔

uvularly, adv. لہاتی طور پر ؛ حلق کے کوّے سے متعلقہ طور پر۔

uxorial, a. بیوی کی خصوصیات یا اُس سے متعلق ۔

uxoricide, n. زن کُشی ؛ بیوی کا اُس کے خاوند کے ہاتھ سے قتل۔ خاوند جس نے بیوی کا قتل کیا ہو ؛ زن کُش ۔

uxorious, a زن مرید ؛ جو اپنی بیوی کو بہت زیادہ چاہتا ہو ؛ زن پرست ؛ بیوی کا بندہ ۔